ماہنامہ

قلندر شعور

فروری ۲۰۱۷ء

سُکون زندگی کی سب سے بڑی نعمت ہے
اور رُوح کے عرفان کے بغیر سُکون نہیں مِلتا

من تو شدم، تو من شدی
من تن شدم تو جان شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں
من دیگرم، تو دیگری



میں تُو ہو جاؤں تُو میں ہو جا
میں تیرا جسم بن جاؤں تُو میری جان بن جا
تاکہ کوئی یہ نہ کہہ سکے ـــــ
میں اور ہوں ـــــ تُو اور ہے

جلد 5 شمارہ 1 | فروری 2017ء | جمادی الاولیٰ ـــ جمادی الاخریٰ 1438ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ قلندر شعور کراچی

Neutral Thinking

(اردو ـــ انگریزی)

سرپرست اعلیٰ

حضور قلندر بابا اولیاء رحمتہ اللہ علیہ

چیف ایڈیٹر

خواجہ شمس الدین عظیمی

ایڈیٹر

حکیم سلام عارف

سرکولیشن منیجر

محمد ایاز

بااہتمام عظیمی یونیورسٹی پریس ـــ پبلشر شاہ عالم عظیمی نے ابن حسن آفسیٹ پرنٹنگ پریس،
ہاکی اسٹیڈیم، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا۔

فی شمارہ 60روپے...... سالانہ ہدیہ 820روپے رجسٹرڈ ڈاک کے ساتھ ، بیرونِ پاکستان 60امریکی ڈالر سالانہ

خط و کتابت کا پتا:

B-54، عظیمی محلّہ، سیکٹر C-4 سرجانی ٹاؤن کراچی، پاکستان۔ فون نمبر: 6912020 (0)213 92+

۳۶ مضامین کا گُل دان

حمد باری تعالیٰ ________ شیخ المشائخ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ 10
نعتِ رسول مقبول ﷺ ________ شاعر لکھنوی (محمد حسن پاشا) 11
رباعیات ________ ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ 12
آج کی بات ________ مدیر مسئول 14
فقیر کی ڈاک ________ ادارہ 20
نامے میرے نام ________ خانوادہ سلسلہ عظیمیہ 23
تحقیقی مقالہ کی تلخیص | عالمِ رنگ و بو میں روشنی کا کردار ________ ڈاکٹر ثمینہ عامر (Ph.D.) 27
مراقبہ اور ماورائی لہر ________ ادارہ 33
بجلی کے پردادا ________ اظہر حسین 41
ریکارڈ ___ آواز ___ مظاہرہ ________ عاصم بیگ (B.SE - Software Eng.) 45
یاں ورنہ جو حجاب ہے، پردہ ہے ساز کا ________ عبدالعزیز 51
پانی آگ ہے ___ آگ پانی ہے ________ محمد علی ضیا (M.A-Economics) 57
روحانی سائنس ________ حامد ابراہیم 61
بے لباس ___ لباس ________ سید اسد علی (MBA) 67
راز کی بات ________ ڈاکٹر سعیدہ شفیق میمن 75
بلیک اینڈ وائٹ دنیا | قوسِ قزح کے رنگ ________ ڈاکٹر نعیم ظفر (Ph.D.) 79
سیکنڈ اور منٹ ___ وقت ؟ ________ افتخار احمد 83

حضرت عزیر علیہ السلام ______ ماخوذ 89
مرشد کی باتیں ______ (M.A-Mass Comm.) عائشہ خان 95
رگِ جاں سے قریب ______ شبانہ بانو 101
باولی کھچڑی ______ قارئین 105
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی ______ انڈونیشیا کی لوک کہانی 109
آدھا شعور آدھا لاشعور ______ گلستان احمد 113
نومبر 2016ء کے سرورق کی تشریح ______ قارئین 118
قدرتی کیپسول ______ کوکب شاہ عالم 121
پرتیاہار ______ (M.Sc-Applied Physics) محمد عدنان خان 123
اللہ میاں کے باغ کے پھول ______ سونے کے سکّے ______ (M.A-Mass Comm.) سارہ خان 129
اللہ میاں کے باغ کے پھول ______ چڑیا کی نصیحت ______ رافع احمد 133
آپ کے خواب اور ان کی تعبیر ______ خواجہ شمس الدین عظیمی 135
Tiny Creations ______ Qudsia Lone (Canada) 145
The Autobiography of the Devil (Iblees) ______ Nasser Abbas (UK) 150
The Death and Birth of Oceans ______ Dr. Naeem Zafar (UAE) 155
Prophet Shuaib (PBUH) ______ Extracted 159
Child at Heart ______ Sohaib Rana (UK) 163
Every Heart is a Mirror ______ Muhammad Zeeshan 168
Message of the Day ______ K. S. Azeemi 172

حمد باری تعالیٰ

تو ہی خالق، تو ہی رازق، تو ہی رب
دوسرا تجھ بن ہے میرا کوئی کب

الغرض ہر کام کا میرے کفیل
ظاہر و باطن تو ہی ہے بے دلیل

لیک صد حسرت باایں لطف و عطا
میں کروں ہر دم تری جرم و خطا

پر کروں کیا آہ تیرے حِلم و خیر
کرتے ہیں مجھ کو گناہوں پر دلیر

ہے یقیں گر عمر بھر عصیاں ہو اب
پیشِ خورشیدِ کرم ہوں محو سب

ہو طلوع تیرا اگر ماہِ نجات
ظلمتِ عصیاں ہو نورِ صالحات

لطف و احساں کیا کروں تیرا رقم
کرتا ہے جو جو کہ تو مجھ پر کرم

قطرۂ ناپاک سے مجھ کو بفضل
کردیا پاک و لطیف و خوب شکل

شاعرؔ لکھنوی (محمد حسن پاشا)

نعت رسولِ مقبول ﷺ

کوئی کیا بتائے کہ چیز کیا یہ گداز عشقِ رسولؐ ہے
جو نہاں ہو دل میں تو آگ ہے، جو نظر میں آئے تو پھول ہے

وہ ادا ہے کتنی لطیف تر جو بنائے لطفِ رسولؐ ہے
وہ نگاہ کتنی حسین ہے ، جو نگاہ ان کو قبول ہے

جو نفس نفس کا ہے مدعا، نہ کہوں حضورؐ میں کیوں بھلا
کہ میرے نبیؐ کو پسند ہے مری داستاں میں جو طول ہے

زہے کیف سجدۂ معتبر کہ میں کھوگیا ہوں جھکا کے سر
مجھے ہوش کیا کہ یہ عرش ہے کہ زمینِ کوئے رسولؐ ہے

جسے اس نظر سے ہیں نسبتیں وہی دل ہے عشق میں کام کا
جو نہ تابِ عکس بھی لاسکا تو وہ آئینہ ہی فضول ہے

تری جستجو میں جو آئے تو مجھے موت بھی ہے عزیز تر
تری آرزو میں ملے اگر مجھے زندگی بھی قبول ہے

درِ مصطفیٰؐ کی تلاش تھی، میں پہنچ گیا ہوں خیال میں
نہ تھکن کا چہرہ پہ ہے اثر، نہ سفر کی پاؤں پہ دھول ہے

یہی شاعرؔ اپنی ہے آرزو، وہ دیار ہو میرے روبرو
کہ جہاں عطا کی ہیں بارشیں، کہ جہاں کرم کا نزول ہے

مٹی میں میکدے

مٹی کی لکیروں میں ہزاروں در ہیں
گر جھانکئے، کتنے میکدے اندر ہیں
مینا ہے،شرابِ ناب ہے، ساقی ہے
ذروں پہ جو غور کیجئے، ساغر ہیں

قرآن کریم

''بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ وہ جو اٹھتے، بیٹھتے اور لیٹتے اللہ کی نشانیوں میں غور کرتے ہیں اور پکار اٹھتے ہیں کہ پروردگار تو نے یہ سب بے مقصد نہیں بنایا۔'' (اٰل عمران: ۱۹۰۔۱۹۱)

زندگی کے بارے میں روحانیت کے نظریہ کو ہم عام لفظوں میں Unconventional کہہ سکتے ہیں کیوں کہ اہل روحانیت کے مطابق زندگی اپنی ابتدائی شکل میں ہر چیز میں موجود ہے۔ اگرچہ ذرّوں کی زندگی کی منازل آدمی کی نظر سے مخفی ہیں لیکن جب روحانی انسان شہود کی نگاہ (باطنی نگاہ یا تیسری آنکھ) استعمال کرتا ہے تو اسے ذرّہ کی اتھاہ گہرائیوں میں زندگی کی چہل پہل اور رونق اسی طرح نظر آتی ہے جیسے دنیا کے کسی مصروف بازار میں دیکھی جاتی ہے۔

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ نے اس رباعی میں کچھ اس طرح کے خیالات کا اظہار کیا ہے کہ انہیں مٹی میں بنی ہوئی لکیروں میں ہزاروں دروازے نظر آتے ہیں، ان دروازوں کے اندر کئی میکدے نظر آتے ہیں جہاں دیگر وسائل بھی اسی طرح موجود ہیں جس طرح اس دنیا میں ہیں۔

روحانیت کی زبان میں مٹی کا مطلب صرف مٹی نہیں بلکہ یہ ایک ایسا مظہر ہے جس میں تخلیقی فارمولے برسرِعمل ہیں اور ردوبدل ہو کر مختلف خدوخال کا روپ اختیار کرتے ہیں۔ بظاہر تخلیق مٹی سے مرکب نظر آتی ہے لیکن اس کے پس پردہ جو روشنیاں اور فارمولے کام کر رہے ہیں وہ احسنِ تقویم ہیں۔

مٹی کے یہ ذرات ایک ہی ہیں لیکن ان ذرات کی مقداروں میں ردوبدل سے طرح طرح کی تخلیق وجود میں آرہی ہے۔ مٹی کے یہ ذرات کہیں سرو وسمن، کہیں کوہ و دمن اور کہیں خوش الحان پرندے بن جاتے ہیں اور جب بظاہر مٹی کے یہ بے جان ذرّات زندگی کو اپناتے ہیں تو رنگ رنگ کائنات میں بکھر جاتے ہیں اور ان ہی رنگوں سے جیتی جاگتی دنیا عالمِ وجود میں آجاتی ہے۔

آج کی بات

آپ کو معلوم ہے کہ رات کے بعد دن اور دن کے بعد رات ہوتی ہے۔کوئی رات ایسی نہیں گزرتی جس کے بعد دن نہ آئے ــــ کوئی دن ایسا نہیں آتا جس کے بعد رات کا اندھیرا نہ ہو۔

★ اگر رات دن زندگی ہے تو سوال یہ ہے کہ زندگی کیا ہے ــــ؟
★ زندگی جاگنے اور سونے کا عمل ہے تو سونا جاگنا کیا ہے ــــ؟
★ زندگی کھانے پینے، نسل بڑھانے کا نام ہے تو بالآخر سب کچھ ختم ہو جانا کیا ہے ــــ؟
★ ختم ہو جانا ہی سب کچھ ہے تو پھر بقا کیا ہے ــــ بقا کا ادراک نہ ہو تو پھر ادراک کیا ہے ــــ؟

سونا اور جاگنا، تقاضوں کی تکمیل کا کامیاب یا ناکام پروگرام ہے۔ بھوک پیاس کو زندگی کہا جائے تو بھوک لگتی ہے ــــ ہم کچھ کھا لیتے ہیں۔ خشک آنتیں پانی سے سیراب ہوتی ہیں۔ اعضا مضمحل ہوں اور جسم تھک جائے ہم سو جاتے ہیں۔

نیند کا غلبہ بیداری سے دور کرتا ہے اور بیداری نیند سے دور کر دیتی ہے۔ بیداری اگر حرکات وسکنات ہے پھر سکوت کیا ہے ــــ؟

زمین پر آنے سے پہلے ہم کہیں تھے، کہاں تھے ہمیں یاد نہیں ــــ کیا آپ کو یاد ہے ــــ؟ نیند کی دنیا میں قدرت ہر روز یاد دہانی کراتی ہے کہ یہاں آنے سے پہلے ہم کہیں تھے اور وہاں زندگی کے شب و روز کیا تھے۔

نینداور بیداری مختلف ہونے کے باوجود مشترک ہیں۔ سوچنا یہ ہے کہ جب کھانا پینا، سونا جاگنا، محبت نفرت، خوشی غم، علم لاعلمی، دیدہ نادیدہ تقاضے ــــ نینداور بیداری میں یکساں ہیں

تو پھر وہ کون سی بات ہے جو رات کو دن اور دن کو رات سے الگ کرتی ہے—؟

بات کو صحیح طرح سمجھنے کے لئے یکسو ہونا ضروری ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ خیالات کو رد نہ کریں، وہ گزر جائیں گے۔

وقت ایسی بساط ہے کہ شعوری دائرہ کار میں رہتے ہوئے کسی بھی طرح پیمائش ممکن نہیں۔ اسپیس کی مجبوری اس طرح ظاہر ہوتی ہے کہ جس جگہ ہم بیٹھے ہیں وہ ٹھہری ہوئی محسوس ہوتی ہے جب کہ زمین (اسپیس) ٹھہری ہوئی نہیں ہے۔

اسپیس— ٹائم کی بیلٹ پر متحرک ہے اور دونوں رخ سوچ بچار کا تقاضہ کرتے ہیں۔

وقت گزرتا ہے لیکن نظر نہیں آتا— اسپیس نظر آتی ہے لیکن حرکت محسوس نہیں ہوتی۔

ٹائم اور اسپیس کی چھپن چھپائی سے رات اور دن کے حواس فہم بنتے ہیں۔ بیداری کے حواس میں فاصلہ اور نیند میں وقت غالب ہے۔ حواس میں تفریق— رفتار ہے۔

فارمولا:

حواس (فہم) + رفتار کم = دن

حواس (فہم) + رفتار زیادہ = رات

غالب اور مغلوب— ظاہر اور غیب ہے جب کہ شے دونوں حالتوں میں موجود ہے۔ لمحہ غائب ہو کر ظاہر ہوتا ہے اور غائب ہو کر مظہر بنتا ہے۔ دوسرا دن ''دوسرا'' اس لئے ہے کہ پہلا دن اس کے اندر موجود ہے۔ بڑھاپے میں جوانی، جوانی میں لڑکپن اور لڑکپن میں بچپن چھپا ہوا ہے۔ ادوار اسپیس اور ادوار کا دورانیہ وقت ہے۔

کسی کی عمر پچاس سال ہے تو پچاس سال میں وقت غالب— وقت میں موجود ادوار میں اسپیس غالب ہے۔ پچاس سال میں—

اٹھارہ ہزار دو سو پچاس (18250) دن رات

چار لاکھ اڑتیس ہزار (438,000) گھنٹے

دو کروڑ باسٹھ لاکھ اسّی ہزار (26,280,000) منٹ

ایک ارب ستاون کروڑ اڑسٹھ لاکھ (1,576,800,000) سیکنڈ ہیں۔

اس میں کچھ بھی کم کرنے سے پچاس سال کی مقداریں متاثر ہوجائیں گی۔لکھنا یہ مقصود ہے کہ پچاس سال میں ایک ارب ستاون کروڑ اڑسٹھ لاکھ سیکنڈ نہیں آتے جب کہ موجود ہیں۔ دو رخ ہر آن وجود رکھتے ہیں۔ جو رخ نگاہ بنتا ہے ہم اس کو ظاہر کہتے ہیں اور جو نظر نہیں آتا اسے غائب کہہ دیتے ہیں۔ باری تعالیٰ فرماتے ہیں،

''ان کے لئے ایک اور نشانی رات ہے، ہم اس کے اوپر سے
دن ہٹا دیتے ہیں تو ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے۔'' (یٰسٓ:۳۷)

ہماری دنیا کائنات میں سب سے چھوٹا یونٹ ہے —دیگر عالمین کی طرح اس یونٹ میں کسی مقام پر دن تو دوسرے مقام پر رات ہوتی ہے۔مشرق میں رات حاضر لیکن مغرب کے لئے رات غائب ہے۔مغرب میں دن ہے تو مشرق میں رہنے والوں کے لئے دن غائب ہے۔

''کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے
اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔'' (لقمٰن:۲۹)

ایسے ممالک بھی ہیں جہاں ایک حصہ میں رات تو دوسرے حصہ میں دن ہوتا ہے۔کبھی اس بات پر غور کیا ہے کہ ایک ہی ملک میں ایک ہی وقت میں رات اور دن کا ایک ساتھ موجود ہونا یا نہ ہونا کیا ہے—؟ رات اور دن کا آنا جانا سورج کے غروب اور طلوع ہونے سے ہے۔

اسکول میں پڑھایا جاتا ہے کہ سورج مشرق سے طلوع اور مغرب میں غروب ہوتا ہے۔ مغرب میں سورج کا طلوع ہونا دن ہے تو مشرق میں رات ہے۔اس طرح مشرق میں دن، مغرب میں رات ہے۔ایک مقام پر طلوع —دوسرے مقام پر غروب ہے۔

''اللہ ہی رات اور دن کا الٹ پھیر کر رہا ہے۔ اس میں

اولی الابصار کے لئے سبق ہے۔'' (النور:۴۴)

سائنس بتاتی ہے کہ سورج توانائی کا سورس ہے۔ سورج کے گرد گھومنے کے ساتھ زمین اپنے محور پر گھوم رہی ہے۔ محوری گردش سے دن — رات، رات — دن میں تبدیل ہوتی ہے۔ زمین کا جو حصہ سورج کی طرف ہے وہاں دن اور جو حصہ سائے میں ہوتا ہے وہاں رات ہے۔ یہ سائنس کی تحقیق ہے۔ آخری الہامی کتاب قرآن کریم میں ارشاد ہے،

''وہی دن پر رات اور رات پر دن کو لپیٹتا ہے۔ اسی نے سورج اور چاند

کو اس طرح مسخر کر رکھا ہے کہ ہر ایک، ایک مقرر وقت تک چلے جا رہا

ہے۔ جان رکھو، وہ زبردست اور درگزر کرنے والا ہے۔'' (الزمر:۵)

ایسی مخلوقات بے شمار ہیں جن کے لئے رات — دن اور دن — رات ہے۔

دو انچ طویل آبی مخلوق بوب ٹیل رات میں شکار کے لئے نکلتی ہے اور خود کو روشن کرنے کے لئے اپنے اندر بیکٹیریا سے مدد لیتی ہے۔ پیٹ کے نچلے حصہ میں چمکنے والے بیکٹیریا ماحول میں رنگ سے مشابہ روشنی خارج کرتے ہیں۔ بوب ٹیل اس روشنی میں چھپ جاتی ہے اور وہاں موجود کسی مچھلی یا آبی مخلوق کو نظر نہیں آتی۔ اس طرح حملہ سے محفوظ رہتی ہے اور دوسری مچھلیاں دھوکا کھا کر شکار بن جاتی ہیں۔ بوب ٹیل چاندنی سے مشابہ روشنی خارج کرتی ہے تاکہ کیموفلاج میں آسانی ہو۔ دن میں یہ خود کو ریت میں چھپا لیتی ہے۔

ریل روڈ کیڑا بھنورے کی ایک قسم ہے جو رات میں نکلتا ہے۔ جنوبی امریکہ میں پایا جاتا ہے۔ اس میں روشنیوں کا رنگ سرخ اور سبز ہے۔ سبز روشنیاں جسم کے دونوں اطراف جب کہ سرخ روشنی سر پر ہوتی ہے جو حملہ کے خدشہ یا کسی کو تنبیہ کرنے کے لئے ظاہر ہوتی ہے۔

کرم خور لگڑ بھگا (Aardwolf) قریباً دو فٹ لمبا گیدڑ کے جیسا حیوان ہے جو دن بھر

صورت میں تبدیل ہوگئے۔ مقررہ مدت کے بعد من موہنی صورت پردہ میں سے ظاہر ہوئی اور ہر لمحہ تبدیلی کے عمل سے گزری لیکن بنیاد ایک رہی۔

اس طرح سمجھئے کہ ایک دن کا بچہ دو دن کا ہوا — دو دن کا بچہ چار دن کا — چار دن کا بچہ سولھویں دن میں داخل ہوا۔ مفہوم یہ ہے کہ 16 دن غروب ہونے سے 17 واں دن طلوع ہوا۔ غیب ظاہر — ظاہر غیب نے جوانی کا روپ اختیار کیا۔

پانچ منٹ کے لئے آنکھیں بند کرکے غور کیجئے اور بتایئے کیا مناظر دیکھے — ؟

رات اور دن الگ الگ نہیں — ایک یونٹ کے دو رخ ہیں۔ روشنی مغلوب ہوجائے تو رات ہے — روشنی غالب آجائے تو دن ہے۔ یہی بات زندگی کے لئے بھی ہے۔

''رات کو دن میں پروتا ہوا لے آتا ہے اور دن کو رات میں۔ زندگی سے موت کو نکالتا ہے اور موت سے زندگی کو۔'' (اٰل عمرٰن : ۲۷)

زندگی کا ایک رخ موت اور دوسرا رخ زندگی ہے۔ ایک عالم میں حیات، دوسرے عالم میں موت ہے اور موت بالآخر حیات ہے۔

دعا گو



علم حضوری اور علم حصولی میں فرق یہ ہے کہ جب استاد اپنے شاگرد کو تصویر بنانا سکھاتا ہے تو گراف کے اوپر تصویر بنادیتا ہے اور سمجھا دیتا ہے کہ اتنے خانوں کو اس طرح کاٹ دیا جائے تو آنکھ بنتی ہے، اتنی تعداد میں خانوں کے اوپر پنسل پھیر دی جائے تو ناک بنتی ہے اور گراف کے اندر چھوٹے خانوں کو اس طرح ترتیب سے کاٹا جائے تو کان بن جاتا ہے۔ شاگرد جتنے ذوق وشوق سے استاد کی راہ نمائی میں گراف کے اندر تصویر کشی کرتا ہے اسی مناسبت سے فنکار بن جاتا ہے۔

جگر، پِتّا اور آنتوں کی حرکات ہیں۔ سات ارب کی آبادی میں ایک آدمی بھی ایسا نہیں ہے جو ارادہ اور اختیار سے اندر کی مشین کو چلاتا ہو۔ مشین مکمل غیر اختیاری طور پر چل رہی ہے۔ اس مشین میں جو ایندھن استعمال ہوتا ہے اس پر بھی آدمی کی دسترس نہیں ہے۔

ثبوت یہ ہے کہ جب آدمی کے اندر کی مشین بند ہو جاتی ہے تو دنیا کی بڑی سے بڑی طاقت یا توانائی اسے چلا نہیں سکتی۔ یہ مشین قدرتی نظام کے تحت بتدریج بند ہوتی ہے اور ایک دم بھی بند ہو جاتی ہے۔ بتدریج بند ہونے کا نام بیماری ہے اور مشین کے ایک دم بند ہو جانے کو ہارٹ فیل ہونا کہا جاتا ہے۔ آدمی یہ سمجھتا ہے کہ بیماری کا علاج اختیاری ہے۔ اگر بیماریوں کا علاج اختیاری ہے تو آدمی مر کیوں جاتا ہے — ؟

علیٰ ہذا القیاس زندگی کے بنیادی عوامل اور وہ تمام محرکات جن پر زندگی رواں دواں ہے، اختیار میں نہیں ہیں۔ بااختیار ہونے سے مراد یہ ہے کہ بندہ خود اپنے لئے کوئی ایک راستہ اختیار کرتا ہے۔ جب کہ ہر آدمی کو اس بات کا اختیار دیا گیا ہے کہ نیکی اور بدی دونوں راستوں میں سے کسی ایک راستہ کا انتخاب کرے۔ راستہ اور راستہ کی جزئیات کا تعین پہلے سے ہے، اس میں آدمی کا عمل دخل نہیں۔ آدمی کو صرف ارادہ کا اختیار دیا گیا ہے۔

زندگی کی ہر حرکت، زندگی کا ہر عمل، زندگی کا ہر تصور، ہر ادراک اور احساس دو رخوں میں ردوبدل ہو رہا ہے۔ ایک کا تعلق شیطنت سے ہے اور دوسرے رخ کا تعلق رحمٰن سے ہے۔ جب کوئی آدمی اپنے اوپر ان خیالات کو مسلط کر لیتا ہے اور خود کو دروبست اس راہ کا مسافر بنا لیتا ہے جو شیطان تک لے جاتا ہے تو اس کے اندر اس راستہ کی تمام برائیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ آدمی اگر ارادہ اور اختیار سے مسلسل شیطانی راستہ پر چل رہا ہے تو ظاہر ہے اس کے اوپر اس راستہ میں پیش آنے والے تمام حالات و واقعات کا تاثر قائم ہوگا۔

فرد ایسے راستہ کا انتخاب کرتا ہے جس راستہ میں ہرے بھرے درخت ہیں، پھول ہیں، سبزہ زار ہے، آبشاریں ہیں تو راستہ کے مناظر سے لطف اندوز ہوگا، درختوں کا سایہ ملے گا، دماغ راستہ میں موجود پھولوں کی خوش بوؤں سے معطر ہوگا، سبزہ زار سے آنکھوں کو ٹھنڈک ملے گی، آبشار کا صاف و شفاف اور موتی جیسا پانی پینے کو ملے گا اور اس کے اوپر سرور اور وجدان کی کیفیت طاری ہوگی۔

اس کے برعکس دوسرا بندہ ایسا راستہ اختیار کرتا ہے جس میں خشک اور کانٹوں سے بھرے درخت ہیں، خزاں زدہ مناظر ہیں، راستہ میں ایسے جوہڑ ہیں جن میں تعفن ہے۔ آدمی ان تمام چیزوں سے متاثر ہوگا اور اگر وہ اس راستہ کو چھوڑنے پر آمادہ نہیں ہے اور وہ راستہ اختیار نہیں کرتا جس میں سرشاری، شادابی، شگفتگی اور آسائش و آرام ہے تو تعفن، الجھن اور بیزاری کی دنیا سے کبھی آزاد نہیں ہوتا۔

آدمی برے ارادہ سے گھر سے نکلتا ہے۔ انسپائریشن کا نظام چلانے والے فرشتے اس کے ذہن میں ترغیب کے ذریعے یہ بات ڈال دیتے ہیں کہ یہ کام برا ہے اور برے کام کا انجام برا ہوتا ہے۔ آدمی ترغیب کو اہمیت نہیں دیتا اور قدم بقدم آگے بڑھ کر ارادہ کی تکمیل کرنا چاہتا ہے۔ فرشتے ڈوریوں کو اس کے ارادہ کے تحت حرکت دے دیتے ہیں اور عمل ریکارڈ ہو جاتا ہے۔

آدمی خلوص نیت سے کسی کی مدد کرتا ہے۔ ارادہ کے مطابق حرکت ہوتی ہے تو اس کے اوپر سکون کی حالت قائم ہو جاتی ہے۔ دونوں آدمیوں نے اپنے ارادہ اور نیت کے تحت عمل کیا۔ جیسے جیسے اس پروگرام کو پورا کرنے کے لئے اقدام کی ضرورت تھی اس کے مطابق ڈوریاں ہلتی رہیں۔ عمل ہوتا رہتا ہے اور ساتھ ساتھ ریکارڈ بھی ہوتا ہے۔ جزا وسزا کا تعین اس ریکارڈ کی بنیاد پر ہے۔

اللہ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کے ذریعے نوعِ آدم کو یہ بتا دیا ہے کہ سیدھی طرف کا راستہ جنت کا ہے اور الٹی طرف کا راستہ دوزخ ہے۔ چوں کہ فرد کو چلنے کا اختیار دیا گیا ہے اس لئے اسے یہ اختیار بھی حاصل ہو گیا کہ وہ جو راستہ چاہے اپنے لئے منتخب کر لے۔

دعاگو

خواجہ شمس الدین عظیمی

جون 1999ء

مرکزی مراقبہ ہال، سرجانی ٹاؤن۔کراچی

ولی اللہ سے تمسخر نہیں کرنا چاہیے

حضرت اشرف جہانگیریؒ کی خدمت میں چند حاسدین ایک زندہ شخص کو کفن میں لائے اور درخواست کی کہ نمازِ جنازہ پڑھا دیں۔ طے یہ کیا تھا کہ جب تکبیر ہو تو مردہ اٹھ کر حضرت کو سلام کرے اور کہے، دیکھ لیں آپ کی کرامات، مردہ کو زندہ کر دیتے ہیں۔ اس طرح انہوں نے مذاق اڑانے کا ارادہ کیا تھا۔ حضرت اشرف جہانگیریؒ نے نماز پڑھانے سے انکار کر دیا۔ وہ لوگ بضد ہوئے تو آپ اٹھے اور نمازِ جنازہ شروع کی۔ تکبیر ہوئی اور وہ شخص نہ اٹھا تو ساتھی پریشان ہو گئے۔ قریب آ کر دیکھا تو وہ مردہ تھا۔ کرامت دیکھ کر بہت روئے پیٹے اور معافی طلب کی۔ حضرت اشرف جہانگیریؒ نے انہیں معاف کیا تو مردہ زندہ ہو گیا اور وہ ساتھی کو لے کر واپس لوٹ گئے۔

نامے میرے نام

کرم فرما خواتین وحضرات نے ''ماہنامہ قلندر شعور'' کو دل کی گہرائیوں سے نہ صرف پسند کیا ہے بلکہ قبول فرما کر روپ بہروپ کو دلہن کا روپ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں قارئین کی خدمت کی توفیق دیں۔ رابطہ کے قدیم و جدید وسائل کے ذریعہ موصول ہونے والے خطوط میں سے منتخب خطوط شائع کیے جا رہے ہیں۔

پروفیسر نجمہ (پشاور): رسالہ ہر لحاظ سے علمی و معیاری ہے اور حسبِ استعداد ہر ذی شعور فیض پا رہا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے پشاور مراقبہ ہال کے نگران نیاز احمد عظیمی صاحب نے مرشد کریم کا پیغام پہنچایا کہ ''ماہنامہ قلندر شعور'' کو پہلے صفحہ سے آخر صفحہ تک تخصیص و تفریق کے بغیر ترتیب سے پڑھیں تو زیادہ بہتر سمجھ میں آئے گا۔ اس سے پہلے میں من پسند موضوعات پڑھتی تھی۔ حسبِ ہدایت پڑھنا شروع کیا اور حکم کی حکمت واضح ہوئی — نامانوس اور مشکل تحریریں، قابلِ فہم ہوگئی ہیں۔ اس کے باوجود لکھنے والوں سے گزارش ہے کہ جہاں تک ممکن ہو، مضامین کی زبان اور پیرائے کو عام فہم رکھا جائے تا کہ سمجھنے میں مزید آسانی ہو۔ شکریہ

فرحین، جماعت چہارم (کراچی): کہانی ''ہم سب بچوں کے پیارے نبیؐ '' بے حد اچھی لگی۔ میں نے باقاعدگی سے رات کو سیرت طیبہؐ کا مطالعہ شروع کیا ہے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ میں جہاز میں بیٹھی ہوں اور اس کے بعد مسجد نبویؐ میں ہوں اور میں حضرت محمدؐ پر درود و سلام پیش کر رہی ہوں۔ خالہ میرے ساتھ ہیں۔ دعا کیجئے کہ اللہ ہمیں حج وعمرہ کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔

صائمہ مصدق (کراچی): سیرت پر مضامین بہت معلوماتی تھے۔ دیگر مذاہب میں حضور اکرمؐ سے متعلق بشارتوں پر مضمون تحقیقی ہے۔ بالخصوص پنڈت وید پرکاش کی کاوش اور تاثرات متاثر کن ہیں۔ ہر مذہب میں ایسے لوگ موجود ہیں جو محبت بانٹتے ہیں اور انسانیت کو متحد دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ''اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو'' تفکر طلب ہے۔ اللہ کا پیغام ایک ہے اور ایمان کی تکمیل کا ایک جز سارے انبیائے کرام پر ایمان ہے۔ پھر ہم فرقوں میں کیوں بٹ گئے ہیں؟ وجہ یہ ہے کہ ہم قرآن کریم کو ترجمہ سے نہیں پڑھتے اور اس کے پیغام پر غور نہیں کرتے۔ دسمبر کے شمارہ میں ہر مضمون منفرد تھا، سب پر تبصرہ کیا تو خط طویل ہو جائے گا۔ مضامین گل دستہ بن گئے۔

محمد خالد (کوئٹہ): خالدہ زبیر صاحبہ کا مضمون ''خوش بو تیری دو عالم میں ہے اے گلِ چیدہ'' بہت پسند آیا۔ سیرتِ طیبہؐ کے روزانہ مطالعہ سے کیفیات روحانی ہو جاتی ہیں۔

سعدیہ ہارون (اسلام آباد): ''پرتیاہار'' کا ہر ماہ انتظار رہتا ہے لیکن دسمبر 2016ء کے شمارہ میں ''پرتیاہار'' شامل نہیں کیا گیا جس پر مایوسی ہوئی۔ دیگر مضامین معلوماتی اور اچھے تھے۔

اسلم امین (لودھراں): دسمبر کے شمارہ میں قسط وار کہانی ''پرتیاہار'' شامل نہیں کی گئی۔ ہر ماہ اس کا انتظار رہتا ہے۔ براہ مہربانی کوشش کریں کہ اس میں تعطل نہ آئے۔

★ **صفحات کی کمی کے باعث دسمبر 2016ء کے شمارہ میں ''پرتیاہار'' شامل نہیں کیا گیا۔**

زینب حمید (ملتان): ''فقیر کی ڈاک'' بہت اچھا سلسلہ ہے۔ ایسی باتیں معلوم ہوتی ہیں جو ہم نے کتابوں میں نہیں پڑھیں۔ بیش تر مکتوبات ماضی کے ہیں۔ میں سوال بھیجوں تو کیا جواب دیا جائے گا؟ **(سوال بھیج دیجئے)**

وہاب شاہ (مردان): شعبہ کے لحاظ سے انجینئر ہوں۔ اپنے ایک اسٹاف ممبر کی وساطت سے رسالہ سے متعارف ہوا۔ روحانیت کے منظّم لیکن کٹھن سفر کو سادگی سے پیش کیا گیا ہے۔ میں کبھی کبھار مراقبہ کرتا ہوں لیکن ابھی تک کوئی مشاہدہ نہیں ہوا۔ امید ہے کہ آپ سے ربط کے بعد میری سچائی کی تلاش آسان ہو جائے گی۔

جویریہ سمیع (کراچی): ''ماہنامہ قلندر شعور'' نعمت ہے جس کے لئے ادارہ کا شکریہ۔ آج کی بات، رباعی کی تشریح اور خواب کی تعبیر پسندیدہ سلسلے ہیں۔ دوسروں کی خواب کی تعبیر سے، اپنی غلطیوں کی نشان دہی ہو جاتی ہے۔ مضمون ''دل کی آنکھوں سے دیکھو'' میں تحریر ہے ـــــ کسی کی روحانیت کی طرف توجہ کی جائے تو وہ متوجہ ہو جاتا ہے، پڑھ کر دل بہت خوش ہوا۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔

دسمبر 2016ء کے ''آج کی بات'' کے حوالہ سے قارئین کا تفکر:

حنا الماس (لاہور): پانی کے حوالہ سے ''آج کی بات'' پر اجتماعی تفکر کیا گیا اور کئی نکات سامنے آئے۔ نشست میں اکیس خواتین نے شرکت کی اور گروپ کی شکل میں مذاکرہ ہوا۔ خلاصہ پیشِ خدمت ہے ــــ گلاب، رات کی رانی، پہاڑوں سے آبشاروں کا بہنا، پھل، سبزیاں، جسمانی اعضا غرض ہر شے میں پانی ہے۔ پانی سارے رنگ عکس ریز کر کے تخلیقات میں رنگ بھرتا ہے اس طرح کہ شعور رنگین دنیا کے علاوہ کچھ نہیں دیکھتا۔ پانی کی یہ خصوصیت بھی قابلِ احترام ہے کہ پانی ایثار کر کے ہر شے کو خود سے ممتاز کرتا ہے جب کہ پانی ہی اصل ہے۔ جسم

میں پانی کی کمی سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ کسی خاتون کے جسم میں بہت حد تک پانی خشک ہوگیا۔ ڈاکٹروں نے انہیں آنکھوں کے لئے الگ ڈراپ، زبان کے لئے الگ ڈراپ، مسوڑھوں پر لگانے کے لئے الگ ڈراپ — یعنی ہر عضو کو نم رکھنے کے لئے الگ الگ دوائی دی۔ خاتون نے بتایا کہ ایک بھی دوائی کا ناغہ ہوجائے تو سخت تکلیف سے گزرتی ہیں۔ اباجی! ہم اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کریں، کم ہے۔ غور و فکر کی طرف متوجہ کرنے کے لئے آپ کا شکریہ۔

اسما شاہد (کراچی): پانی کی ایسی تعریف بیان کی گئی ہے جو اس سے پہلے میں نے کبھی نہیں پڑھی۔ پانی میں سارے رنگ موجود ہیں۔ رنگ نظر آتے ہیں لیکن پانی نظر نہیں آتا۔ رنگ بھی اس وقت نظر آتے ہیں جب ذرات اکٹھے ہوں۔ پھر سوال یہ ہے کہ رنگ کیا ہیں—؟ آج کی بات پڑھ کر جو جواب سمجھ میں آیا، وہ خود ایک سوال بن گیا۔

گلِ رعنا (حیدرآباد): کن تصورات کا خول ہے — مخلوق تصور کے سوا کچھ نہیں۔ پانی ایسا تصور ہے جس میں سیرابی ہے۔ پانی سے وجود میں آنے والی ہر شے میں تغیر ہے لیکن سوال یہ ہے کہ کیا پانی میں بھی تغیر ہے کیوں کہ پانی سے بننے والی ہر شے بالآخر پانی میں تبدیل ہوجاتی ہے—؟

حماد احمد (میرپور): پانی کیا ہے ہم نہیں جانتے۔ پانی میں بہاؤ ہے۔ بہاؤ کا مطلب کہیں سے آنا اور کہیں جانا ہے۔ آسمان میں جو کچھ ہے، پانی میں موجود ہے اس لئے کہ پانی آسمان سے نازل ہوتا ہے۔

ڈاکٹر شاہرونہ (لاہور): پانی ایسا شعور ہے جو خود کو لاشمار رنگوں میں ظاہر کرتا ہے لیکن نظر نہیں آتا۔ سانس لینے کے لئے پھیپھڑوں اور سینہ کی دیوار کے درمیان پانی کی لطیف تہہ سانس کی آمد و رفت کے لئے ضروری ہے۔

حارث (پشاور): منفی اور مثبت زندگی کے دو ایسے رخ ہیں جو ایک طرف کشش اور دوسری طرف گریز ہیں جب کہ دل چسپ بات یہ ہے کہ زندگی ایک ہے۔ کشش اور گریز پر نظامِ زندگی قائم ہے۔ پانی میں یہ دونوں رخ موجود ہیں جسے مثبت اور منفیت کہا گیا ہے۔ پانی — اسپیس ہے۔ اسپیس کے درجات ہیں۔ کہیں پر اسپیس قطرہ ہے اور اس قطرہ میں سمندر بھی موجود ہے۔ سوال یہ ہے کہ اسپیس کیا ہے اور پانی کیا ہے—؟ گھٹنے اور بڑھنے سے اسپیس کے درجات کا تعین ہوتا ہے جب کہ شے ایک ہے۔ بات ساری نظر کی ہے۔

زیرِ سرپرستی

اللہ کے دوست حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی

عظیمیہ روحانی لائبریری

برائے خواتین

پنجاب ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور

فری ممبرشِپ

فری مطالعہ

روحانی علوم کے متلاشی خواتین وحضرات، راہِ سلوک کے مسافر اور روحانی سائنس میں دلچسپی رکھنے والے طلبہ وطالبات کے لئے عظیمی صاحب کی تحریر کردہ اور تصوف پر مشتمل کتابیں مطالعہ کے لئے موجود ہیں۔

مکان نمبر 65 بلاک A-2، پنجاب ہاؤسنگ سوسائٹی

نزد جوہر ٹاؤن، لاہور۔ فون نمبر: 042-35185142

عالمِ رنگ و بو میں روشنی کا کردار

جتنی بیماریاں دریافت ہوچکی ہیں، ان کا علاج رنگ و روشنی سے کیا جاسکتا ہے۔ یہ جدید سائنسی علاج کے طور پر سامنے آرہا ہے اور نہ صرف موجودہ بلکہ آنے والے دور کی سائنس بھی کہا جارہا ہے۔

کلر تھراپی، فوٹو تھراپی اور لیزر تھراپی (کم درجہ کی) توانائی یا ارتعاشی (وائبریشن) طرزِ علاج میں اہم پیش رفت ہے۔ کلر تھراپی — رنگوں سے اور فوٹو تھراپی — روشنی سے علاج ہے۔ رنگوں سے علاج کی اہمیت یہ ہے کہ یہ برقی مقناطیسی طیف (اسپیکٹرم) کے ایک مخصوص حصہ یعنی رنگ کو علاج کے لئے استعمال کرتی ہے۔

نظریۂ رنگ و نور کے مطابق رنگ اور روشنی جسمِ انسانی اور حیوانی میں مختلف توانائی کی حامل برقی مقناطیسی لہریں Impulse پیدا کرتی ہیں۔ یہ لہریں جسم میں بائیوکیمیکل اور ہارمونل ری ایکشن میں بنیادی عوامل ہیں۔ ان میں جسمانی نظام کو توازن میں رکھنے اور توانائی کی کمی بیشی دور کرنے کی صلاحیت ہے۔

مثلاً مختلف رنگ و روشنیاں براہ راست جسم پر ڈالی جائیں یا کسی رنگ کو دیکھا جائے یا مختلف رنگوں کو پہلے ایک میڈیم میں جذب کرکے استعمال کرنے سے بہر صورت جسم پر اثرات مرتب ہوں گے۔

سوال ہے کہ ایسا کیوں ہے —؟ اس لئے کہ مخلوق بشمول آدمی مختلف رنگوں کا امتزاج ہے۔

”اور یہ جو رنگ رنگ کی چیزیں اس نے تمہارے لئے زمین میں پیدا کی ہیں ان میں تفکر کرنے والوں کے لئے نشانی ہے۔“ (النحل:۱۳)

کلر تھراپی سے علاج کے مختلف طریقے ہیں۔ چوں کہ یہ براہ راست علاج مانا جاتا ہے اس لئے بے شمار فوائد ہیں۔ رنگ برقی مقناطیسی لہروں کا وہ محدود حصہ ہیں جس کو ظاہری نگاہ دیکھتی ہے۔ رنگوں سے پیدا ہونے والی برقی مقناطیسی لہریں جسم میں ہارمونز کے کام کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ جسمانی نظام تیز کرنے یا دھیما کرنے میں مدد ملتی ہے۔

نظریۂ رنگ و نور کے مطابق ہر تخلیق روشنی کے غلاف میں بند ہے جو طبعی حالت پر اثرانداز ہوتی ہے۔ جسم رنگوں کا مجموعہ ہے، رنگوں سے متاثر ہوتا ہے اور رنگ جسم کے افعال کے ذمہ دار ہیں۔ اعضا اور توانائی کے مراکز

مخصوص فریکوئنسی پر ارتعاش کرتے ہیں۔ مخصوص فریکوئنسی پر ارتعاش نہ ہو تو بیماریاں ظاہر ہوتی ہیں یا جسمانی نظام معمول سے ہٹ جاتا ہے۔

رنگ بیمار خلیوں کے لئے اکسیر ہیں۔ جسم میں روشنیوں کا غیر متوازن ہونا بیماری ہے۔ توانائی دراصل روشنی ہے جو ہم غذا اور سورج سے حاصل کرتے ہیں۔ روحانی معالجین رنگ اور جسم کے تعلق سے واقف ہیں۔ جسم مخصوص ارتعاش (فریکوئنسی) رکھتا ہے۔ فریکوئنسی کا تعلق لہروں سے ہے، لہر روشنی ہے اور روشنی زندگی ہے — روشنی کا جسم پر اثر انداز ہونا ضروری ہے۔ جس رنگ کی روشنی میں عدم توازن ہو، اس کا مظاہرہ امراض کی شکل میں ہوتا ہے۔

ہم لہروں کے سمندر میں رہتے ہیں جو ہمیں ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے لیکن غیر متوجہ رہنے کی وجہ سے ہمیں علم نہیں جب کہ ہم مسلسل مستفیض ہو رہے ہیں۔

مثال: ہم موبائل فون، انٹرنیٹ، بلوٹوتھ، وائی فائی کے ذریعے ہر وقت دوسروں سے منسلک رہتے ہیں۔ ''لہر کا لہر سے تعلق'' ٹیکنالوجی کی بنیاد ہے۔ لہر کو مادہ (Matter) کی اصل تسلیم کر لیں تو مادہ کی ماہیت سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ میٹر میں تفکر سے مادی قوانین اور خصوصیات معلوم ہوتی ہیں۔ گہرائی میں جستجو ایسی دنیا کی خبر دیتی ہے جو مادیت کی بنیاد ہے۔ اسے لہروں یا روشنی کی دنیا کہہ سکتے ہیں۔

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ فرماتے ہیں:

''عالمِ رنگ میں جتنی اشیا پائی جاتی ہیں وہ سب رنگین روشنیوں کا مجموعہ ہیں۔ ان ہی رنگوں کے ہجوم سے وہ شے وجود میں آتی ہے جس کو عرفِ عام میں ''مادہ'' کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ سمجھا جاتا ہے، مادہ کوئی ٹھوس چیز نہیں ہے، اگر اس کو شکست و ریخت کر کے انتہائی مقداروں تک منتشر کر دیا جائے تو محض رنگوں کی جداگانہ شعاعیں باقی رہ جائیں گی۔''

برقی مقناطیسی لہریں پیغام رسانی کا فریضہ انجام دیتی ہیں۔ یہ پیغامات ایس ایم ایس ہوں یا انٹرنیٹ کے ذریعے، ہر وقت فضا میں دور کرتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسا میڈیم ہو جو ان پیغامات کو ریسیو کرے۔ میڈیم موبائل فون بھی ہو سکتا ہے اور کمپیوٹر بھی۔ لہروں کے ذریعے تصاویر ایک موبائل سے دوسرے موبائل میں منتقل ہوتی ہیں۔ دونوں موبائل سیٹوں کا ایک دوسرے سے مخصوص فاصلہ پر ہونا ضروری ہے۔ اس سارے عمل کو بلوٹوتھ کا نام دیا گیا ہے۔

چند صدیوں پہلے ان باتوں کو جادو سے بھی تشبیہ دی جاتی تھی لیکن آج بچہ بچہ ان کے استعمال سے واقف ہے اور یقین رکھتا ہے لیکن یقین لہر پر مرکوز ہونے کے بجائے موبائل فون کی باڈی تک محدود رہتا ہے۔ لہروں

کومیڈیم کے بغیر قبول کرنا چاہیں تو مادہ (میٹر) سے توجہ ہٹا کر ذہن کو لہر پر یک سو کرنا ہوگا۔

فزیالوجی سے ثابت ہے کہ جسم میں قدرتی کیمیائی عمل دراصل برقی لہروں (الیکٹریکل امپلس) کا مرہونِ منت ہے۔ اس بنیاد پر الیکٹرو گیسٹرو گرام (EGG)، الیکٹرو کارڈیو گرام (ECG) اور میگنیٹو اینسیفالو گرام (MEG) وغیرہ سامنے آئے۔ الیکٹرو میگنیٹک سگنلز کی بات کی جائے تو بہت کم کیمیائی عوامل ان سگنلز کو استعمال کر سکے ہیں۔ان میں کارڈیک پیس میکر وغیرہ شامل ہیں۔

طب میں جدید تحقیق زیادہ تر بائیو کیمسٹری کی بدولت ہے۔ نتیجہ میں نئی نئی دوائیں سامنے آرہی ہیں۔ اس بات سے انکار نہیں کہ جدید طب میں جتنی تحقیق جاری ہے اتنی جسم کے بائیو الیکٹرک نظام پر نہیں ہوئی۔ یہ کہنا زیادہ مناسب ہے کہ شرح کے اعتبار سے جسم کی بائیو کیمسٹری پر ہونے والی تحقیق کے مقابلہ میں بائیو الیکٹرک سسٹم پر تحقیق کم ہے۔

برقی مقناطیسی توانائی بائیولوجیکل نظام کو متحرک کرنے کا سبب ہے۔ ان میں مائکرو ویوز، ریڈیو فریکوئنسی، رنگ و روشنی یہاں تک کہ صوتی فریکوئنسی شامل ہے۔ کچھ مخصوص مقناطیسی ارتعاشی لہریں ڈی این اے، آر این اے، سیل کی تقسیم اور دیگر کیمیائی عوامل پر براہ راست اثرانداز ہوتی ہیں۔ ان میں اعضا کی شکلیاتی نشوونما (Morphogenesis)، تشکیلِ نو (Regeneration)، اعصابی تناؤ اور ٹوٹ پھوٹ میں عوامل اوران کی مرمت ہونا، شامل ہے۔

جدید تحقیق سے ثابت ہے کہ برقی مقناطیسی لہریں، اینزائمز اور خلیوں کو براہ راست متاثر کرتی ہیں۔ لہٰذا برقی مقناطیسی لہریں (رنگ اور روشنی) جسم کے عوامل میں اس طرح حصہ دار ہیں جس طرح ان کی براہ راست موجودگی کیمیائی عوامل کو شروع کرنے کی اہل ہے۔ یہ لہریں جسم میں کیمیائی عوامل کی سرگرمی کو براہ راست شروع یا ختم کرنے کا سبب ہیں۔ کیمیائی عوامل غذا سے حاصل شدہ توانائی کے زیر اثر وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

خلیہ میں کیمیائی عمل اور ردعمل کو جانچنے کے لئے توانائی کے نظام کو سمجھنا ضروری ہے۔ کیمیائی عمل واقع ہوتا ہے تو دونوں میں سے ایک عامل کو اتنی توانائی ضرور پیدا کرنی ہے کہ ردعمل انجام دے سکے۔ جس لمحہ میں ری ایکشن ہوتا ہے، دونوں عوامل پر موجود چارج تبدیل ہوجاتا ہے۔ تمام تبدیلیاں جسم میں ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔ ٹیم ورک رنگ و روشنی کے ذریعے نہایت سہولت سے انجام پاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں مختلف ارتعاشی لہریں اور ان کی طول موج، شدت اور پولرائزیشن خلیہ میں کیمیائی عمل کے شروع ہونے یا نہ ہونے کے لئے فیصلہ کن اختیار رکھتی ہیں۔ یعنی سیل میں کیمیائی عمل کے شروع ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ مذکورہ بالا عوامل پر ہے۔

رنگ و روشنی سے علاج پانچ ہزار سال پرانا ہے۔

موجودہ دور کے محققین اس پر تحقیق کر رہے ہیں۔

حال ہی میں رنگ و روشنی سے علاج کے نظریہ کے تحت E.Coli Bacteria پر کی گئی تحقیق کے مفید نتائج آئے ہیں۔ یہ تحقیق خانوادہ سلسلہ عظیمیہ جناب خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب کے پیش کردہ نظریہ کی سائنسی توجیہ ہے۔ تحقیق COMSATS یونیورسٹی اور پنجاب یونی ورسٹی CAMB کے تعاون سے کی گئی۔ بنیادی مقصد عام افراد کی اس مفت علاج تک رسائی کو عام کرنا اور رنگوں پر تحقیق کو فروغ دینا ہے۔

E.Coli بیکٹیریا مختلف بیماریوں کا موجب ہے۔ ان میں پیٹ کی جملہ بیماریاں مثلاً Diarrhoea اور پیشاب کے انفیکشن وغیرہ شامل ہیں۔

اس بیکٹیریا پر تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ سبز رنگ (538 نینو میٹر) اور پیلے رنگ (590 نینومیٹر) کی طول موج ان امراض میں بہت مفید ہے۔

تحقیق میں E.coli کے چھ مختلف نمونے لیے گئے اور سائنسی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے خاص میڈیم میں رکھا گیا۔ مختلف طول موج کی روشنیاں ڈالی گئیں اور نتائج کی جانچ کے لئے اسکیننگ الیکٹران مائکروسکوپ (SEM) سے مدد لی گئی۔ یہ بات سامنے آئی کہ مختلف طول موج کی روشنیاں E.Coli Bacteria پر مختلف اثرات مرتب کرتی ہیں۔ مثلاً پرپل رنگ (464 نینو میٹر) کی روشنی ڈالنے سے E.coli کی سیل وال کھردری معلوم ہوئی، نارنجی رنگ (610 نینو میٹر) سے Treated بیکٹیریا نے نہ صرف اپنی سیل وال کو برقرار رکھا بلکہ ان کا سائز بھی بڑھا اور تعداد بھی زیادہ ہوئی۔ جب کہ پیلے رنگ (590 نینو میٹر) اور سبز رنگ (538 نینو میٹر) سے سیل وال کو نقصان پہنچا۔

مزید واضح ہوا کہ سبز رنگ کے علاج سے بیکٹیریا پیدا ہوئے لیکن پیدا ہو کر مرتے گئے۔ یعنی ہرا رنگ جراثیم کُش خصوصیات کا حامل ہے جب کہ پیلے رنگ سے بیکٹیریا کی نشوونما میں نمایاں کمی آئی۔ مطلب یہ ہے کہ پیلا رنگ مانع جراثیم خصوصیات کا حامل ہے۔

واضح ہوا کہ رنگ بیکٹیریا کی جین کو بھی متاثر کرتے ہیں جس کی وجہ سے نشوونما میں واضح فرق دیکھا جاسکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ E.coli کی جین کا مطالعہ کیا جائے تاکہ جین پر رنگ و روشنی سے اثرات کا مطالعہ کیا جاسکے۔

ناواقفیت کی بنا پر ایک عرصہ تک رنگ و روشنی سے علاج صرف ایشیائی طریقۂ علاج سمجھا جاتا رہا لیکن اب مغرب میں محققین تحقیق کر کے اس علاج کی مخفی خوبیوں سے آگاہ ہو رہے ہیں۔ تحقیق کے مطابق جتنی بیماریاں دریافت ہو چکی ہیں، ان کا علاج رنگ و روشنی سے کیا جا سکتا ہے۔ یہ جدید سائنسی علاج کے طور پر سامنے آرہا ہے اور نہ صرف موجودہ بلکہ آنے والے دور کی

سائنس بھی کہا جا رہا ہے۔
محققین کے لئے روشنی ابھی تک حیرت انگیز ہے۔ روشنی میں شفایابی کی شعاعیں اور تخلیق کے رنگ ہیں۔ جدید سائنس ،کوانٹم فزکس کے تحت پیچیدہ سوالات کو حل کرنے میں اہم تصور کی جاتی ہے۔رنگ و روشنی سے علاج میں ''کوانٹم فزکس'' کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے نیا نظریہ ''تھیوری آف چارج کو انٹائزیشن'' پیش کیا گیا ہے جو اہم پیش رفت سمجھی جارہی ہے۔اس طرزِ علاج سے مزید تحقیق کے راستے کھلیں گے اور مخلوق خدا کو قابلِ تذکرہ فائدہ پہنچے گا، انشاءاللہ۔

محققین رنگ و روشنی سے علاج کے مختلف پہلوؤں سے واقف ہو رہے ہیں۔امید ہے کہ رنگ و روشنی سے جلد ان بیماریوں کا علاج بھی دریافت ہوجائے گا جن کو میڈیکل سائنس لاعلاج گردانتی ہے۔اس علاج میں وقت تو لگتا ہے لیکن کامیابی بہرطور یقینی ہے کیوں کہ یہ جسم میں خلیہ کی سطح پر اپنا کام کرتا ہے۔ضرورت اِس امر کی ہے کہ کلر تھراپی کو جدید طرزِ علاج کے مساوی درجہ دیا جائے تاکہ اس میں تحقیق کے نئے رخ سامنے آسکیں۔
کلر تھراپی میں سادگی ہے اور یہ فطرت سے قریب ترین علاج ہے اس لئے براہ راست اثر کرتا ہے۔جسم روشنی کے علاوہ کچھ نہیں۔روشنیاں ہمیں ڈھانپے ہوئے ہیں اور توازن، یکسوئی اور گہرا سکون دیتی ہیں۔رنگوں کے علم سے واقفیت کے بعد جسم کو روشنی میں تحلیل کیا جاسکتا ہے۔عظیمی صاحب فرماتے ہیں:

مٹی کے برتن مٹی سے ہی جوڑے جاتے ہیں۔کپڑے کی گڑیا دھاگے سے سلتی ہے۔ پلاسٹک کے برتن پلاسٹک سے مرمت کیے جاتے ہیں تو انسان کا علاج رنگ و روشنی سے کیوں نہیں ہوسکتا جب کہ انسان کی تخلیق کی بنیاد ہی رنگ و روشنی ہے۔''
قرآن کریم میں ارشاد ہے:
'اور یہ جو رنگ رنگ کی چیزیں اس نے تمہارے لئے زمین میں پیدا کی ہیں ان میں تفکر کرنے والوں کے لئے نشانی ہے۔'' (النحل:۱۳)

حال ہی میں رنگ و روشنی سے علاج کے نظریہ کے تحت E.Coli Bacteria پر کی گئی تحقیق کے مفید نتائج آئے ہیں۔یہ تحقیق خانوادہ سلسلہ عظیمیہ جناب خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب کے پیش کردہ نظریہ کی سائنسی توجیہ ہے۔تحقیق میں E.coli کے چھ مختلف نمونے لیے گئے اور سائنسی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے خاص میڈیم میں رکھا گیا۔مختلف طول موج کی روشنیاں ڈالی گئیں اور نتائج کی جانچ کے لئے اسکیننگ الیکٹران مائکروسکوپ (SEM) سے مدد لی گئی۔ یہ بات سامنے آئی کہ مختلف طول موج کی روشنیاں E.Coli Bacteria پر مختلف اثرات مرتب کرتی ہیں۔

اے بلبلِ شوریدہ! دیوانہ توئی یا ما؟

اے بلبلِ شوریدہ! دیوانہ توئی یا ما؟	اے شوریدہ سر بلبل ! دیوانہ تم ہو یا ہم؟
جو یائے رخِ خوبِ جانانہ توئی یا ما؟	محبوب کے رخِ روشن کے طلب گار تم ہو یا ہم؟
تو عاشقِ گلزاری، من عاشقِ دیدارم	تم چمن کے اور میں محبوب کے دیدار کا عاشق ہوں
در دردِ فراق او، مردانہ توئی یا ما؟	فراق کو بہادری سے برداشت تم کر رہے ہو یا ہم؟
عشقِ او بما بلبل ! اندر رگ و پے رفتہ	اے بلبل اس کا عشق ہماری رگ و پے میں ہے
آں بادہ کو؟ آں را، پیمانہ توئی یا ما؟	وہ مے کہاں ہے ؟ اس کا پیمانہ تم ہو یا ہم ؟
تو زخم خوری از خار، مارا بکُشند بردار	تم خار سے زخمی ہو ،ہمیں دار پر لٹکایا جاتا ہے
آیا بزبانِ خلق، افسانہ توئی یا ما؟	بتاؤ زبانِ خلق پر فسانہ تمہارا ہے یا ہمارا؟
تو عاشق و ما عاشق، دم درکش و حاضر باش	اے بلبل! ہم دونوں عاشق ہیں، صبر سے موجود رہ
ورنہ بخدا امروز، درخانہ توئی یا ما؟	ورنہ بخدا آج اس گھر میں تم رہو گے یا ہم ؟
گویند کہ گنجے ہست اندر دلِ ہر سرمست	کہتے ہیں کہ ہر سرمست کے دل کے اندر خزانہ ہوتا ہے
از بہر چنیں گنجے، دیوانہ توئی یا ما؟	بتا اس عظیم خزانہ کے لئے دیوانہ تم ہو یا ہم؟
محیؔ بہ گلستاں شد، بابلبلِ نالاں گفت	محیؔ الدین نے باغ میں نالہ کرنے والے بلبل سے کہا
کاے بلبلِ نالندہ! جانانہ توئی یا ما؟	اے رونے دھونے والے بلبل! معشوق تم ہو یا ہم؟

مراقبہ اور ماورائی لہر

یہ کہنا کہ خواب کی حیثیت محض خیالی ہے، صحیح نہیں ہے۔قرآن کریم میں خوابوں کا ذکر واضح طور پر نشان دہی کرتا ہے کہ خواب کی دنیا زمان ومکان سے آزاد ہے۔ جب کوئی انسان مراقبہ کے ذریعے خود کو خواب کی کیفیت میں منتقل کرتا ہے تو اس پر سے زمان ومکان کی گرفت ٹوٹ جاتی ہے اور مشق کر کے خواب کی کیفیات میں اسی طرح سفر کرتا ہے جس طرح بیداری کی کیفیات اور واردات میں سفر کیا جاتا ہے۔

جب ہم کوئی علم سیکھتے ہیں یا کسی چیز کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہم اس چیز کو سمجھنے اور جاننے کے لئے تفکر کرتے ہیں۔

ذہن میں یہ تجسس پیدا ہوتا ہے کہ اصل کیا ہے، کیوں ہے، کس طرح ہے اور حقیقت کیا ہے۔ اگر چھوٹی سے چھوٹی بات میں سوچ بچار کیا جائے تو اس چھوٹی سی بات کی بڑی اہمیت ہے اور اگر کسی بڑی سے بڑی بات پر غور وفکر نہ کیا جائے تو وہ بڑی بات غیر اہم بن جاتی ہے۔ تفکر سے ہمیں شے کے بارے میں علم حاصل ہوتا ہے اور علم میں جتنی گہرائی پیدا ہوتی ہے اسی مناسبت سے شے اور اس کی صفات سے ہم باخبر ہوتے ہیں۔

مراقبہ وہ علم ہے جس سے انسان ماورائی دنیا کا ادراک کرسکتا ہے۔ بظاہر لگتا ہے کہ کوئی شخص بند آنکھوں سے گردن جھکائے بیٹھا ہے لیکن صرف آنکھیں بند کر کے گردن جھکا کر بیٹھنے سے مراقبہ کا مفہوم واضح نہیں ہوتا۔ مراقبہ دراصل طرزِ تعلیم (School of Thought) ہے جس سے مراقبہ کرنے والا باطنی حواس میں سفر کرنا سیکھتا ہے۔

اب ہم یہ تلاش کریں گے کہ مراقبہ سے ملتی جلتی کیفیت مراقبہ کی مخصوص نشست کے بغیر بھی ہم میں موجود ہے یا نہیں۔

ظاہری حواس سے آزادی کی کیفیت ہماری زندگی میں ارادتاً یا غیر ارادی طور پر دونوں طرح ظاہر ہوتی ہے۔ مثلاً ہم سوتے ہیں۔ سونے کی حالت میں دماغ ظاہری حواس سے تعلق منقطع کر لیتا ہے جب کہ یہ قطع تعلق عارضی ہے۔

چناں چہ یہ بات واضح طور پر سامنے آتی ہے کہ مراقبہ نیند کو بیداری میں منتقل کرنے کا ذریعہ ہے۔

ہر انسان پیدائش سے موت تک دو کیفیات میں سفر

کرتا ہے یعنی دماغ میں ہر آن اور ہر لمحہ دو کیفیات متحرک رہتی ہیں۔ایک کیفیت کا نام بیداری اور دوسری کیفیت کا نام نیند یا خواب ہے۔ بیداری کی حالت میں وہ زمان و مکان میں مقید ہے لیکن خواب کی حالت میں زمان و مکان کی گرفت سے آزاد ہو جاتا ہے۔

مراقبہ کے ذریعے خواب کو بیداری میں منتقل کر کے زمان و مکان کی حد بندیوں سے آزادی حاصل کرنے کی مشق کی جاتی ہے — کم و بیش وہ تمام حالتیں انسان کے اوپر وارد ہوتی ہیں جس کے نتیجہ میں وہ خواب کی دنیا میں سفر کرتا ہے، چلتا پھرتا، کھاتا پیتا، رنجیدہ اور خوش ہوتا ہے۔

یہ کہنا کہ خواب کی حیثیت محض خیالی ہے، صحیح نہیں ہے۔قرآن کریم میں خوابوں کا ذکر واضح طور پر نشان دہی کرتا ہے کہ خواب کی دنیا زمان و مکان سے آزاد ہے۔ جب کوئی انسان مراقبہ کے ذریعے خود کو خواب کی کیفیت میں منتقل کرتا ہے تو اس پر سے زمان و مکان کی گرفت ٹوٹ جاتی ہے اور مشق کر کے خواب کی کیفیات میں اسی طرح سفر کرتا ہے جس طرح بیداری کی کیفیات اور واردات میں سفر کیا جاتا ہے۔موجودات کے قیام کے لئے ضروری ہے کہ اس کی کوئی بنیاد ہو، بنیاد کے بغیر کسی چیز کا قیام ممکن نہیں ہے۔

یہ ایسی بات نہیں ہے جس میں ابہام ہو اور سمجھ میں نہ آتی ہو۔ مثلاً کرسی کی پہچان کا ذریعہ چار پیر ہیں۔ مکان اس وقت مکان ہے جب زمین کے ایک مخصوص رقبہ پر بنیاد قائم کر کے ان بنیادوں پر دیواریں تعمیر کی جائیں۔ہم کسی علم کو اس وقت سیکھ سکتے ہیں جب ہمیں اس کے قواعد معلوم ہوں — قواعد علم کی بنیاد ہیں۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے،

’’اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔‘‘

(النور:۳۵)

کائنات اور کائنات کے اندر بے شمار عالمین اور کہکشانی نظام ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی حیثیت اور حکمت کیا ہے، یہ بات اللہ تعالیٰ جانتے ہیں یا وہ مقربین جانتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے علم سکھا دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کائنات کے تخلیقی فارمولے اپنے مقربین کو کس حد تک اور کتنے بتائے ہیں، یہ اللہ جانتا ہے۔ بہرکیف ہم اتنا جانتے ہیں کہ ساری کائنات اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے تخلیق کی ہے اور اس کا تذکرہ بارہا قرآن کریم میں کیا گیا ہے۔

کائنات کی بنیاد اللہ کا نور ہے۔کائنات کے قیام کی بنیاد کے پیشِ نظر یہ بات لازم اور ضروری ہے کہ انسان خود اور انسان کے اندر کام کرنے والی تمام صلاحیتیں ایک بنیاد اور ایک مرکز پر قائم ہوں۔

عام مشاہدہ ہے کہ ہماری تمام حرکات و سکنات، توہمات، خیالات، تصورات اور احساسات گوشت پوست کے ڈھانچے کے تابع نہیں ہیں کیوں کہ روح جب جسم

سے رشتہ منقطع کر لیتی ہے تو گوشت پوست کے جسم میں حرکت نہیں ہوتی۔ جب تک روح جسم کے ساتھ موجود ہے، زندگی کے تمام تقاضے اور زندگی میں کام آنے والی سب تحریکات موجود ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق روح کا علم قلیل دیا گیا ہے لیکن محل نظر یہ بات ہے کہ قلیل بھی تو ایک علم ہی ہے۔ واضح یہ کرنا ہے کہ لامحدود علم کے جاننے والوں نے اس کو سمجھنے کے لئے چند قواعد (Formula) بنائے ہیں اور ان فارمولوں کے اندر رہتے ہوئے اپنے شاگردوں کو اس سے روشناس کرایا ہے۔

اگر اس بات پر روشنی ڈالی جائے کہ یہ علم کہاں سے شروع ہوا اور یہ فارمولے کس طرح ارتقا پذیر ہوئے تو بات طویل ہو جائے گی۔

ہم بتانا یہ چاہتے ہیں کہ انسان فی الواقع وہ نہیں ہے جسے ہم انسان کہتے یا سمجھتے ہیں۔ ہم گوشت پوست اور ہڈیوں کے پنجر کو انسان کہتے ہیں جب کہ یہ سب مفروضہ ہے۔ انسان وہ ہے جو اس گوشت پوست کے جسم کی حفاظت کرتا ہے اور متحرک رکھتا ہے۔

ہر انسان واقف ہے کہ زندگی کا دارومدار گوشت پوست کے جسم پر نہیں ہے۔ اسے زندگی میں دو باتوں کا تجربہ ضرور ہوتا ہے۔

۱۔ وہ شعوری حواس میں ہے اور زندگی رواں دواں ہے۔

۲۔ وہ سو جاتا ہے لیکن سانس کی آمد و شد کے ساتھ زندگی کا سلسلہ قائم رہتا ہے۔

ان دو حالتوں میں وہ زندگی گزارتا ہے۔

سونے کی حالت میں اس کا رشتہ گوشت پوست کے جسم سے غیر شعوری رہ جاتا ہے۔

ان دو حالتوں کے علاوہ تیسری حالت جو ہر انسان پر وارد ہوتی ہے وہ موت ہے۔ موت ایسی حالت ہے کہ جس میں روح اس خاکی جسم سے رشتہ منقطع کر لیتی ہے۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ انسان کے اوپر تین حالتیں وارد ہوتی ہیں۔

۱۔ بیداری

۲۔ نیند

۳۔ موت

بیداری اور نیند میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ نیند میں جسم سے روح کا واسطہ براہ راست ہے اور بیداری میں بالواسطہ، یعنی شعور کی معرفت —— اور موت میں روح جسم سے اپنا رشتہ توڑ لیتی ہے۔

روح زندگی کے تقاضے پورے کرنے کے لئے میڈیم بناتی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

”اور اس کے اندر اپنی روح پھونک دی“۔

(السجدۃ:۹)

یعنی روح نے اپنے لئے ایک میڈیم بنا لیا اور اس

میڈیم کو پروان چڑھا کر اسے حواس بخش دیئے۔

روح اللہ تعالیٰ کا ایک جزو ہے اور اس جزو میں اللہ کی وہ تمام مشیت اور وہ تمام اوصاف جس کا علم اللہ نے ودیعت کرنا پسند فرمایا — موجود ہیں۔ یہ علم جزو کو کس طرح حاصل ہوا، یہ اللہ تعالیٰ کا ایک راز ہے۔

صوفیائے کرام نے جن اسمائے الٰہیہ کا انکشاف کیا ہے ان کی تعداد تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار ہے۔ اللہ کا ہر اسم اللہ کی ایک صفت ہے اور اللہ کی ہر صفت ایک علم ہے اور یہی علم شاخ در شاخ لامحدود دائروں میں پھیل کر اللہ تعالیٰ کی صفات کا مظہر بن جاتا ہے۔

”زمین میں جتنے درخت ہیں سب کے سب قلم بن جائیں اور سمندر جسے سات مزید سمندر روشنائی مہیا کریں تب بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں گی۔“ (لقمٰن: ۲۷)

غیب کے عالم میں داخل ہونا یا زمان و مکان سے ماورا کسی چیز کو دیکھنا اس وقت ممکن ہے جب آدمی خود زمان و مکان سے آزاد ہو جائے۔ زمان و مکان سے آزاد ہونا اس وقت ممکن ہے جب زمان و مکان کو دیکھنے والی نظر زمان و مکان کی حد بندیوں سے آزاد ہو جائے۔

زمان و مکان سے آزاد نظر کو متحرک کرنے کے لئے ایسے طریقے اختیار کئے جاتے ہیں جن سے انسانی ذہن اگر پوری طرح آزاد نہ ہو تو ایسی صورتِ حال ضرور پیدا ہو جائے کہ وہ آزادی سے قریب ہو جائے۔

یہ تلاش کرنا ضروری ہے کہ آدمی کے حواس زمان و مکان کی گرفت سے کب اور کس طرح آزاد ہوتے ہیں۔

۱۔ خواب دیکھنا

سونے کا مطلب بیداری کے حواس یعنی زمان و مکان کے تسلط سے آزادی ہے۔ جب ہم سو جاتے ہیں تو بیداری کے حواس وہاں منتقل ہو جاتے ہیں جہاں زمان و مکان کی کیفیت تو موجود ہے لیکن فی الواقع لمحات کے وہ ٹکڑے نظر کے سامنے نہیں ہیں، لحظہ بہ لحظہ جن میں ہم زندگی گزارتے ہیں۔

۲۔ دوسری صورت بیداری میں واقع ہوتی ہے جب آدمی کا ذہن یک سوئی کے ساتھ ایک نقطہ پر مرکوز ہو جائے۔

مثلاً ہم کتاب پڑھتے ہیں۔ کتاب ہمارے لئے اتنی دل چسپی رکھتی ہے کہ ہم ماحول سے بے خبر ہو جاتے ہیں۔ جب کتاب رکھ کر یہ دیکھتے ہیں کہ کئی گھنٹے گزر گئے اور وقت گزرنے کا احساس نہیں ہوا تو حیرت ہوتی ہے کہ اتنا طویل وقفہ گزر گیا۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے:

”ہم نے موسیٰؑ کو تیس شب و روز کے لئے طلب کیا اور بعد میں دس دن کا اضافہ کر دیا، اس طرح اس کے رب کی مقررہ کردہ مدت پورے

چالیس دن ہوگئی۔‘‘ (الاعراف:۱۴۲)

’’یہ اس لئے کہ رات سے دن اور دن سے رات نکالنے والا اللہ ہی ہے اور وہ سمیع و بصیر ہے۔‘‘ (الحج:٦١)

اللہ تعالیٰ کے ان ارشادات میں تفکر کرنے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ رات دن دو حواس ہیں۔ اس علم کو اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے کہ زندگی دو حواس میں منقسم ہے یا دو حواس میں سفر کرتی ہے۔

۱۔ دن کے حواس

۲۔ رات کے حواس

دن کے حواس زمان و مکان کی گرفت میں ہیں اور رات کے حواس آزاد ہیں۔

یہ ارشاد کہ ہم نے موسیٰؑ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا اور چالیس راتوں میں اسے پورا کر دیا— فکر طلب ہے کیوں کہ حضرت موسیٰؑ کوہِ طور پر صرف چالیس راتیں نہیں رہے بلکہ آپ کا قیام وہاں چالیس دن اور چالیس راتیں رہا۔

ایسا بھی نہیں ہوا کہ وہ دن کے وقت کوہِ طور سے نیچے آجاتے ہوں اور رات کے وقت دوبارہ تشریف لے جاتے ہوں۔ وہ مسلسل چالیس دن اور چالیس راتیں کوہِ طور پر قیام فرما رہے۔

مطلب واضح ہے کہ حضرت موسیٰؑ پر چالیس دن اور چالیس راتیں رات کے حواس غالب رہے۔ رات کے وہ حواس جو زمان و مکان سے آزاد ہیں۔

قانون: انسان اپنے اوپر رات اور دن کے وقفہ میں رات کے حواس غالب کر لے تو یہ زمان و مکان کی قید سے آزادی ہے اور زمان و مکان سے آزادی دراصل غیبی انکشافات کا ذریعہ ہے۔

قرآن کریم اس پروگرام اور اس عمل کا نام ’’قیام الصلوٰۃ‘‘ رکھتا ہے جس کے ذریعے دن کے حواس سے آزادی حاصل کر کے رات کے حواس میں سفر کیا جاتا ہے۔ بالفاظ دیگر صلوٰۃ (نماز) قائم کرنے کا لازمی نتیجہ دن کے حواس کی نفی اور رات کے حواس میں مرکزیت حاصل ہونا ہے۔ صلوٰۃ کے ساتھ لفظ ’’قائم کرنا‘‘ اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

اس سلسلہ میں امیر المومنین حضرت علیؑ کا مشہور واقعہ قیام الصلوٰۃ کی تشریح اور وضاحت میں روشن دلیل ہے۔ کسی جنگ میں دشمن کا تیر امیر المومنین حضرت علیؑ کے جسم میں پیوست ہوگیا۔ تیر نکالنے کی کوشش کی گئی تو حضرت علیؑ نے تکلیف محسوس کی۔ جب انہوں نے نیت باندھی تو تیر نکال لیا گیا اور مرہم پٹی کر دی گئی۔ اس واقعہ سے یقین کی دنیا روشن ہوتی ہے۔

روحانیت کی بنیاد اس حقیقت پر قائم ہے کہ انسان میں دو حواس، دو دماغ اور دو زندگیاں سرگرمِ عمل ہیں جیسے ایک ورق کے دو صفحات۔

۱۔ پابند زندگی

۲۔ آزاد زندگی

پابند زندگی دن، بیداری اور شعور ہے — آزاد زندگی کا دوسرا نام رات، سکون اور اطمینانِ قلب ہے۔

اس زندگی کو حاصل کرنے کے لئے روحانیت میں آسان طریقہ یک سو ہونا ہے۔ مراقبہ مشق، کوشش اور طرزِ فکر ہے۔

کائنات کی ہر تخلیق ایک دوسرے سے مخفی رشتہ میں بندھی ہوئی ہے یعنی جس طرح انسان کے اندر پوری کائنات موجود ہے اسی طرح فرشتہ کے اندر پوری کائنات موجود ہے اور بکری، کبوتر اور پہاڑ کے اندر بھی پوری کائنات ہے۔ کائنات کی موجودگی اس طرح نہ ہو تو کوئی فرد دوسرے فرد کو پہچان نہیں سکتا۔

ہم ستاروں کو اس لئے پہچانتے ہیں کہ ستاروں سے ہمارا رشتہ ہے۔ ان دیکھی مخلوق، ملائکہ اور جنات کا یقین کرنے پر ہم اس لئے مجبور ہیں کہ ان کا تشخص اور تمثیل ہمارے اندر موجود ہے۔

کوئی صاحب اگر یہ کہیں کہ ایک مکتبۂ فکر جنات کو مانتا نہیں ہے تو اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اس لئے کہ انکار بجائے خود اس بات کا اقرار ہے کہ کوئی چیز موجود ہے جس کا انکار یا اقرار کیا جا رہا ہے۔

انسان کے اندر پوری کائنات تو موجود ہے لیکن چوں کہ وہ اس بات سے واقف نہیں کہ وہ کائنات کا ایک حصہ ہے یا پوری کائنات کے اجزائے ترکیبی میں سے ایک جزو ہے اس لئے وہ اس علم سے واقف نہیں ہے۔

روحانی ٹیچر اس بات کو جانتا ہے کہ مرید کائنات کا ایک جزو ہے اور کائنات میں موجود ہر تخلیق کے ساتھ اس کا رشتہ قائم ہے۔ روحانی ٹیچر مرید کی شعوری صلاحیت کے پیشِ نظر ایسا پروگرام ترتیب دیتا ہے جس پر قدم بہ قدم چلا کر مرید کو اس بات سے واقف کیا جاتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے تخلیقی کنبہ کا ایک فرد ہے اور اس کا کائنات کے ہر فرد کے ساتھ ربط ہے۔

ہر مخلوق ایک دوسرے سے رشتہ رکھتی ہے اور ایک دوسرے کو پہچانتی ہے۔ جاننا اور پہچاننا اس وقت ممکن ہے جب جاننے اور پہچاننے کی صلاحیت ہو اور صلاحیت کا پیدا ہونا اس وقت ممکن ہے جب صاحبِ صلاحیت کی طرف سے جاننے اور پہچاننے کی صلاحیت منتقل ہو۔

اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو ایک کنبہ بنایا اور اس کنبہ میں کھربوں کہکشانی نظام اور ان نظاموں میں سنکھوں نوعیں اور ان نوعوں میں انسانی شماریات سے باہر مخلوقات پیدا کیں اور ان کے اندر سوچنے سمجھنے اور زندہ رہنے کی تحریکات عطا کیں۔

اصل میں پہچان کا ذریعہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ تمام مخلوقات جدا جدا ہیں — ان کا پیدا کرنے والا یکتا و واحد اللہ ہے۔

LIFE KARO BOOST
لائف کرو
بوسٹ
80 سال سے آزمودہ
شاہی
ہربل ہیلتھ ٹانک
Tayyebi
Shahi
Herbal Health Tonic
IMMUNITY BOOSTER
Rich in Vitamins & Minerals
100%
HERBAL, NATURAL
شاہی قدرتی اجزاء سے تیار کردہ صحت بخش ٹانک، ہر عمر کے مردوں، عورتوں اور بچوں کے لئے یکساں مفید ہے۔
منتخب جڑی بوٹیوں، پھلوں اور شہد سے تیار کردہ شاہی قدرتی وٹامنز اور منرلز سے بھرپور ہے جو نشوونما کو بڑھاتے اور جسم کو توانا بناتے ہیں۔
شاہی میں موجود قدرتی اجزاء
☆ کیلشیم ☆ فولک ایسڈ ☆ فولاد ☆ وٹامنز
طیّبی
طبی دواخانہ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی پاکستان

خواجہ شمس الدین عظیمی ایجوکیشنل سوسائٹی کا منصوبہ برائے فروغ تعلیم

COLLEGE FOR BOYS & GIRLS

شاندار نتائج، اسکالرشپ — روزانہ ٹیسٹ کا نظام

کم فیسوں میں اعلیٰ معیار تعلیم — کامرس گروپ میں بورڈ میں پوزیشن

F.A / B.A / B.Ed / M.A / M.Sc / M.Phil
I.Com / B.Com / M.Com / L.L.B / Ph.D

کوٹلی بہرام، گوہد پور روڈ، سیالکوٹ

052-4000100 / 0345-7120100

facebook : edutech sialkot, Email : edutechskt@gmail.com

اظہر حسین

بجلی کے پردادا

انور کو جھٹکا لگا، ہر طرف روشنی تھی۔ سوچا کہ کیا واقعی میں نے تاروں کی باتیں سنی ہیں یا یہ خواب تھا۔

قارئین! کیا آپ جواب تلاش کرنے میں انور کی مدد کر سکتے ہیں—؟

کہانی ستاروں سے متعلق تھی۔ جگ مگ جگ مگ ستارے باتیں کر رہے تھے اور انور انہاک سے ان کی باتیں سن رہا تھا۔ کھلی فضا میں ٹھنڈی ہوا، آسمان سائبان— سائبان میں ماورائی روشنی کے بلب جگ مگ کر رہے تھے۔ ہوا کے ٹھنڈے، لطیف اور خواب آور جھونکوں میں اس کے اوپر بھی خمار طاری ہو گیا۔

آنکھیں بغیر ارادہ کے نیند میں ڈوب گئیں۔ بیٹھے بیٹھے لیٹ گیا۔ مخمور آنکھوں پر پردہ آیا اور پردہ عینک بن گیا۔ وہ بیان نہیں کر سکتا کہ اس مخمور ماحول میں وہ کب لیٹ کر سو گیا یا نیند سے آزاد غنودگی کی حالت میں اس دنیا کے خیال سے بے خیال ہو گیا۔

ذہن میں نشر ہوا— آسمان ستاروں سے مزین ہے، ستاروں کی دنیا ہماری دنیا کی طرح ہے جہاں بہت سارے لوگ ہیں اور ہر فرد چمکتا غروب ہوتا ستارہ ہے۔ یکایک اسپارک ہوا اور لائٹ چلی گئی۔ نظر بجلی کے تاروں پر ٹھہر گئی۔ انور نے سوچا کہ ستاروں کی طرح کیا بجلی کے تار بھی باتیں کرتے ہیں؟

اس سے پہلے کہ انور جواب سوچتا— آواز آئی، میں تم سب میں بہتر ہوں، تم میرا مقابلہ کیسے کر سکتے ہو؟ انور آواز کی طرف متوجہ ہوا، بولنے والا نظر نہیں آیا۔

آواز پھر آئی، میں تم سے بلندی پر ہوں اور اونچی گزرگاہ ہوں۔

انور حیران و پریشان تھا کہ کون لوگ ہیں جو باتیں کر رہے ہیں۔ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے زیادہ دور نظر نہیں آیا۔ آواز کی سمت سامنے کی طرف تھی۔

خیال آیا، گلی پار گھر سے آواز آرہی ہوگی۔ نظر دوڑائی، چھت پر چاروں طرف گھوم کر جائزہ لیا لیکن بات کرنے والا نظر نہیں آیا۔

ایک اور آواز آئی، ارے بھائی بیچ والا سب سے سیدھا ہوتا ہے۔ اوپر والے کی غلطیاں اور نیچے والے کی کوتاہیاں بہت کچھ سکھا دیتی ہیں۔

انور نے آواز کی سمت دھیان لگایا اور محسوس ہوا کہ بجلی کے تار باتیں کر رہے ہیں۔ یہ سوچ کر وہ ہنس پڑا۔

آ رہے ہیں اور میرے بعد گراؤنڈ ہے۔ گراؤنڈ سے اوپر والا فیز یعنی میں۔

باقی تار ہنسنے لگے اور کہا، بھائی ہم سب الگ الگ اہمیت رکھتے ہیں۔ بڑے یعنی اوپر والے فیز کے تار نے بتایا کہ میں ہمیشہ اوپر ہوتا ہوں۔ میرے اندر موجود کرنٹ خالص حالت میں ہوتا ہے۔

یہ سن کر بیچ والے تار نے شرارت سے کہا، میں بیچ میں کیوں ہوں؟ اس لئے کہ اہم شخصیات دائیں بائیں نہیں، ہمیشہ بیچ میں ہوتی ہیں جیسے صدر وغیرہ اور آس پاس ان سے کم اہم لوگ ہوتے ہیں۔

اپنے منہ میاں مٹھو بننے پر سب نے منجھلے تار کی بات کا لطف لیتے ہوئے کہا کہ واہ بھائی واہ — کس طرح راز کا انکشاف کیا ہے۔

کھمبا بولا — میں نہ ہوں تو زمین پر پڑے رہو گے، چھوٹے بڑے کا تذکرہ ہوگا ہی نہیں۔

چھوٹا تار کچھ کہنے والا تھا کہ فضا میں بھاری آواز گونجی۔ سب خاموش ہوگئے۔ پتہ چلا آواز گلی کے کونے سے آرہی ہے۔

کوئی کہہ رہا تھا — کرنٹ مجھ سے گزر کر تم میں داخل ہوتا ہے۔ اس لئے جو کرنٹ میرے پاس ہے وہ اہم اور خالص ہے۔

کھمبا بولا، بھائی تم ہو کون؟

درمیانے تار نے تعارف کرایا، یہ ہمارے پی ایم ٹی (Pole Mount Transformer) ہیں۔

چند لمحے خاموشی کے گزرے۔

پی ایم ٹی کی آواز آئی، میری تعریف یہ ہے کہ صرف خالص کرنٹ قبول کرتا ہوں۔ اس وجہ سے میری ذمہ داری اہم ہے۔ میں کرنٹ کے تین حصے کر کے تاروں میں منتقل کرتا ہوں جو کرنٹ آگے بڑھاتے رہتے ہیں۔ ہر تار کو کرنٹ استعداد کے مطابق دی جاتی ہے۔

سب باادب ہو کر پی ایم ٹی کی طرف متوجہ تھے۔

چھوٹا تار بولا، پی ایم ٹی انکل آپ بتا سکتے ہیں کہ سب سے اہم کرنٹ ہم تین بھائیوں میں سے کس کے پاس ہے؟

پی ایم ٹی نے گونج دار آواز میں جواب دیا، جی ہاں! میں بتا سکتا ہوں۔

اس سے پہلے کہ پی ایم ٹی صاحب جواب دیتے، انور کو لگا کہ زلزلہ آگیا ہے۔ تاروں کے اندر سے بھی گھبرائی گھبرائی آوازیں آنے لگیں۔ ایک خوف سا چھا گیا۔ سب کو احساس ہوا، کوئی بہت بھاری آواز میں ہنس رہا ہے۔ آواز کی دہشت سے دل حلق میں آگیا۔

ہنسی رکی تو چھوٹے تار نے ڈرتے ڈرتے پوچھا، یہ کس کی آواز تھی۔

بڑا بولا، پتہ نہیں۔

پی ایم ٹی نے کہا، یہ ہائی ٹینشن لائن ہے۔

ہائی ٹینشن نے کہا — بے وقوفو! جب کرنٹ میں لا رہا

ہوں تو تم لوگوں میں بڑے چھوٹے کا کیا سوال۔ خالص ترین کرنٹ کا خزانہ میں ہوں۔

چھوٹا بولا، ہائی ٹینشن انکل! کیا آپ اپنا تعارف کرا سکتے ہیں؟ میں چھوٹا تار ہوں اس لئے آپ کو جانتا نہیں ہوں۔

ہائی ٹینشن ہنس پڑا۔ انور کو محسوس ہوا کہ اس کی ہنسی سے دیواریں ہل رہی ہیں۔

ہائی ٹینشن نے بتایا— بیٹا تم لوگ 220 وولٹ کرنٹ کے حامل ہو جو گھروں یا اداروں کو دیا جاتا ہے، میں ایک لاکھ بتیس ہزار وولٹ لے کر آتا ہوں۔

میرا کام یہ ہے کہ جو کرنٹ بن رہا ہے اسے پاور ہاؤس سے سب اسٹیشن تک پہنچاؤں۔ وہاں سے چھوٹی ہائی ٹینشن لائن 11,000 وولٹ لے کر پی ایم ٹی تک آتی ہے اور پھر پی ایم ٹی سے تم لوگ 220 وولٹ کرنٹ لے کر لوگوں کے گھروں تک پہنچاتے ہو۔

اس لحاظ سے چھوٹے! میں تمہارا پردادا ہوا۔

یہ کہہ کر ہائی ٹینشن ہنسنے لگا۔

اس دفعہ پی ایم ٹی اور کھمبے سمیت تمام تار ہنسنے میں شامل تھے۔

روشنی چمکی۔ انور کو لگا، بجلی آ گئی مگر ہنوز اندھیرا تھا۔ پھر جھماکا ہوا۔ انور نے غور کیا تو احساس ہوا جیسے کوئی جگنو ادھر ادھر جا رہا ہو۔ مگر اس روشنی میں کچھ الگ بات تھی۔ جیسے روشنی نہیں، سکون کی لہریں ہوں۔

اس نے اجنبی روشنی کو دیکھنے کی کوشش کی۔ اجنبیت کے باوجود روشنی اپنائیت سے بھرپور تھی۔ ایک جھماکا انور کے قریب ہوا اور محسوس کیا کہ روشنی سر میں سے گزر کر اندر داخل ہوگئی ہے اور مختلف حصوں کو روشن کر رہی ہے جیسے بہت سارے بلب ہوں۔ روشنی جہاں سے گزرتی، وہ بلب روشن ہو جاتا۔

انور نے دیکھا کہ دماغ میں روشنیوں سے تصویر بنی۔ تصویر کے خدوخال واضح نہیں تھے۔ اس نے دیکھنے کی کوشش کی تو محسوس ہوا کہ تصویر بات کر رہی ہے۔ آواز آئی—

ہائی ٹینشن لائن سے پی ایم ٹی میں داخل ہونے والا کرنٹ ایک ہے۔ پی ایم ٹی سے وہ تاروں میں منتقل ہوتا ہے۔ کیا ایسا ہوسکتا ہے کہ جب کرنٹ تقسیم ہوا اور الگ الگ تاروں میں گیا تو اس کی خاصیت میں فرق آ گیا ہو—؟

انور نے سوچا اس بات کا کیا مطلب ہے۔ اندر میں جو روشنی ہے وہ کیا سمجھانا چاہ رہی ہے—؟

گلی سے شور اٹھا— لائٹ آ گئی، لائٹ آ گئی۔

انور کو جھٹکا لگا، اطراف میں دیکھا تو ہر طرف روشنی تھی۔ وہ حیران و پریشان تھا۔ سوچا کہ کیا واقعی میں نے تاروں کی باتیں سنی ہیں یا یہ خواب تھا۔

قارئین! کیا آپ جواب تلاش کرنے میں انور کی مدد کر سکتے ہیں—؟

ریکارڈ — آواز — مظاہرہ

ماؤنٹ ایورسٹ پہاڑ جو 29,035 فٹ بلند ہے، ہر سال اس کی اونچائی میں 0.16 انچ کا اضافہ ہوتا ہے۔ سینٹ ہیلنس کا آتش فشاں پہاڑ امریکی ریاست واشنگٹن میں ہے، 1980ء میں آتش فشاں پھٹنے کے بعد اس کی طوالت ایک ہزار تین سو تیرہ فٹ کم ہو کر 9,677 فٹ سے 8,364 فٹ رہ گئی۔

کائنات کیا ہے —؟ مخلوقات کا مجموعہ ہے۔ رنگ رنگ پھول، پرندے، درخت، چوپائے، پہاڑ، سورج اور چاند خالقِ کائنات کی بنائی ہوئی خوش نما اور مکمل تصویریں ہیں۔ تصویر کا ہر رخ مصور کی مہارت، خالقیت اور مخلوق سے محبت ہے۔ کائنات کو تصویری کتاب کہا جائے تو کتاب کا ہر صفحہ ایک نوع ہے۔ نوع کی بے شمار اقسام ہیں اور ہر قسم حیات ہے۔

کائنات کی ابتدا کہاں سے ہوئی —؟

سائنس ''بگ بینگ'' کا نظریہ پیش کرتی ہے۔

الہامی کتابوں اور آخری الہامی کتاب قرآن کریم میں کائنات کی ابتدا سے متعلق حقائق بیان ہوئے ہیں۔

''اس کا امر یہ ہے کہ جب وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے ہو، پس وہ ہو جاتی ہے۔''

(یٰسٓ: ۸۲)

''ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام ہی خدا تھا۔ کلام شروع میں خدا کے ساتھ تھا۔ سب چیزیں اسی کے وسیلہ سے پیدا کی گئیں اور کوئی چیز بھی ایسی نہیں جو اُس کے بغیر وجود میں آئی ہو۔''

(انجیل یوحنا: باب ۱، آیت ۱۔۳)

''اور خدا نے کہا، روشنی ہو جا اور روشنی ہو گئی۔''

(توریت: باب پیدائش، آیت ۳)

الہامی کتابوں اور آخری الہامی کتاب قرآن کریم کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کائنات تین درجوں میں مظہر بنی۔

۱۔ کائنات ظاہر نہیں تھی۔

۲۔ کائنات کو ظاہر ہونے کا حکم (کُن) دیا گیا۔

۳۔ خالق کائنات کے حکم سے کائنات ظاہر ہو گئی۔

ظہورِ کائنات کے پہلے درجہ کا تذکرہ کیا جائے تو کئی سوالات ذہن میں آتے ہیں۔

مثلاً جب کائنات ظاہر نہیں تھی تو کیا کہیں موجود تھی یا اس کی موجودگی کُن کے بعد سامنے آئی ؟

کائنات کی ابتدا اللہ تعالیٰ کے ذہن میں موجود کائناتی پروگرام سے ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے ذہن میں کائنات، پوری جزئیات کے ساتھ موجود تھی ، ہے اور رہے گی۔ اللہ تعالیٰ نے کائنات کو ظاہر کرنا چاہا تو ذہن میں موجود کائناتی پروگرام کو ظاہر ہونے کا حکم دیا۔

قرآن کریم میں حکم دینے کا طریق کار ''کُن''، دیگر کتابوں میں ''اوم'' اور ''کلام'' بیان ہوا ہے۔ ایسی آواز جس نے ذہن میں موجود پروگرام کو حرکت دی اور کائنات کے خدوخال عدم سے وجود میں آگئے۔

غور طلب ہے کہ کائنات کے مظہر بننے میں آواز کا تذکرہ کیا گیا ہے یعنی کائنات کی ہر مخلوق، منظر اور تصویر کی بنیاد آواز ہے۔

آواز کیا ہے، اس بارے میں غور وفکر کرتے ہیں۔

آواز دراصل ارتعاش (وائبریشن) ہے جو ہوا، پانی یا ٹھوس اشیا کے ذرات (مالیکیولز) کو میڈیم بنا کر سفر کرتی ہے۔ آواز کے سفر سے ذرات لہروں کی شکل میں حرکت کرتے ہیں۔ لہروں کی دو اقسام ہیں۔

۱۔ ذرات کا سکڑنا، پھیلنا اور آگے بڑھنا۔

۲۔ آگے بڑھتے ہوئے اوپر نیچے حرکت کرنا۔

لہروں کی اقسام کا تعین فریکوئنسی اور طول موج (Wave Length) کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ لہر فاصلہ اوپر نیچے حرکت کرتے ہوئے طے کرتی ہے جسے طول موج کہتے ہیں۔

طول موج میں ایک حرکت اوپر کی طرف ہوتی ہے اور ایک حرکت نیچے کی جانب ہوتی ہے۔ دونوں حرکتیں مل کر ایک چکر (سائیکل) پورا کرتی ہیں۔ ایک سیکنڈ میں کسی لہر کے جتنے سائیکل ہوتے ہیں وہ لہر کی فریکوئنسی کہلاتی ہے۔

طول موج زیادہ ہو تو فریکوئنسی کم ہوتی ہے — طول موج کم ہونے سے فریکوئنسی زیادہ ہو جاتی ہے۔

زمین پر موجود ہر شے کا قیام ''لہر'' پر ہے۔ لہر حرکت ہے اور تمام اشیا میں جاری ہے۔ کائنات میں ہر شے متحرک ہے۔ اگر شے حرکت میں نہ ہو تو وجود برقرار نہیں رہے گا۔

پہاڑ ساکت نظر آتے ہیں لیکن وہ ساکت نہیں ہیں، اپنی جگہ تبدیل کرتے ہیں اور پہاڑوں کی ساخت اور جسامت میں بھی تبدیلی آتی رہتی ہے۔ پہاڑوں کی اونچائی بھی کم اور زیادہ ہوتی ہے۔

ماؤنٹ ایورسٹ پہاڑ جو 29,035 فٹ بلند ہے، ہر سال اس کی اونچائی میں 0.16 انچ کا اضافہ ہوتا ہے۔ سینٹ ہیلنس کا آتش فشاں پہاڑ امریکی ریاست واشنگٹن میں ہے، 1980ء میں آتش فشاں پھٹنے کے

بعد اس کی طوالت ایک ہزار تین سو تیرہ فٹ کم ہو کر 9,677 فٹ سے 8,364 فٹ رہ گئی۔

قرآن کریم میں پہاڑوں میں حرکت کی نشان دہی کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''اور تو پہاڑوں کو دیکھے گا، تو خیال کرے گا کہ جمے ہوئے ہیں حالاں کہ وہ بادلوں کی طرح اڑ رہے ہیں۔ اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط و مستحکم بنا رکھا ہے۔ بے شک وہ ان سب سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔''

(النمل : ۸۸)

غرض ہر شے حرکت میں ہے اور حرکت کی بنیاد لہر ہے — لہر آواز ہے۔ جو آوازیں سماعت میں آجاتی ہیں ہم ان سے واقف ہوتے ہیں لیکن ایسی آوازیں بھی ہیں جو آدمی کی سماعت سے ماورا ہیں لیکن انسان انہیں سنتا ہے۔

قرآن کریم میں آدمی کی تعریف، اسفل سافلین اور انسان کو احسنِ تقویم کہا گیا ہے۔ بتانا یہ ہے کہ آواز ہر شے کی بنیاد ہے۔

خالقِ کائنات کے ذہن میں کائناتی پروگرام کُن کی آواز کے ساتھ ظاہر ہو گیا۔ کُن کی آواز سے کہیں زمین بن گئی، کہیں سماوات وجود میں آئے، کہیں درخت بن گئے، کہیں جنات، فرشتوں اور انسانوں کا مظاہرہ ہوا اور مظاہرہ مسلسل ہو رہا ہے۔

تخلیقی مراحل کو مثال سے سمجھتے ہیں۔

ڈائریکٹر فلم بناتا ہے۔ فلم تصویری صورت میں فریم در فریم فیتے (Reel) پر نقش ہوتی ہے۔ فریموں کی تعداد بے شمار لیکن جس نے فلم بنائی ہے اس کے شمار میں ہے۔ فیتہ کو (جو مکمل پروگرام یا فلم ہے) پروجیکٹر پر لگا دیا جاتا ہے۔ پروجیکٹر کے چلنے سے آواز پیدا ہوتی ہے اور فلم کا فیتہ حرکت میں آتا ہے۔ یہ آواز اس وقت تک رہتی ہے جب تک پروجیکٹر کو بند نہ کر دیا جائے۔

پروجیکٹر میں روشنی فیتہ پر موجود فریم سے گزرتی ہے۔ فریم میں تصویروں کا عکس، لہروں پر سفر کر کے سنیما کی اسکرین پر مظاہرہ بنتا ہے۔ اسکرین تصویروں کو قبول کرتی ہے اور فلم خدوخال میں ظاہر ہو جاتی ہے — خدوخال روشنی ہیں۔ فلم اور اسکرین موجود ہوں لیکن پروجیکٹر نہ ہو تو فلم کا مظاہرہ زیرِ بحث نہیں آئے گا۔

مظاہرہ کے لئے اسکرین کا ہونا ضروری ہے۔ ''ذہن'' بھی اسکرین ہے جس پر ہم مختلف مناظر کو تصویری شکل میں دیکھتے اور پہچانتے ہیں۔ پیاس لگتی ہے اور پانی کا خیال شدت اختیار کر لیتا ہے۔

کسی کو پانی لانے کو کہا جائے تو یہ پانی کے تصور کو الفاظ میں بیان کرنا ہے۔ تصویر پانی لانے والے کے ذہن میں بھی بنتی ہے۔ سننے والے کا ذہن کہیں اور ہو تو اس کے ذہن میں پانی کی تصویر نہیں بنے گی۔ یعنی

ذہن نے ان لہروں کو قبول نہیں کیا جن میں پانی کی تصویر ہے۔ لہٰذا فرد الفاظ کے معنی نہیں سمجھا۔

بات چیت کرنا، ذہن میں خاکوں، تصویروں اور مناظر کا اظہار ہے۔ ایک شخص مری، ایبٹ آباد، کاغان اور ناران گھومتا ہے، پہاڑوں اور دریاؤں کے خوب صورت مناظر کا مشاہدہ کرتا ہے، تازہ فضا اور فرحت بخش ہوا سے کیفیات لطیف ہوجاتی ہیں۔

واپس آکر دوستوں سے سفر کا ذکر کرے گا تو دراصل وہ سارے مناظر، جذبات، کیفیات تصویری طور پر حافظہ کی سطح پر آجائیں گے اور وہ ان تصویروں کو الفاظ کا جامہ پہنائے گا اور دوسروں کو بتائے گا جس سے ذہن پر تصویروں کا عکس بنے گا۔ یعنی لہروں کے ذریعے سامعین کے ذہن کی اسکرین پر عکس بنے گا۔

کیفیت بھی تصویر ہے۔ کیفیت کا اظہار کیا جاتا ہے تو آواز کی شدت، اتار چڑھاؤ، دھیما پن یا تیزی کیفیت کی غماز ہوتی ہے اور سامعین آواز سے کیفیت کا اندازہ لگالیتے ہیں۔

علمائے باطن فارمولا بیان کرتے ہیں کہ آدم بحیثیت اللہ تعالیٰ کے نائب کے، مخلوقات میں اشرف ہے۔ وسائل اس کے تابع ہیں۔ لہٰذا ارادہ کرنے پر ذہن میں موجود تصویر حرکت میں آتی ہے۔

ارادہ بھی آواز ہے۔ ہر وہ شے جس میں وائبریشن ہے، آواز ہے۔ امر اس بات پر منحصر ہے کہ ارادہ میں کتنی یک سوئی ہے۔

ارادہ کی پختگی سے الفاظ میں قوت پیدا ہوتی ہے اور سننے والا (جس کی حیثیت وسیلہ کی ہے) ارادہ کی قوت کے تحت متحرک ہوجاتا ہے اور ارادہ کرنے والے کے ذہن میں تصویر نمایاں ہوجاتی ہے۔

کتاب ''تذکرہ قلندر بابا اولیاؒ'' میں تحریر ہے:

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کی خدمت میں ایک لڑکی کو پیش کیا گیا جو پیدائشی طور پر گونگی اور بہری تھی۔ جن لوگوں نے حضور قلندر بابا اولیاؒ کو قریب سے دیکھا ہے وہ یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان کے مزاج میں احتیاط بہت تھی اور وہ کرامات سے طبعاً گریز فرماتے تھے۔ اس دن نہ معلوم کون سا وقت تھا کہ حضور بابا جیؒ نے لڑکی کو مخاطب کر کے فرمایا، تیرا نام کیا ہے؟ گونگی بہری لڑکی کیا جواب دیتی، خاموش رہی۔ دوسری دفعہ پھر فرمایا، بتا تیرا نام کیا ہے؟ لڑکی پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھتی رہی۔ تیسری بار انہیں جلال آگیا۔ سخت غصہ کے عالم میں فرمایا— بتا، تیرا نام کیا ہے—؟ اور لڑکی نے بولنا شروع کر دیا۔

قرآن کریم میں حضرت ابراہیمؑ کے حوالے سے بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''اور یاد کر جب ابراہیمؑ نے کہا، اے میرے پروردگار! مجھ کو دکھا کہ تو مردہ کو کس طرح زندہ کرے گا۔ فرمایا کہ کیا تم یقین نہیں رکھتے۔ عرض کیا کہ کیوں نہیں، لیکن اس واسطے چاہتا ہوں کہ میرے دل کو تسکین ہو جائے۔ فرمایا تو چار جانور اڑنے والے پکڑ پھر انہیں خود سے مانوس کر لے۔ پھر ہر پہاڑ پر ان کے بدن کا ایک ایک ٹکڑا رکھ دے پھر ان کو بلا۔ تیرے پاس دوڑتے ہوئے آئیں گے اور جان لے کہ بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔''

(البقرۃ: ۲۶۰)

جب فرد ذہن میں موجود تصویر کو بیان کرتا ہے تو الفاظ کی مدد لیتا ہے۔ ہر شے کی مقداریں معین ہیں۔ اس مخصوص تصویر کے لئے آواز کی جو فریکوئنسی اور ترکیب متعین ہے وہ حرکت میں آتی ہے۔ نتیجہ میں الفاظ فضا میں موجود ذرات کو ترتیب کے مطابق متحرک کرتے ہیں اور ذرات وہ شکل اختیار کر لیتے ہیں جو آواز کا منشا ہے۔

ایسا بھی ہوتا ہے کہ آدمی کچھ نہیں کہتا لیکن سمجھنے والا بات سمجھ جاتا ہے۔ اگرچہ خیال کے اظہار کے لئے آواز کا سہارا نہیں لیا گیا لیکن آواز موجود ہے۔ جیسا کہ بتایا جا چکا ہے کہ آواز ارتعاش یعنی وائبریشن ہے۔ ارتعاش لہروں کے ذریعے پھیلتا ہے اور قرب و بعد میں لوگوں کو متاثر کرتا ہے۔

وظائف اور اسم کے ورد میں بھی یہ اصول کارفرما ہے۔ مخصوص الفاظ کے دہرانے یا تکرار کے ذریعے ارادہ کو پختہ اور مضبوط کیا جاتا ہے۔

جس طرح کائنات کی ابتدا آواز کی کارفرمائی ہے، اسی طرح انتہا بھی ایک آواز ہے جسے قرآن کریم میں ''صور'' کہا گیا ہے۔

''اور جس دن صور پھونکا جائے گا تو جو کوئی آسمان میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے سب ہی گھبرائیں گے مگر جسے اللہ چاہے اور سب اُس کے پاس عاجز ہو کر چلے آئیں گے۔''

(النمل: ۸۷)

ابدال حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کائنات کی تخلیق اور آواز کے قانون سے متعلق اپنی رباعی میں فرماتے ہیں:

اک لفظ تھا، اک لفظ سے افسانہ ہوا
اک شہر تھا، اک شہر سے ویرانہ ہوا
گردوں نے ہزار عکس ڈالے ہیں عظیم
میں خاک ہوا، خاک سے پیمانہ ہوا

ماہنامہ
روحانی ڈائجسٹ
کراچی

یہ پرچہ بندہ کو خدا تک لے جاتا ہے
اور بندہ کو خدا سے ملا دیتا ہے

چیف ایڈیٹر: خواجہ شمس الدین عظیمی

مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر حکیم وقار یوسف عظیمی

اللہ آسمان سے پانی برسا کر
زمین پر رزق رسانی کے لئے۔۔۔
انواع و اقسام کے ثمرات پیدا کرتا ہے۔

روحانی ڈاک میں آپ کے مسائل و مشکلات کا حل پیش کیا جاتا ہے۔

شعور کے پس پردہ لاشعور کی حقیقت کی پردہ کشائی کی جاتی ہے۔

خواتین کی زندگی کو پُر کشش، پرسکون بنانے کے لئے مضامین شائع کئے جاتے ہیں۔

بچوں کے لئے کہانیاں اور بہترین مستقبل کے لئے راہنما اصول بیان کئے جاتے ہیں۔

دین و دنیا کی خوشی حاصل کرنے کے لئے روحانی ڈائجسٹ ہر جگہ دستیاب ہے۔

عبدالعزیز

یاں ورنہ جو حجاب ہے، پردہ ہے ساز کا

جو بات محققین نے بیان کی یا جو ترقی اس وقت ہے — مرزا اسداللہ خان غالبؔ اس بات کو ڈیڑھ صدی قبل بیان کر چکے ہیں۔

ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام
مہرِ گردوں ہے چراغ رہ گزار بادیاں

اسداللہ خان غالبؔ نے تقریباً ہر موضوع پر اشعار قلم بند کیے ہیں۔ ان کی شاعری، تہذیبی، ثقافتی، مذہبی اور فلسفیانہ شعور سمیٹے ہوئے ہے۔ گہرائی میں دیکھیں تو ان کی شاعری میں سائنسی شعور شد و مد سے دکھائی دیتا ہے۔ درج بالا شعر کی تشریح شارحینِ غالبؔ نے اپنے اپنے انداز اور فہم کے مطابق کی ہے۔ مضمون میں اسے سائنس کی شاخ ''حرکیات'' (تھرموڈائنامکس) کی روشنی میں واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

حرکیات کا تصور اس وقت سامنے آیا جب 1824ء میں کارنو نے ایک مقالہ تحریر کیا۔ اس نے بتایا کہ حرارتی انجن کی کارکردگی کس طرح معلوم کی جائے۔ کچھ عرصہ گزرا تھا کہ اس کے مقاصد میں وسعت پیدا ہوئی اور اسے کائنات کے مجموعی مطالعہ میں استعمال کیا جانے لگا۔ اس طرح حرکیات کو شہرت مل گئی۔

قارئین کی آسانی کے لئے حرکیات (تھرموڈائنامکس) کو دو اصولوں کی مدد سے بیان کیا جا سکتا ہے۔ پہلے اصول کا ابتدائی حصہ جول کا تجرباتی قانون ہے۔ جول کے مطابق حرکی توانائی کو حرارت میں تبدیل کرنے سے کام کی اکائیوں اور حاصل شدہ حرارت میں مستقل نسبت رہتی ہے۔ توانائی کے تصور کی وضاحت و توسیع ہوئی تو جول کے قانون میں بھی تبدیلی آئی اور اس طرح بیان کیا جانے لگا۔ آسانی کے لئے ہم اسے دو اصول کہہ سکتے ہیں۔ جب کسی قسم کی توانائی حرارت میں تبدیل ہوتی ہے تو حرارت سے کسی اور قسم کی توانائی کی تبدیل شدہ مقداروں میں نسبت مستقل رہتی ہے۔

عام زبان میں اس طرح بیان کیا جائے گا کہ طبیعی تغیر میں حرارت بلند تر درجہ حرارت کی طرف حرکت کرتی ہے اور یہ عمل اس وقت تک جاری و ساری رہتا ہے جب تک دونوں اجسام میں درجہ حرارت ایک ہو جائے۔

قانون بقائے توانائی کی رو سے دیکھا جائے تو توانائی

کی مقدار ہمیشہ مستقل رہتی ہے اور کسی بھی طبیعی تغیر میں اسے پیدا اور فنا نہیں کیا جاسکتا۔ یہ صرف اپنی شکلیں تبدیل کرنے پر قادر ہے لیکن شکلوں کی اس تبدیلی میں بعض ایسی شکلیں ہیں جو آدمی کے لئے کارآمد نہیں ہوتیں۔

فرض کیجئے کہ ہمارے پاس ایک ریلوے انجن ہے جسے ہم پٹری پر دوڑانا چاہتے ہیں ۔ اس مقصد کے لئے کوئلے کی کیمیائی توانائی (کیمیکل انرجی) کو بھاپ کی حرارتی توانائی (تھرمل انرجی) میں تبدیل کیا جائے گا اور بھاپ سے انجن چلا کر حرکی یا میکانی توانائی (مکینیکل انرجی) حاصل کی جائے گی تاکہ سفر ممکن ہو سکے۔ اس عمل کے دوران حرکی توانائی کا کچھ حصہ ریل اور پہیوں کی رگڑ میں صرف ہو جائے گا جو کوئی مفید کام سرانجام نہیں دے گا ۔ کچھ حصہ آواز میں تبدیل ہو کر فضا میں بکھر جائے گا۔ اسی طرح رگڑ سے جو حرارت پیدا ہوگی وہ بھی فضا میں بکھر جائے گی۔

کوئلے کی کیمیائی توانائی مختلف شکلیں اختیار کر کے فضا میں پھیل جاتی ہے جو ختم نہیں ہوتی بلکہ موجود رہتی ہے لیکن مفید صورت میں نہیں ، یہی عمل ہر طبیعی تغیر میں ہوتا ہے۔

ہم نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ روز بروز کارآمد توانائی مختلف طبیعی تغیرات کے دوران ناکارہ توانائی میں بدلتی رہتی ہے اور مفید توانائی میں دن بہ دن کمی ہو رہی ہے۔ توانائی انتشار کا شکار ہو کر فضا کے دور دراز حصوں میں پہنچ کر ان کے درجہ حرارت میں اضافہ کر رہی ہے ۔ گویا یہ کہا جاسکتا ہے کہ کسی بھی طبیعی تغیر میں توانائی کے قابل استفادہ صورت میں اضافے کے بجائے کمی ہو رہی ہے اور ایک دن ایسا آئے گا کہ جب کائنات کی ساری توانائی منتشر ہو کر افادیت کھو بیٹھے گی۔

فرض کیجئے کہ ہم حرارتی توانائی کو میکانکی توانائی میں بدلنا چاہتے ہیں تو ہمیں سالمات (مالیکیولز) کی بے ہنگم حرکت کو ضبط (ترتیب) میں لانا ہوگا۔ حرارتی توانائی سالمات کی بے تکی حرکت کی وجہ سے ہے لیکن میکانکی توانائی کی صورت میں سالمات ایک سمت میں ایک رفتار سے حرکت کرتے ہیں اور ان میں نظم وضبط ہوتا ہے۔

حرکیات کا بنیادی قانون بتاتا ہے کہ توانائی کی مقداریں دونوں شکلوں میں برابر ہوں گی لیکن ان کی ماہیت میں فرق ہوگا۔ حرارتی توانائی میں سالمات کی بے ہنگم حرکت اور میکانکی میں باضابطہ حرکت دونوں توانائیوں کی ماہیت میں فرق کا باعث بن رہی ہے۔

غور کیا جائے تو ہم حرکت کی منظّم شکل سے بے ہنگم یا غیر منظّم حرکت کی طرف آسانی سے جا سکتے ہیں لیکن بے ہنگم سے منظّم شکل کی طرف سفر کٹھن ہے۔

مثال: فرض کیجیے ایک ڈبے میں دو حصے ہیں۔ ایک حصہ میں سفید اور دوسرے میں سرخ گولیاں ہیں۔ ڈبے

کو بار بار ہلائیں تو سفید و سرخ گولیاں آسانی سے مل جائیں گی — نظم سے بدنظمی پیدا ہوگی۔ ڈبے کو مزید جھٹکا دیں تو اس کا الٹ ناممکن ہے کہ گولیاں پھر سے اپنے اپنے حصوں میں جا کر منظّم ہوجائیں۔

مثال سے واضح ہوتا ہے کہ کائنات میں غیر منظّم حالات پیدا ہونے کا امکان، منظّم حالات کی نسبت زیادہ ہے۔ سالمات (مالیکیولز) کے ایک ہجوم کو اپنی حالت پر چھوڑ دیا جائے تو وہ ایک دوسرے سے ٹکراتے رہتے ہیں اور منظّم سے بے ہنگم حالت اختیار لیتے ہیں کیوں کہ اس کا امکان زیادہ ہے۔

حرکیات (تھرموڈائنامکس) میں ہم ایک اور اہم تصور سے روشناس ہوتے ہیں جسے ''ناکارگی'' کہا جاتا ہے۔ دیکھا جائے تو یہ کوئی طبعی حالت نہیں جیسے دباؤ یا درجہ حرارت ہے ہم جس کا ادراک اپنے حواس سے کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ آسانی کے لئے اتنا سمجھئے کہ کسی نظام میں نظم وضبط جتنا کم ہوگا— اس میں قابل استفادہ توانائی بھی اسی مناسبت سے ہوگی۔

بالفاظ دیگر ناکارگی (Entropy) کی زیادتی سے نظم وضبط میں کمی واقع ہوتی ہے تو بے ہنگم پن بڑھ جاتا ہے اور کارآمد توانائی کی کم مقدار حاصل ہوتی ہے۔ ناکارگی انتہائی حدود کو چھوتی ہے تو مزید تبدیلی نہیں ہوتی۔

حرکیات کا اصول بتاتا ہے کہ کسی بھی قدرتی نظام کی ناکارگی مسلسل بڑھتی رہتی ہے۔ جب کہ ناکارگی کم کرنا ہمارے بس سے قطعاً باہر ہے۔ کائناتی پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ اس کی ناکارگی بھی مسلسل بڑھتی جا رہی ہے۔ انجام اس وقت سامنے آئے گا جب ناکارگی (Entropy) انتہا کو چھولے گی۔

کائنات کی توانائی ناکارہ صورت اختیار کر جائے گی، گویا کائنات میں تغیر ختم ہوجائے گا۔ موجودہ حالت میں کائنات پر غور کیا جائے تو ظاہر ہوتا ہے کہ حرارت کی تقسیم یکساں نہیں— معین مقداروں پر قائم ہے۔

''پاک اور بلند مرتبہ ہے وہ ذات جس نے ہر شے کو مقداروں سے تخلیق کیا اور ان مقداروں کی ہدایت بخشی۔'' (الاعلیٰ: ۱۔۳)

خلا کی تاریک گہرائیوں میں درجہ حرارت مطلق صفر سے محض تین یا چار درجہ تک بلند ہے۔ مگر سورج کی سطح کے قریب 6000 درجے اور اس کے مرکز میں تقریباً چار یا پانچ کروڑ درجے ہے۔ زمین کے ماحول کو دیکھا جائے تو درجہ حرارت یہاں بھی یکساں نہیں۔

مثلاً خطِ استوا پر موجود ممالک کا درجہ حرارت کچھ اور ہے اور قطبین پر درجہ حرارت الگ ہے۔

درج بالا بحث کا لبِ لباب کچھ اس طرح ہے کہ جیسے جیسے کائنات کے درجہ حرارت میں یکسانیت آتی جائے گی— ناکارگی میں بھی اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ اور یہ عمل اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کائنات

کے تمام علاقوں کا درجہ حرارت یکساں نہیں ہو جاتا۔ تب زندگی ناممکن ہوگی، مکمل سکون اور دائمی رات کا اندھیرا!

پوری غزل اس طرح سے ہے ـــ

دل لگا کر لگ گیا ان کو بھی تنہا بیٹھنا
بارے اپنی بیکسی کی ہم نے پائی داد یاں
ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام
مہر گردوں ہے چراغ رہ گزارِ باد یاں
ہے ترحم آفریں آرائش بے داد یاں
اشک چشم دام ہے ہر دانۂ صیاد یاں
ہے گداز موم اندازچکیدن ہائے خوں
نیش زنبور اصل میں ہے نشتر فصّاد یاں
ناگوارا ہے ہمیں احسان صاحب دولتاں
ہے زرِ گل بھی نظر میں جوہر فولاد یاں
جنبشِ دل سے ہوئے ہیں عقدہ ہائے کار وا
کمتریں مزدور سنگیں دست ہے فرہاد یاں
قطرہ ہائے خون بسمل زیبِ داماں ہیں اسدؔ
ہے تماشا کردنی گل چینئ جلاد یاں

قارئین کی آسانی کے لئے کلام کا مختصر مفہوم یہ ہے کہ کائنات فنا کی جانب گامزن ہے۔ سورج کی مثال ایسی ہے جیسے تیز ہوا کے دوش پر چراغ۔ ظلم آرائش بن کر قابلِ رحم ہے۔ صیاد کا ہر دانہ اشک بار ہے۔ خون موم بتی کے گداز کی مانند ٹپک رہا ہے۔ دولت مندوں کا احسان لینا ناگوار ہے۔ پھولوں کے زردانے بھی فولاد کی برچھی محسوس ہوتے ہیں۔ دل کسی پر آتا ہے تو مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں اور کم زور مزدور بھی فرہاد بن جاتا ہے۔ اے غالبؔ! قاتل کا دامن مقتول کے لہو کے قطروں سے سجا ہے، جلاد کی یہ گل چینی قابلِ دید ہے۔

بحث مدنظر رکھتے ہوئے غور کرتے ہیں کہ غالبؔ حقیقتاً اس شعر میں کیا کہنا چاہتے ہیں۔

ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام
مہرِ گردوں ہے چراغ رہ گزار بادیاں

غالبؔ کے خیال میں کائنات کے تمام اجزا روبہ زوال ہیں۔ یہاں لفظ ''آفرینش'' استعمال ہوا ہے جو فارسی مصدر ''آفریدن'' سے مشتق ہے۔ اس کا مطلب ہے پیدا کرنا یعنی کائنات میں جو بھی چیز پیدا ہوئی یا تخلیق کی گئی، سبھی کو زوال ہے۔ سورج کو چراغ باد سے تشبیہ دے کر اس میں شامل کر دیا ہے۔ تحقیق بتاتی ہے کہ کائنات اپنے انجام کی طرف بڑھ رہی ہے۔ سورج بھی روبہ زوال ہے اور 25 کروڑ ٹن مادہ ہر منٹ میں شعاعوں کی شکل میں بکھیر رہا ہے۔ یہی حال دیگر ستاروں کا ہے۔

مرزا اسداللہ غالبؔ نے کائنات کی تباہی و بربادی کی توضیح کرنے کی غرض سے سورج کو بطور مثال منتخب کیا ہے کیوں کہ تمام کے تمام نظام شمسی کا انحصار سورج پر

ہے اور اگر سورج روبہ زوال ہے تو پھر نظام شمسی کے دیگر سیارے کیا معنی رکھتے ہیں؟

سورج بذات خود بقول غالبؔ، ایک ایسا چراغ ہے جو ہوا کے راستہ میں ضوفشاں ہے اور ظاہر ہے ہوا کے راستہ میں رکھا چراغ کسی بھی لمحہ یا کسی بھی جھونکے پر بجھ سکتا ہے۔ ہوا کے راستہ میں رکھے چراغ کا تا ابد روشن رہنا ناممکنات میں سے ہے۔ غالب ''مہر گردوں'' کو اس سے تشبیہ دے کر اس کی زوال آمادگی واضح کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس شعر میں گزرتے وقت کو ''باد'' یعنی ہوا سے تشبیہ دی گئی ہے۔ اگر دیکھیں تو وقت یا زمانہ ایک غیر محسوس شے ہے اور غالب نے بڑی عمدگی سے ایک غیر محسوس شے کو محسوس سے تشبیہ دے کر اپنا مدعا واضح کر دیا ہے۔ وقت جس تیزی کے ساتھ چیزوں کو بدل رہا ہے اور توانائی دن بدن کائنات میں پھیل کر منتشر ہو رہی ہے وہ سب مادہ کے تغیر کا نتیجہ ہے۔ اور بقول غالبؔ وقت کی آندھی کے سامنے سورج ایسے طاقت ور چراغ کا ٹکنا مشکل ہے۔ گزرتے لمحوں کے ساتھ تبدیلیوں کا وقوع پذیر ہونا طبیعی تغیر کا نتیجہ ہے۔ یہ طبیعی تغیر ہمیں تباہی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ غالبؔ کے اس شعر میں بھی اسی طرف اشارہ کیا گیا ہے جو ناکارگی کی ذیل میں بیان کیا جا چکا ہے۔

محقق جیمس جینز نے کتاب The Dying Sun میں اشارہ کیا ہے کہ سورج میں ہر وقت ایٹمی افتراق و امتزاج ہوتا رہتا ہے اور یہ کہ ایک وقت ایسا آئے گا جب سورج بجھ جائے گا۔ جب کہ چودہ سو سال پہلے قرآن کریم میں اعلان ہے:

''جب سورج لپیٹ دیا جائے گا اور جب تارے بکھر جائیں گے، اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے اور جب دس مہینے کی حاملہ اونٹنیاں اپنے حال پر چھوڑ دی جائیں گی اور جب جنگلی جانور سمیٹ کر اکٹھے کر دیے جائیں گے اور جب سمندر بھڑکا دیے جائیں گے اور جب جانیں جوڑ دی جائیں گی اور جب زندہ گاڑی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائے گا کہ وہ کس قصور میں ماری گئی، اور جب اعمال نامے کھولے جائیں گے اور جب آسمان کا پردہ ہٹایا جائے گا اور جب جہنم دہکائی جائے گی اور جب جنت قریب لے آئی جائے گی، اس وقت ہر شخص کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے۔'' (التکویر:۱-۱۴)

شعر کے دوسرے مصرعہ میں سورج کو ہوا کے راستہ میں رکھے چراغ سے تشبیہ دے کر اس کے بجھ جانے کی طرف اشارہ ہے۔

شمس الرحمان فاروقی نے کتاب ''تفہیم غالبؔ'' میں اس نکتہ کی طرف توجہ دلائی ہے۔ ان کے بقول، سورج کی سطح پر مسلسل برپا رہنے والے جوہری طوفان کے نتیجہ میں پروٹون (باردار ذرات) کا جم غفیر روشن

مٹی میں تبدیل ہوجاتی ہے۔مساوات یہ بنی کہ مٹی درخت اور درخت مٹی میں تبدیل ہوجاتا ہے۔

آدمی بھی چار عناصر سے مرکب ہے۔اس ترتیب کا نام زندگی ہے۔جسم 65 فیصد پانی ہے۔تنفس کا عمل ثبوت ہے کہ ہم ساری زندگی ہوا کو جذب اور خارج کرتے رہتے ہیں۔معدہ کا نظام خراب ہوتو حبس ریاح کا مرض بھی لاحق ہوجاتا ہے۔

جسم کی حرارت سے سب واقف ہیں۔اللہ تعالیٰ سب کو صحت وتن درستی عطا فرمائیں۔تیز بخار کا تجربہ سب کو ہے۔مادی وجود مٹی سے بنا ہے اور حرارت آگ کی ایک صفت ہے۔عناصر بکھر جائیں تو اس عمل کو موت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔جوں ہی آخری سانس جاتا ہے، روح اور جسم کے رشتہ کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری درجہ حرارت صفر پر آجاتا ہے۔تدفین کے بعد مرکب جسم پانی اور مٹی بن کر تحلیل ہوجاتا ہے۔

غور طلب ہے کہ پانی، آگ، ہوا اور مٹی میں غالب عنصر پانی ہے۔اس حقیقت کو اس طرح بھی بیان کیا جاسکتا ہے کہ تمام عناصر میں پانی کا عمل دخل ہے۔

مثال: مٹی میں نمی پائی جاتی ہے۔ ہوا میں بھی بخارات ہوتے ہیں۔ٹھنڈے پانی سے بھرا گلاس میز پر رکھیں تو تھوڑی دیر میں گلاس کی بیرونی سطح پر پانی کے قطرے جمع ہوجاتے ہیں۔ایسا کیوں ہے ___؟ اس لئے کہ آبی بخارات ہوا میں موجود ہیں جو پانی میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔

ممکن ہے یہ جان کر آپ کو حیرانی ہو کہ آگ میں بھی پانی ہے۔شعلہ کے بنیادی اجزا کاربن ڈائی آکسائیڈ آکسیجن، نائٹروجن اور آبی بخارات ہیں۔یہی وجہ ہے کہ آگ بجھانے کے لئے پانی احتیاط سے استعمال نہ کیا جائے تو آگ مزید بھڑک سکتی ہے۔

پروٹوپلازم جان دار اشیا کی بنیادی اکائی ہے۔اس کا تقریباً 85فیصد پانی ہے۔ کچھ جان داروں کا 90 فیصد جسم پانی سے بنا ہے جب کہ انسانی ساخت میں تقریباً 5 6 فیصد پانی ہے۔ ماہرین حیاتیات کے مطابق انسانی دل اور دماغ کا 73 فیصد، پھیپھڑے 83 فیصد، جلد64 فیصد، گردے79 فیصد اور ہڈیاں 31فیصد پانی پر مشتمل ہیں۔

نوزائیدہ بچہ کا جسم75 فیصد پانی سے تشکیل پاتا ہے۔ بچہ بڑا ہوتا ہے، اس مناسبت سے جسم میں پانی کا تناسب کم ہوتا رہتا ہے۔ پھلوں مثلاً آم، کیلا، سیب، تربوز وغیرہ میں وافر مقدار میں پانی ہے۔

پانی جسمانی نظام میں کئی افعال سرانجام دیتا ہے۔ خلیات کو توانائی فراہم ہوتی ہے۔جسم کے اندرونی درجہ حرارت کو متوازن رکھتا ہے۔غذا ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے اور دورانِ خون میں توانائی شامل کرتا ہے۔

زہریلے مادوں کو جسم سے خارج کرتا ہے۔ دماغ، حرام مغز اور دیگر حساس اعضا کو اچانک دھچکے سے محفوظ رکھتا ہے۔لعاب بناتا ہے، نگلنے اور چبانے میں مدد ملتی ہے۔ جوڑوں کے لئے چکنائی فراہم کرتا ہے وغیرہ۔ پانی کی خصوصیت یہ بھی ہے کہ خلیات میں غذائی مادوں کو تحلیل کرتا ہے جو بعد میں خون میں شامل ہو جاتے ہیں۔

کمی سے دماغ متعدد مسائل کا شکار ہو سکتا ہے جن میں یادداشت کی کمی، پریشان خیالی، ذہنی تھکاوٹ، سر درد، ڈپریشن اور بے خوابی سرفہرست ہیں۔

دماغ 73 فیصد پانی ہے اور افعال سرانجام دینے کے لئے پانی کا مرہون منت ہے۔ یہ برقی توانائی فراہم کرتا ہے۔ تجربات سے ثابت ہے کہ پانی کی کمی سے دماغی خلیات کا حجم کم ہوتا ہے اور خلیے سکڑتے ہیں۔ نتیجہ میں جسمانی افعال متاثر ہوتے ہیں۔دماغ سے جسمانی افعال کنٹرول کرنے کے لئے مختلف ہارمون پیدا ہوتے ہیں جو پانی کے بغیر ممکن نہیں ہے۔

پانی ہائیڈروجن کے دو اور آکسیجن کے ایک ایٹم سے مل کر اس طرح بنا ہے کہ ہائیڈروجن کے دو ایٹم، آکسیجن کے ایک ایٹم کے دونوں اطراف سے منسلک ہیں۔ ہائیڈروجن ایٹم پر مثبت چارج اور آکسیجن کے ایٹم پر منفی چارج ہے۔ پانی ایسا جوہر ہے جس میں منفی اور مثبت دونوں چارج بیک وقت موجود ہیں۔اس وجہ سے پانی کی خاصیت مقناطیس کی ہے جس میں مثبت اور منفی دونوں چارج ہیں۔

کشش و گریز کی قوت سے پانی کے مالیکیول میں تناؤ کی کیفیت رہتی ہے— پانی کو پانی سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ اس خاصیت کی بنا پر پانی کی سطح پر پیپر کلپ کو آرام سے رکھا جائے تو وہ نہیں ڈوبتا۔

دیگر بہت سی اشیا مثلاً نمک، چینی، نامیاتی مرکبات، تیزابوں اور چند گیسوں وغیرہ کو جذب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ خود کو ٹھوس، مائع اور گیس تینوں حالتوں میں تبدیل کر سکتا ہے۔ جم کر برف بنتا ہے تو یہ حالت ٹھوس ہے۔

پانی میں اس قدر ٹھوس پن ہے کہ لوہے اور دیگر دھاتوں سے بنی پانی کی پائپ لائنیں اکثر سردیوں میں برف بننے کی وجہ سے پھٹ جاتی ہیں۔ پہاڑی علاقوں میں برف باری یا بارش ہوتی ہے، پانی بڑی بڑی چٹانوں کی دراڑوں میں جا کر برف بنتا ہے تو چٹانیں چٹخ کر ٹوٹ جاتی ہیں۔

پانی کے سارے خواص مخلوقات میں موجود ہیں۔ چودھویں کے چاند سے سمندر میں مدوجزر پیدا ہوتا ہے۔سمندر میں اونچی اونچی لہریں اٹھتی ہیں۔ چوں کہ مخلوقات کا بیش تر جسمانی ڈھانچا پانی پر مشتمل ہے— چاندنی کے اثرات رویوں پر پڑتے ہیں۔

چکور چاندنی رات میں چاند کی طرف پرواز کرنے کی کوشش کرتا ہے۔تحقیقات سے ثابت ہے کہ مضمون نگار

خواتین وحضرات کو مکمل چاند یا چودھویں رات کو لکھنے میں آسانی ہوتی ہے کیوں کہ خیالات کے بہاؤ میں تیزی آجاتی ہے۔اسی طرح چاندنی رات میں غصہ کرنے والے لوگوں کے رویوں میں شدت دیکھی گئی ہے۔یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ پاگل اور جنونی افراد کا جنون چاندنی راتوں میں عام راتوں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہر جان دار کو پانی سے تخلیق کیا ہے۔جسم میں پانی کی کثرت کے باعث مخلوقات کی فطرت وہی ہے جو پانی کی ہے۔پانی کی فطرت حرکت ہے۔متحرک رہنے سے آدمی فطرت سے قریب ہوتا ہے۔دریا میں طغیانی آجائے تو سطح پر عکس یا نقش نہیں بنتا۔

یہی صورت ذہن کی ہے۔ جب تک ذہن میں توازن قائم رہتا ہے، زندگی پرسکون گزرتی ہے۔ذہن خیال پر اس طرح رک جائے کہ شک اور وسوسے پیدا ہوں تو یہ پریشان خیالی ہے۔اس کیفیت میں کوئی کام درست نہیں ہوتا اور خاطر خواہ نتائج نہیں نکلتے۔

پانی ٹھہر جائے، گدلا ہو جاتا ہے اور تعفن ظاہر ہوتا ہے۔اسی طرح ذہن پر جمود طاری ہو تو آدمی معاشرہ میں عضو معطل بن جاتا ہے۔

ہر شے کی بنیاد روشنی ہے۔قرآن کریم میں ارشاد ہے،

''اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا۔''

(النور:۳۵)

پانی اور روشنی کے ربط سے متعلق قرآنی آیات کی تشریح کتاب ''شرح لوح وقلم'' میں اس طرح بیان کی گئی ہے۔

''جس کائنات کو مادی آنکھ دیکھتی اور پہچانتی ہے اس کی بنیاد روشنی کے اوپر قائم ہے۔ایسی روشنی جس کے اندر بہاؤ ہے۔اس روشنی اور روشنی کے اسی بہاؤ کو قرآن پاک ''ماء'' کہتا ہے۔قرآن پاک نے جس روشنی کو ماء یعنی روشنی کے نام سے متعارف کرایا ہے سائنس اسی روشنی یا پانی کو گیسوں کے نام سے جانتی ہے۔روشنیوں کے بہاؤ سے مراد یہ ہے کہ صدہا گیسوں کے اجتماع سے شکلیں وجود میں آتی ہیں۔ایک گلاس میں پانی بھر کر دیوار پر پھینک دیں۔ پانی پھینکنے کے بعد پوری طرح پھیل جائے تو اسے غور سے دیکھیں۔ دیوار کے اوپر مختلف شکلیں نظر آئیں گی۔جس طرح دیوار کے اوپر پانی پھیل کر اور بکھر کر مختلف شبیہیں بنا لیتا ہے اسی طرح نزول کرنے والی روشنیاں جب کائنات کی اسکرین پر نزول کرتی ہیں تو شکلیں بنتی ہیں۔''

★ قارئین تجربہ کر کے نتائج سے ادارہ کو مطلع کیجئے۔

حامد ابراہیم

روحانی سائنس

قَالَ الَّذِیۡ عِنۡدَہٗ عِلۡمٌ مِّنَ الۡکِتٰبِ اَنَا اٰتِیۡکَ بِہٖ قَبۡلَ اَنۡ یَّرۡتَدَّ اِلَیۡکَ طَرۡفُکَ ؕ فَلَمَّا رَاٰہُ مُسۡتَقِرًّا عِنۡدَہٗ قَالَ ہٰذَا مِنۡ فَضۡلِ رَبِّیۡ ۟ۚ

''ایک شخص جس کے پاس کتاب کا علم تھا، بولا کہ میں تخت کو آپ کے پاس لے آتا ہوں اس سے پہلے کہ آپ کی آنکھ جھپکے۔ پس جب اس نے دیکھا تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا تو کہا، یہ میرے رب کا فضل ہے۔'' (النمل: ۴۰)

جلیل القدر پیغمبر حضرت سلیمانؑ اور ملکہ سبا کے قرآن کریم میں بیان کئے گئے قصہ میں عجائبات اور اسرار و رموز ہیں۔ اس واقعہ میں ایک مقام ایسا ہے جو پورے قصہ کا نکتۂ عروج اور غیر معمولی توجہ کا طالب ہے۔ رب العالمین کا ارشاد ہے:

''کہا اے اہلِ دربار! تم میں سے کون ہے جو اس کے تخت کو لے آئے گا اس سے پہلے کہ وہ سب میرے پاس مطیع و فرماں بردار ہو کے آئیں۔ جنات میں سے ایک فرد عفریت نے کہا، میں اس تخت کو آپ کے پاس لے آؤں گا اس سے پہلے کہ دربار برخاست ہو اور میں اس معاملہ میں طاقت ور، امانت دار ہوں۔ ایک شخص جس کے پاس کتاب کا علم تھا، بولا کہ میں تخت کو آپ کے پاس لے آتا ہوں اس سے پہلے کہ آپ کی آنکھ جھپکے۔ پس جب اس نے دیکھا تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا تو کہا، یہ میرے رب کا فضل ہے تا کہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر ادا کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں اور جس نے شکر ادا کیا بے شک اس نے شکر ادا کیا اپنی ذات کے لئے اور جس نے ناشکری کی تو بے شک میرا رب بے نیاز، بڑے کرم والا ہے۔'' (النمل: ۳۸-۴۰)

آیئے ان آیات کا سائنسی تجزیہ کرتے ہیں اور علمائے باطن کے علم یعنی روحانی سائنس کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

۱۔ حضرت سلیمانؑ اہلِ دربار کو ملکہ سبا کا تخت لانے کا حکم دیتے ہیں جو سائز اور وزن کے اعتبار سے غیر معمولی ہے۔ دل چسپ نکتہ یہ ہے کہ بادشاہ کو اہلِ دربار کی صلاحیتوں کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ حضرت سلیمانؑ براہ راست کسی کو تخت لانے کا حکم دے سکتے تھے لیکن دربار میں حاضرین کے سامنے اعلانیہ حکم میں یہ حکمت نظر آتی ہے کہ حضرت سلیمانؑ اللہ کی عطا کردہ مخصوص صلاحیت یا "علم" دربار کے سامنے لانا چاہتے ہیں۔

۲۔ شرط یہ رکھی کہ ملکہ اور اس کے اہلِ دربار کی آمد سے قبل تخت لایا جائے۔ دربار کے مقام یعنی بیت المقدس اور سلطنت سبا کا درمیانی فاصلہ 1500 میل (2414 کلومیٹر) بتایا گیا ہے۔

۳۔ ایک طاقت ور جن، عفریت کہتا ہے کہ میں تخت کو دربار میں حاضر کرسکتا ہوں اس سے پہلے کہ دربار برخاست ہو۔ بہرحال یہ طے شدہ ہے کہ عفریت جن یہ کام ملکہ کی آمد سے قبل سرانجام دے سکتا تھا۔

۴۔ دربار میں موجود نوعِ انسان میں سے ایک فرد (قرآن میں اس فرد کے نام کے بجائے علمی خصوصیت کے حوالہ سے تعارف ہے۔ روایات میں نام آصف بن برخیا بتایا گیا ہے) جس کے پاس کتاب کا علم ہے، عرض کرتا ہے کہ میں تخت حاضر کرسکتا ہوں اس سے پہلے کہ آپ کی پلک جھپکے — اور فوراً عملی مظاہرہ بھی ہوگیا — حضرت سلیمانؑ کی پلک جھپکنے سے قبل نقش و نگار سے مزین تخت دربار میں موجود تھا۔

پلک جھپکنے کا دورانیہ:

۱۔ پلک جھپکنے کا دورانیہ عام حالات میں 400,300 ملی سیکنڈ یا اوسطاً 350 ملی سیکنڈ ہوتا ہے جو ایک سیکنڈ کا قریباً ایک تہائی ہے۔ 350 ملی سیکنڈ پلک جھپکنے کا پورا دورانیہ ہے۔ آنکھ کھلتی ہے، پردہ کی حرکت ڈیلے پر پڑتی ہے تو یہ ایک نصف ہوا یعنی 175 ملی سیکنڈ۔ اس کے بعد پردہ ہٹتا ہے اور آنکھ کھلتی ہے تو یہ دوسرا نصف ہے — اس کا دورانیہ بھی 175 ملی سیکنڈ ہے۔ غور طلب یہ ہے کہ جس شخص نے دعویٰ کیا کہ وہ پلک جھپکنے سے قبل تخت حاضر کرسکتا ہے اس کے پاس صرف 175 ملی سیکنڈ (جس کو منٹ کے وقفہ سے بیان نہیں کیا جاسکتا) یا اس سے بھی کم وقت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پردہ آنکھ کے ڈیلے پر پڑے تو کھلنے سے پہلے تخت موجود ہو۔

قارئین! ذرا غور کریں کہ پلک جھپکنے کے وقفہ کو استعارہ کے طور پر استعمال کیا گیا ہے ورنہ اتنے منفی وقت میں ہزاروں میل سے بھاری بھرکم تختِ شاہی کو منتقل کرنے کی رفتار شعوری جمع تفریق اور حسابی قاعدوں سے ماورا ہے۔

۶۔ امریکی خلائی ادارہ ناسا کے محققین دعویٰ کرتے ہیں کہ ابھی تک آدمی نے ان کے بقول کوئی تیز رفتار ترین شے ایجاد کی ہے تو وہ Helios-2 نامی سیٹیلائٹ ہے جو 15 جنوری 1976 کو زمین سے خلا میں چھوڑا گیا۔ اس کا ہدف سورج کے قریب مدار تھا

تاکہ سورج کی مقناطیسی خصوصیات کا گہرا جائزہ لیا جاسکے۔ تین سال تک سیٹلائیٹ نے معلومات جمع کیں۔اس کے بعد سے یہ اب تک بے کار حالت میں سورج کے قریبی مدار میں محوِ گردش ہے۔ محققین نے اس کی رفتار 43.63 میل فی سیکنڈ یا 70 کلومیٹر فی سیکنڈ بتائی ہے جو زمینی ماحول کے اعتبار سے غیر معمولی حد تک تیز رفتار ہے لیکن روشنی کی رفتار (یعنی تین لاکھ کلومیٹر فی سیکنڈ یا ایک لاکھ چھیاسی ہزار دو سو بیاسی میل فی سیکنڈ) کے سامنے بے معنی ہے۔

علم الکتاب کیا ہے —؟

علم الکتاب — یہ بات واضح ہونی چاہئے کہ روحانی سائنس ہے۔ حضرت سلیمانؑ کے واقعہ میں روحانی سائنس کی جانب متوجہ کیا گیا ہے۔

موجودہ دور میں سائنسی علوم کا مرکز محض مادہ بنا دیا گیا ہے جس کی وجہ سے سائنسی علوم کو محدود کردیا گیا ہے اور اس میں تخریبی ذہن اور لالچ شامل ہوگیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سائنسی ایجادات کی بہتات اور سہولیات کی فراوانی کے باوجود آدمی بے سکون ہے۔

بہرحال علم الکتاب کے تحت ٹائم اسپیس کی نفی اور اشیا کی بغیر کسی مادی وسیلہ کے ایک مقام سے دوسرے مقام منتقلی (Teleportation) ممکن ہے۔

موجودہ دور میں سائنس ابھی تک رفتار کے مسئلہ پر قابو نہیں پاسکی۔ محققین نے روشنی کی رفتار کو آخری حد قرار دیا ہے جب کہ اس رفتار کا سوواں حصہ بھی حاصل نہیں ہوسکا۔ روحانی علوم میں حواس کی رفتار روشنی کی رفتار سے تیز ہے۔

روحانی سائنس کی روشنی میں:

’’سیدنا حضورؐ کا علم ’’علم الکتاب‘‘ ہے۔ یہی علم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وارث اولیاء اللہ کو منتقل ہوتا ہے اور اسی علم کے ذریعے کرامات صادر ہوتی ہیں۔ یہ ایک ایسی سائنس ہے جو روحانیت کا ورثہ ہے۔ علم الکتاب، علمِ لدنی ہے۔ علمِ لدنی میں وہ تمام علوم زیر بحث آتے ہیں جن علوم کی بنیاد پر کائنات تخلیق ہوئی۔ علم الکتاب کو حاصل کرنا تفکر کے ذریعے ممکن ہے۔ تفکر کا اصل اصول معلوم کرنے کے لئے روح سے وقوف ضروری ہے۔‘‘

غور طلب مقام ہے کہ اگر علم الکتاب، تفکر کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے تو تفکر کی حقیقت اور صحیح طرزوں سے واقف ہونا ضروری ہے۔

تفکر کیا ہے؟ عام زبان میں تفکر کو انا کا نام دیا جاتا ہے۔ اس طرح کی تخلیق ستارے بھی ہیں اور ذرے بھی۔ یعنی جتنی مخلوقات ہیں، ان کا تعلق کسی بھی نوع سے ہو، بنیادی طور پر مختلف قسم کے تفکر ہیں۔ ایک

ذرہ سے لے کر ستارہ تک اور نباتات و جمادات سب دراصل تفکر ہیں۔

انسان بھی ایک تفکر ہے اور فرشتہ اور جنات بھی تفکر ہیں۔ بندہ بھی تفکر ہے اور تخت بھی۔ بندہ کا تفکر یا انا کی لہریں تخت کے تفکر میں جذب ہوگئیں۔

جن مقداروں اور کیفیات سے تخت وجود میں آیا ہے وہ سب مقداریں بندہ کے تفکر کا حصہ بن گئیں۔ نتیجتاً بندہ نے تخت کی ان مقداروں کو جہاں بھی حرکت دی تخت وہاں ظاہر ہوگیا۔

شہنشاہِ ہفت اقلیم نانا تاج الدینؒ فرماتے ہیں:

"تفکر، انا اور شخص ایک ہی چیز ہے۔ الفاظ کی وجہ سے ان میں معانی کا فرق نہیں کر سکتے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ انا، تفکر اور شخص ہیں کیا؟ یہ وہ ہستی ہیں جو لاشمار کیفیات کی شکلوں اور سراپا سے بنی ہیں مثلاً بصارت، سماعت، تکلم، محبت، رحم، ایثار، رفتار، پرواز وغیرہ۔ ان میں ہر ایک کیفیت ایک شکل اور سراپا رکھتی ہے۔ قدرت نے ایسے بے حساب سراپا لے کر ایک جگہ اس طرح جمع کر دیئے ہیں کہ الگ الگ پرت ہونے کے باوجود ایک جان ہو گئے ہیں۔ ایک انسان کے ہزاروں جسم ہوتے ہیں۔ علیٰ ہذاالقیاس جنات اور فرشتوں کی بھی یہی ساخت ہے۔ یہ تینوں ساخت اس لئے مخصوص ہیں کہ ان میں کیفیات کے پرت دوسری انواع سے زیادہ ہیں۔"

ہزاروں میل کی مسافت سے تخت کا بغیر کسی وقفہ کے منتقل ہو جانے کا فارمولا عظیمی صاحب نے اس طرح بیان فرمایا ہے:

"ٹائم اسپیس کی حد بندیوں میں جکڑے ہوئے شعور کے لئے یہ امر قابل غور ہے کہ سینکڑوں میل کی مسافت طے کر کے ملکۂ سبا کا تخت، خیال کی رفتار سے پلک جھپکتے میں حضرت سلیمانؑ کے دربار میں پہنچ گیا یعنی بندہ کے خیال کی لہریں تخت کے اندر کام کرنے والی لہروں میں جذب ہو کر تخت کو منتقل کرنے کا ذریعہ بن گئیں۔"

روشنی کی رفتار 3,00,000 کلومیٹر فی سیکنڈ بتائی جاتی ہے۔ اگرچہ یہ رفتار عام شعوری حساب سے بہت تیز ہے لیکن اس کی تیزی، سستی میں بدل جاتی ہے جب ہم کائناتی فاصلوں کی بات کرتے ہیں۔

پتہ نہیں کتنے ہی ایسے ستارے ہیں جن کی روشنی لاکھوں سال سے محوِ سفر ہے اور ہم تک نہیں پہنچی اور یہ بھی نہیں پتہ کہ پہنچے گی بھی یا نہیں۔

"سائنس دان روشنی کو زیادہ سے زیادہ تیز رفتار

قرار دیتے ہیں لیکن وہ اتنی تیز رفتار نہیں ہے کہ زمانی مکانی فاصلوں کو منقطع کر دے۔ البتہ انا کی لہریں لاتناہیت میں بیک وقت ہر جگہ موجود ہیں۔ زمانی مکانی فاصلے ان کی گرفت میں رہتے ہیں۔ بالفاظ دیگر اس طرح کہہ سکتے ہیں کہ ان لہروں کے لئے زمانی مکانی فاصلے موجود ہی نہیں ہیں۔ روشنی کی لہریں جن فاصلوں کو کم کرتی ہیں، انا کی لہریں ان ہی فاصلوں کو بجائے خود موجود نہیں جانتیں۔"

(کتاب: تذکرہ بابا تاج الدینؒ)

نوعِ آدم کی یہ اولین ترجیح یہ ہونی چاہیے کہ آسمانی کتابوں اور آخری الہامی کتاب قرآن کریم میں بیان کردہ تسخیری فارمولوں میں غور وفکر کرے اور دنیا کو سکون آشنا اور گل وگلزار بنا دے۔

تسخیری فارمولوں اور علم الکتاب کی حیثیت امتِ مسلمہ کے لئے وہی ہے جو جسم کے لئے جان کی ہے۔

انسان روح ہے۔ روح امرِ رب ہے، امر اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے اور یہ ارادہ وجۂ تخلیق کائنات ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"یہ لوگ تم سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ روح میرے رب کے امر میں سے ہے اور تمہیں اس کا قلیل علم دیا گیا ہے۔"

(بنی اسراءیل:۸۵)

پلک جھپکنے کا دورانیہ عام حالات میں 300، 400 ملی سیکنڈ یا اوسطاً 350 ملی سیکنڈ ہوتا ہے جو ایک سیکنڈ کا قریباً ایک تہائی ہے۔ 350 ملی سیکنڈ پلک جھپکنے کا پورا دورانیہ ہے۔ آنکھ کھلتی ہے، پردہ کی حرکت ڈیلے پر پڑتی ہے تو یہ ایک نصف ہوا یعنی 175 ملی سیکنڈ۔ اس کے بعد پردہ ہٹتا ہے اور آنکھ کھلتی ہے تو یہ دوسرا نصف ہے — اس کا دورانیہ بھی 175 ملی سیکنڈ ہے۔

غور کرنے کا مقام ہے کہ انسان، اللہ تعالیٰ کے امر میں سے ہے لیکن بظاہر کتنا مجبور و لاچار ہے۔ مجبور اور لاچار ہونے کی وجہ بجز اس کے کچھ نہیں کہ ہم علم الکتاب سے ناواقف ہیں۔ یہی ناواقفیت وہ متعفن پھوڑا ہے جس نے ہمیں تسخیر کائنات کے فارمولوں سے محروم کر دیا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم قرآن میں تفکر کر کے اس گم کردہ راہ کو تلاش کریں اور اللہ تعالیٰ کے انعام و اکرام سے فیض یاب ہو کر سرفرازی اور بلندی حاصل کریں۔ ضروری ہے کہ ترجمہ سے قرآن پڑھیں اور قرآن پڑھنے کے لئے عربی زبان سیکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اسوۂ رسولِ مقبولؐ پر گامزن ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

PRIME PACK INDUSTRIES

Manufacturer of
Liner & Floating Paper

C-21, S.I.T.E
Hyderabad
Tel: 022-3880627
Fax: 022-3880381

سید اسد علی

لباس ـــــ بے لباس

لباس کی خصوصیت یہ ہے کہ صرف عقل مندوں کونظر آتا ہے۔ التجا ہے ملک کی ہر بستی میں اعلان کروادیں کہ آپ کے لئے شاہی لباس تیار ہورہا ہے جو صرف عقل مندوں کونظر آتا ہے ـــــ بیوقوف دیکھ نہیں سکتے۔

ملک کمالستان میں زور آور نامی بادشاہ کی حکومت تھی۔ باشندے پڑھے لکھے اور خوش حال تھے مگر یقین صرف ظاہری زندگی پر تھا اور مرنے کے بعد کی زندگی کو فسانہ قرار دیتے تھے۔

ان دنوں ایک سوداگر اور اس کے ملازم کا بہت چرچا تھا۔ سوداگر ”نفس“ اور ملازم کا نام عمرو تھا۔ دونوں عیاری سے سادہ لوح افراد کو لوٹتے تھے۔ منصوبہ بنایا کہ ملک کمالستان کے امیر افراد کو جھانسا دینا چاہئے۔ کئی ماہ تک کوشش کی کہ وہاں کے باشندوں کی کمزوریاں معلوم ہوں لیکن ناکام رہے۔

بہت سوچ بچار کے بعد ایک روز ملازم عمرو نے حکمتِ عملی وضع کی۔ سوداگر ”نفس“ ملازم کی ذہانت سے واقف تھا، منصوبہ پر آمادہ ہوگیا۔ منصوبہ کے تحت پہلے مرحلہ میں ملک کمالستان کے گورنروں، وزیروں اور بادشاہ کے رشتہ داروں کو دعوتیں دینا تھیں۔

”نفس“ نے مہمانوں سے خود کو متعارف کروایا کہ میں بہت بڑا سوداگر ہوں، آج کل آپ کے ملک میں مہمان ہوں۔ کاروباری سرگرمیاں شروع کرنے سے پہلے سوچا کہ سب سے ملاقات ہوجائے۔

پرتکلف دعوت سے امرا بہت متاثر ہوئے۔

اس کے بعد سوداگر نے بادشاہ زور آور کے دست راست وزیرِ خصوصی کو دعوت دی۔

دورانِ گفتگو وزیرِ خصوصی سے پوچھا۔

بادشاہ سلامت کو کیا پسند ہے؟

وزیر نے بتایا، عالی جاہ کو خوب صورت لباس بہت پسند ہیں۔ قیمتی لباس پر جان چھڑکتے ہیں۔

”نفس“ نے وزیرِ خصوصی سے کہا، شاہی لباس بنانے میں ہمیں مہارت ہے البتہ پہلے ہم بادشاہ سلامت کے شایانِ شان ان کی دعوت کرنا چاہتے ہیں۔ درخواست ہے کہ بادشاہ کو راضی کرلیں۔ وزیر نے ہامی بھرلی۔

دعوتوں کے بعد سوداگر نے حساب کتاب لگایا تو پتہ چلا کہ آدھی سے زیادہ جمع پونجی دعوتوں میں خرچ ہو چکی ہے لیکن ابھی تک مقصد حاصل نہیں ہوا۔ سر پکڑ کر بیٹھ گیا۔عمرو کو بلایا اور خوب غصہ کیا۔

تمہارے کہنے میں آ کر میں نے بے شمار دعوتیں کر ڈالیں لیکن نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ بادشاہ کی دعوت کے بعد میں سڑک پر آ جاؤں گا۔

عمرو بولا: آپ کی پریشانی کا حل میرے پاس ہے۔ یہ کہہ کر وہ کمرے سے باہر گیا۔تھوڑی دیر بعد واپس آیا تو ہاتھ میں چمک دار تلوار تھی۔

سوداگر ڈر گیا کہ عمرو کے ارادے صحیح نہیں ہیں، مجھے مار کر مال و دولت پر قبضہ کر لے گا۔ دوسروں کا شکار کرنے والا آج خود شکار ہو گیا ہے۔

وزیر خصوصی محل میں داخل ہوا۔

بادشاہ کی خدمت میں عرض کیا، عالی جاہ کا اقبال بلند ہو۔حضور! شاہی لباس بنانے والے سوداگر ملک میں آئے ہیں — آپ کو مدعو کرنا چاہتے ہیں، دعوت قبول فرمالیں تو نوازش ہوگی۔

بادشاہ زورآور نے کہا، ضرور اگر بہترین لباس پیش کر سکے تو اسے ہیرے جواہرات میں تول دیں گے۔

وزیر نے پیغام بھجوایا کہ دعوت کی تیاری کریں۔

عمرو آگے بڑھا —

سوداگر کا چہرہ خوف سے پیلا پڑ گیا لیکن یہ کیا — اس نے تلوار سوداگر کے ہاتھوں میں دے دی اور چند قدم پیچھے ہٹ کر بولا، اگر آپ کو ذرا بھی شک ہے تو غلام کا سر اسی وقت قلم کر دیں۔ نقصان یہ ہوگا کہ آپ کامیابی کو ناکامی میں بدل دیں گے۔ حکمت عملی کا دوسرا مرحلہ میں دعوت سے پہلے بتاؤں گا۔

سوداگر نے مفادات کو مدنظر رکھ کر سوچا کہ عمرو کو مارنا سودمند نہیں اور اسے کمرے سے نکل جانے کا حکم دیا۔

رات، عمرو بستر پر لیٹے ہوئے سوچ رہا تھا کہ سوداگر کے غصہ کو ٹھنڈا کرنے کا نفسیاتی حربہ کامیاب رہا ہے۔

بادشاہ مصاحبوں کے ہم راہ دعوت میں پہنچا۔

نفس سوداگر نے بتایا کہ وہ شاہی لباس بنانے میں مہارت رکھتا ہے۔ اس پائے کا لباس کوئی نہیں بنا سکتا۔ ایک گھنٹے تک لباس کی خوبیاں بیان کیں۔

بادشاہ خوش ہو گیا اور کہا کہ لباس تعریف کے مطابق ہوا تو تمہیں ہیرے جواہرات میں تول دیں گے البتہ انعام لباس پہننے کے بعد دیا جائے گا۔

سوداگر نے کہا، بادشاہ سلامت! انعامات ہمارا مقصود نہیں، لباس دیکھ کر آپ خود انعام دگنا کر دیں گے۔ بس ہماری ایک شرط ہے۔

بادشاہ نے سوالیہ نظروں سے سوداگر کو دیکھا۔

سوداگر بولا، لباس کی خصوصیت یہ ہے کہ صرف عقل مندوں کو نظر آتا ہے۔ التجا ہے کہ ملک کی ہر بستی میں

اعلان کروادیں کہ آپ کے لئے شاہی لباس تیار ہو رہاہے جوصرف عقل مندوں کونظر آ تا ہے—بے وقوف دیکھ نہیں سکتے۔

بادشاہ کے لئے بستی بستی اعلان کرانا مشکل نہیں تھا لہٰذا شرط قبول کر لی گئی۔

تین ماہ کے وعدہ پرلباس بنانے کا کام شروع کر دیا۔ گلی گلی، محلے محلے، گاؤں گاؤں سرکاری اہل کار نقارے بجاتے اور شاہی لباس کا اعلان کرتے۔لوگوں کو بتاتے کہ لباس صرف عقل مندوں کونظر آئے گا۔

تین ماہ سے ایک دن اوپر ہوا تو بادشاہ نے سرکاری کارندے بھیجے۔ سوداگر نے پیغام بھیجا کہ ناگزیر وجوہات کی بناپر تین ماہ اور لگیں گے اور ہماری شرط پر عمل نہیں کیا گیا ہے۔ اعلان کرنے والے سرکاری اہل کاروں کی تعداد دگنی کر دی گئی۔

وقت مقررہ پر سوداگر نے خط لکھا کہ عالی جاہ کا لباس پوری دنیا میں منفرد ہوگا، جلد بازی میں کام خراب کرنا نہیں چاہتے، تین ماہ کا وقت مزید عنایت فرمادیں لیکن شکایت ہے کہ ہماری شرط پر صحیح طرح عمل نہیں ہوا۔

خط پڑھ کر شاہی اہلکاروں کی تعداد مزید بڑھادی گئی اور حکم دیا گیا کہ اعلان صبح سے شام تک ہونا چاہیے۔

تین ماہ مکمل ہونے پر سوداگر خود دربار شاہی میں حاضر ہوا۔ حضور کا اقبال بلند ہو! لباس مکمل ہوا چاہتا ہے مگر تخلیقی کاموں میں وقت لگتا ہے۔ کپڑے کے تار انتہائی نازک ہیں، تین ماہ کا وقت اور دے دیں، شاہکار سامنے آجائے گا لیکن اتنے اہم کام کو چھوڑ کر خود اس لئے حاضر ہوا کہ ابھی بھی ملک کے کئی علاقوں میں شاہی لباس کا اعلان نہیں ہوا ہے۔

بادشاہ غضب ناک ہو گیا۔

حکم دیا کہ چوبیس گھنٹے اعلان کیا جائے۔ غفلت کا مرتکب اہل کار عمر قید کا حق دار ہے۔

عوام اعلانات سن سن کر تنگ آگئے، بچے بچے کو یاد ہو گیا کہ شاہی لباس صرف عقل مندوں کو نظر آئے گا بے وقوفوں کو نہیں۔

انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئیں۔ نفس سوداگر اور ملازم عمرو بگھی میں لباس لے کر حاضر ہوئے۔ لباس صندوق میں بند تھا۔ دربار کی کارروائی روک دی گئی۔

سوداگر نے درخواست کی کہ بادشاہ سلامت! لباس ہم خود آپ کو پہنائیں گے۔

بادشاہ دربار سے اٹھ کر باہر چلا گیا اور لباس پہن کر نفس اور عمرو کے ساتھ دربار میں داخل ہوا۔ بادشاہ کے کر وفر میں کئی گنا اضافہ ہو گیا تھا جیسے دنیا فتح کر لی ہو۔ نفس سوداگر اور عمرو کے چہرہ پر فاتحانہ مسکراہٹ تھی کہ انہوں نے بڑا معرکہ سرانجام دیا تھا۔

لباس کو دیکھ کر دربار میں سناٹا چھا گیا۔ تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ سب پریشان تھے مگر چہروں پر مسکراہٹ سجی

ہوئی تھی ۔اس فن میں انہیں کمال تھا۔سب نے بیک وقت فیصلہ کرلیا کہ کیا کرنا ہے۔

کھڑے ہوئے اور بلند آواز میں کہا،

بادشاہ سلامت کا اقبال بلند ہو ، ایسا لباس کبھی سنا نہ دیکھا ۔ یہ عظیم شاہ کار ہے— سبحان اللہ!

بادشاہ تخت پر براجمان ہوا۔تعریف سن کرخوشی ہوئی۔ انعامی رقم سے کئی گنا زیادہ دینے کا اعلان کیا۔

سوداگر نفس اور عمر و انعام حاصل کرنے کے بعد تیز رفتار گھوڑوں پر سوار ملک کمالستان کی سرحد عبور کرگئے۔

رات خواب گاہ میں بادشاہ آئینہ کے سامنے کھڑا ہوا اور دہل گیا— دھوتی اور بنیان پہنی ہوئی تھی اور بے ہنگم توند نمایاں تھی ۔سوچا کہ عوام کو معلوم ہو جائے کہ بادشاہ کو بے وقوف بنا دیا گیا ہے تو تضحیک ہوگی اور بغاوت کا خدشہ ہے۔

سوداگر کا اعلان یاد آیا جو اس نے ملک بھر میں کروایا تھا کہ لباس صرف عقل مند کو نظر آئے گا، بے وقوف نہیں دیکھ سکتا۔ اس بہانہ نے اسے مطمئن کردیا۔ وہ اپنے کارندوں کو عیار سوداگر اور اس کے غلام کو گرفتار کرنے کا حکم بھی نہیں دے سکتا تھا۔خود نمائی کے احساس کی وجہ سے عجب مشکل سے دوچار تھا۔

ملکہ سے پوچھا، ملکہ حسن آرا! ہم نئے شاہی لباس میں کیسے لگ رہے ہیں—؟

ملکہ نے سوچا کہ بادشاہ مزاج شناس نہ ہونے کی وجہ سے دو ملکائیں تبدیل کرچکا ہے، ایسا نہ ہو سچ برداشت نہ کرسکے اور مجھے بھی چھوڑ دے۔

بادشاہ سلامت! ایسا لباس پہلے کبھی دیکھا نہ سنا، یہ جنت کا لباس ہے۔ آپ کی شخصیت طلسماتی ہوگئی ہے۔دیکھنے والا دیکھتا رہ جائے گا۔

صبح وزیر خصوصی کو محل میں طلب کیا۔وزیر جانتا تھا کہ لباس سے متعلق رائے لی جائے گی۔ بادشاہ پہلے بھی کئی وزیروں کو قید خانہ میں ڈلوا چکا ہے۔ غلطی ہوگئی تو—؟

وزیر سے پوچھا، کیا ہمیں نئے شاہی لباس پر کوئی قصیدہ لکھوانا چاہئے؟ اور تم نے ابھی تک تعریف نہیں کی۔

حضور! دو شاعروں کو قصیدہ لکھنے کا حکم دے چکا ہوں۔دنیا کا سفر کیا ہے اور ہر طرح کے لباس دیکھے ہیں مگر جو چمک آپ کے لباس میں ہے، کہیں نہیں۔

کچھ دنوں کے بعد بادشاہ شاہی دستوں کے معائنہ پر روانہ ہوا۔ چلتے ہوئے توند لہراتی تھی، عجیب مضحکہ خیز منظر ہوتا لیکن مجال ہے کوئی ہنس سکے۔

فوج کے امیر سے پوچھا، ہمارا لباس کیسا ہے؟

امیر سپاہ نے سوچا کہ اپنی بولوں گا تو بے وقوف کہلاؤں گا اور امیر سپاہ کی بے وقوفی کی سزا موت ہے۔

مسکراہٹ سجا کر بولا ،حضور لباس سے ایسی روشنی نکلتی ہے کہ دیکھنے والے مست و بے خود ہوجاتے ہیں۔اس

دفعہ جنگ میں اگر اس لباس کا نظارہ دشمن فوج کو کرادیا گیا تو یقین ہے کہ ہم جنگ جیت لیں گے۔

بادشاہ نے عام افراد سے رائے لینا شروع کی۔

شاہی دستہ ایک گاؤں کے پاس سے گزر رہا تھا، بادشاہ شاہی بگھی سے اترا، کسان کے پاس پہنچا۔

پوچھا، اے کسان! بتاؤ ہمارا لباس کیسا ہے؟

ہاتھ جوڑ کر کہا، عالی جاہ کا اقبال بلند ہو، لباس بہت اچھا ہے۔ غرض ہر فرد بادشاہ کے لباس کی تعریف کرتا اور بادشاہ اسے انعام دیتا۔

ایک روز بادشاہ کی بگھی کے سامنے ایک فقیر آ کھڑا ہوا۔ چہرہ پر عجب شانِ بے نیازی تھی۔

کہا، اے بادشاہ! دھوتی بنیان کیوں پہن رکھی ہے؟

سپاہیوں نے فوراً فقیر کو بگھی کے سامنے سے ہٹایا۔

لیکن فقیر کی بات جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ منافقت کے بت لرزنے لگے۔

بادشاہ نے سوچا کہ آخر کوئی تو ہے جس کے پاس سچ کی شمع روشن ہے۔

رات دو بجے سب درباری سر جوڑ کر بیٹھے تھے۔

قاضی بولا: بات بہت آگے بڑھ چکی ہے — بادشاہ کو صحیح صورتِ حال معلوم ہوئی تو ہماری سزائے موت یقینی ہے۔ مشاورت صبح تک چلتی رہی۔

صبح وزرا نے بادشاہ کے کان بھرے — بادشاہ حقیقت جانتا تھا لیکن سوچا کہ اگر میں نے مشیروں کی بات نہ مانی تو حقیقت عیاں ہو جائے گی۔

فقیر کو قید کرنے کا حکم دیا۔

موسم تبدیل ہو رہا تھا، سردی بڑھ گئی تھی۔ بادشاہ زور آور کشمکش میں تھا۔ لباس تبدیل کرتا تو عقل مندوں کو کیا جواب دیتا اور نہ کرتا تو سردی میں ٹھٹھر جاتا — وہ فقیر کا معتقد ہو گیا تھا لیکن بہت مجبور تھا۔

ایک رات رازداری سے قید خانہ گیا۔

فقیر نے کہا، اس مشکل سے نجات کے لئے تمہیں بچہ بننا پڑے گا اس لئے کہ بچہ خودنمائی سے پاک ہوتا ہے، چیزوں کے کھو جانے کا غم نہیں کرتا، توجہ دوسری جانب مبذول کر لیتا ہے۔

بادشاہ ساری رات سوچتا رہا کہ وہ بچہ کیسے بنے۔

صبح کئی بچوں کو محل میں جمع کیا اور ان کے ساتھ کھیلنے لگا۔ کھیلتے کھیلتے ایک بچہ نے دوسرے سے توتلی زبان میں کہا، بادشاہ نے پھٹی ہوئی دھوتی بنیان کیوں پہنی ہے۔ دوسرے بچہ نے کہا، لگتا ہے کہ اماں نے ان کے کپڑے بھی نہیں دھوئے۔

بادشاہ نے سوالیہ نظروں سے وزرا کو دیکھا۔

وہ چور نظروں سے ادھر ادھر دیکھنے لگے۔

بادشاہ زور آور نے سرد لہجہ میں وزرا سے کہا، بچے جھوٹ نہیں بولتے، من کے سچے ہوتے ہیں۔

وزرا شرمندہ تھے۔

بادشاہ فقیر کے پاس گیا، رہا کرنے کا حکم دیا اور قید میں رکھنے پر معافی مانگی۔

فقیر بولا، المیہ یہ ہے کہ آدمی نے اپنی بنائی ہوئی چیزوں میں خود کو قید کرلیا ہے۔ عارضی اشیا، فانی زندگی اور مسافرت کو زندگی کا مقصد بنالیا ہے۔

جس محل میں تم رہتے ہو،
جو تاج پہنتے ہو،
جس تخت پر بیٹھتے ہو،
سب چھوڑنے پر مجبور ہو—

نہ چہیتی بیوی ساتھ جاتی ہے نہ مشیروں کی فوج کسی کو مرنے سے روک سکی ہے۔

کیسی خود فریبی ہے کہ آدمی ساری زندگی جس کی حفاظت کرتا ہے، سجاتا ہے، سنوارتا ہے، نہ چاہنے کے باوجود ایک روز سب چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔

توجہ کا مرکز مادی وجود ہے۔ مادی وجود لباس ہے اور لباس کی خصوصیت تبدیل ہونا ہے۔ لباس کو اصل سمجھ لینے سے زندگی اضمحلال اور اضطراب کی تصویر بن جاتی ہے۔ لباس جس نے پہنا ہے اس سے (روح) واقف ہوتا کہ سچی خوشی حاصل ہو۔

ایسے لوگوں کو موت کا خوف ہوتا ہے نہ زندگی کے نشیب و فراز متاثر کرتے ہیں۔ وہ جان لیتے ہیں کہ موت لباس کی تبدیلی کا نام ہے۔

یہ کہہ کر فقیر رخصت ہوا۔

آپ کے خیال میں شارک مچھلی ایک سال میں کتنے آدمیوں کا شکار کرتی ہے—؟

ایک ہزار—دس ہزار یا دس لاکھ—؟ گزشتہ سالوں میں شارک کے حملہ سے اموات کا تناسب تین سے آٹھ افراد رہا ہے۔

سوال یہ ہے کہ کتنی شارک مچھلیاں آدمیوں کا شکار بنتی ہیں—؟ جان کر حیرانی ہوگی کہ ہر سال تقریباً 70 ہزار شارک مچھلیاں آدمیوں کا لقمۂ اجل بنتی ہیں۔ شارک کا شکار صرف fins یعنی مچھلی کے پنکھ کے لئے کیا جاتا ہے جس سے شارک فن سوپ بنایا جاتا ہے۔ ایسے ممالک بھی ہیں جہاں شادی بیاہ کی تقریبات میں مالی حیثیت کی نمائش کے لئے شارک کے فن کا سوپ کھانے میں شامل ہوتا ہے۔ شارک کو مارنے کی وجوہات میں زیورات بنانا، سوینئیر یا پھر تیراکوں کی حفاظت ہے۔

مارنے کا طریقہ اذیت ناک ہے۔ زندہ حالت میں شارک کے پنکھ کو جسم سے علیحدہ کیا جاتا ہے اس کے بعد سمندر میں دھکیل دیا جاتا ہے۔

پنکھ تیرنے میں مدد دیتے ہیں۔ تیرنے سے جسم میں حرارت پیدا ہوتی ہے، آکسیجن میں اضافہ ہوتا ہے اور سانس لینے میں مدد ملتی ہے۔ فن کی عدم موجودگی میں شارک کچھ دنوں بعد مرجاتی ہے یا دوسری مچھلیوں کی خوراک بن جاتی ہے۔

ARE YOU DEPRIVED
OF THE MOST WONDERFUL GIFT
LIFE HAS TO OFFER?
FREE
CONSULTATION
HOPE FOR INFERTILE COUPLES
AUSTRALIAN
CONCEPT
INFERTILITY MEDICAL CENTER
CUTTING EDGE TECHNOLOGY
IVF / GIFT / PROST / TESE / PGD
Embryo Cryopreservation
Assisted Hatching
Intra Cytoplasmic Spermic Injection (ICSI)
Frozen Embryo Programme
Ovulation Monitoring
Hormone Evaluation
Semen Evaluation
Infertility Counseling
Washed Sperm Evaluation
Sperm banking for pre-vasectomy, chemotherapy or radiotherapy patients
CHILD
IS A BLESSING
ATTENTION
INFERTILE COUPLES
PGD
FAMILY BALANCING
Please contact for Free Consultancy with ACIMC Specialist
HEAD OFFICE:
32-A, BLOCK-5, ROJHAN STREET, KEHKASHAN, CLIFTON, NEAR BILAWAL CHOWRANGI, BEHIND BAR.B.Q. TONIGHT, KARACHI
TEL : +92-21-35862353, 35862367, 35371452-53
E-mail: concept@cyber.net.pk Web: www.acimc.org
australianconcept
For Appointment Contact:
0321-8266469
Hyderabad: 022-2780375-76 | Larkana: 074-4164963, 4040045 | Multan: 061-4573227 | Lahore: 042-35853674-75 |
Islamabad: 051-2818058, 8540227 | Faisalabad: 041-8540226, 8540227 | Quetta: 081-2868475

KASHAN ENTERPRISE

ENGINEER,CONSULTANT & ELECTRICAL CONTRACTOR

SERVICES:

• LT Sub Station • Power Distribution • Lighting System • Lightning Protection system • Earthing System • Local and Imported UPS • Solar panels • Fire alarm and Gas Detection System • CCTV and Security System • PABX and Telephone system • Public Addressable System • Maintenance packages • LED lighting • Prepaid Electricity Meters • Data Networking system and I.T solutions.

The service list is a selection of work that we carry out but it is not exhaustive. If the required work is not listed, you may contact us, we would be pleased to give you a quote.

Add: B-40, Sector 4-C, Surjani Town, Karachi, Pakistan.
Kashan Ali: 0321-2154178
Info@Kashan-Enterprise.Net WWW.KASHAN-ENTERPRISE.NET

ڈاکٹر سعیدہ شفیق

راز کی بات

''صوفی کی نفسیات میں بچوں کی سی معصومیت ہوتی ہے۔ یہ معصومیت اس تخلیقی حیرت کا سرچشمہ ہے جو انسان کو مظاہر میں حقیقت کی تجلی دکھاتی ہے اور حکمت تک پہنچاتی ہے۔ انفس و آفاق کی کائنات اس کے لئے حسن کا آئینہ خانہ ہے جس میں حق جلوہ گر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوفی کو کائنات کے ہر ذرہ سے محبت ہوتی ہے۔''

عظیم صوفی شاعر سچل سرمستؒ سندھ کی سرزمین پر 1739ء سے 1827ء تک مادی لباس میں موجود رہے۔ اس وقت اس سرزمین پر علم و دانش، فکر اور فن کے حوالہ سے بڑے بڑے مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ کام کر رہے تھے۔ سندھ میں سچل سرمستؒ سے کچھ عرصہ قبل شاعری، فن اور فلسفہ کے میدان میں مخدوم نوحؒ، شاہ کریمؒ، شاہ لطف اللہ قادریؒ، میوں شاہ عنایت رضویؒ اور شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ جیسے نام تاریخ میں موجود ہیں۔ یہ وہ دور ہے جب سندھی سماج کی تہذیب ارتقائی مراحل میں تھی۔

حضرت سچل سرمستؒ کی پیدائش سے کچھ عرصہ پہلے سندھ کے شمالی اور جنوبی علاقوں میں دو ایسے واقعات پیش آئے جن کو ہم سچلؒ کی زندگی کا سیاسی پس منظر کہہ سکتے ہیں۔ بکھر میں نور محمد کلہوڑا کے لشکر نے ایک بزرگ مخدوم عبدالرحمٰنؒ کو ان کے دوسرے ساتھیوں سمیت مسجد میں قتل کر دیا اور دوسرا واقعہ ٹھٹھہ میں شاہ عنایت شہیدؒ کے ساتھ پیش آیا۔

جس سال سچل سرمستؒ پیدا ہوئے، نادر شاہ نے سندھ پر حملہ کر دیا۔ رہی سہی کسر 1761ء میں احمد شاہ ابدالی نے پوری کر دی — یہ اقدار کی بے حرمتی کا زمانہ تھا۔ ایسے میں شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ اور سچل سرمستؒ نے اپنی فکر سے معاشرہ میں رنگ و نسل، ذات پات کی تفریق اور منافرت ختم کرنے کے لئے جدوجہد کی۔

سچل سرمستؒ کا اصل نام عبدالوہاب ہے۔ بچپن میں والد کی شفقت سے محروم ہوگئے۔ چچا عبدالحقؒ نے پرورش کی۔ میاں عبدالحقؒ ان کے پہلے روحانی راہ بر ہیں۔

چچا نے پورا خیال رکھا کہ بھتیجے کو اس زمانہ کے علم و ادب کی زبانیں — عربی اور فارسی کی بہترین تعلیم ملے۔ سچل سرمستؒ نے اردو، سندھی اور سرائیکی زبانوں

میں بھی شاعری کی۔ گوکہ عربی زبان میں باضابطہ شاعری نہیں کی لیکن اس زبان کے رموز سے واقف تھے۔ حضرت فرید الدین عطارؒ کے کلام کا گہرا مطالعہ کیا۔ پاک وجود کا لقب دے کر ان کی بہت زیادہ تعریف کی۔

حضرت فرید الدین عطارؒ کی معروف تصنیف ''منطق الطیر'' نصیحت آموز شاعری ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ہزاروں پرندے کوہ قاف پر سیمرغ کی تلاش میں جاتے ہیں اور دشوار کٹھن راستوں سے گزر کر سخت تکالیف کے بعد ہزاروں میں سے تیس پرندے وہاں پہنچتے ہیں تو حقیقت سے واقف ہوجاتے ہیں ۔ مشکلات دراصل سالک کی ترقی کی منزلیں ہیں۔ سچلؒ نے اس خیال کو اپنی شاعری میں شامل کیا۔

بتایا کہ سسی پنوں کی تلاش میں اکیلے نکلتی ہے، راستہ کی تکالیف برداشت کرتی ہے۔ منزل پر پہنچ کر اپنے وجود کا جائزہ لیتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ جس پنوں کی تلاش میں وہ ماری ماری پھر رہی ہے وہ تو اس کے اندر موجود ہے۔

پنوں پنوں کرتی میں تو آپ ہی پنوں ہوگئی رے
سکھیو میں انجان رہی جو خود کو ڈھونڈ نہ پائی رے
کھوج لگایا اپنا، تھا پنوں ساری اور
ہر ہر سمت میں پنوں ہے، کون سی سمت اب اور
ڈوبی اپنے آپ میں، تو میں ہی پنوں تھی
اندر سے آوازیں آئیں ، میں ان کو تھی جانتی
بیچ سے غیر گمان گیا، آواز کو جب سمجھی

سچل کا مطلب ''سچ'' ہے۔ حضرت سچل سرمستؒ نے نام کی طرح سچائی کی روشنی پھیلائی۔ ''ہمہ اوست'' ان کا نعرہ تھا۔ وہ کسی بھی قسم کی تفریق کے خلاف تھے اور یقین تھا کہ سچائی صرف ایک ہے۔ تفریق محض اختلافات ہیں اور کچھ نہیں۔ ان کے نزدیک سب لوگ برابر ہیں۔ وہ غیر طبقاتی سماج کے حامی ہیں۔

حکمران کو اپنے در سے لوٹانا یا ملنے سے انکار کرنا غیر معمولی بات ہے لیکن حضرت سچلؒ امرا و روٴسا سے متاثر نہیں ہوئے۔ نواب شمس کی نوازشات واپس لوٹا دیں۔ کچھ عرصہ کے بعد نواب شمس نے ان کی شاگردی اختیار کی اور اپنا نام ''نانک یوسف'' رکھا۔ سچلؒ کی صاف گوئی کی وجہ سے حضرت شاہ عبداللطیفؒ نے بچپن میں ان کے چچا عبدالحقؒ سے ملاقات میں فرمایا کہ

''ہم نے جو دیگ چڑھائی ہے اس کا ڈھکن یہ لڑکا کھولے گا۔''

شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی شاعری میں جمال ہے تو سچل سرمستؒ کی شاعری میں جلال ہے۔ وہ اپنے دور کے بے مثال شاعر ہیں۔ تصوف کے رموز کو اپنے کلام میں پیش کیا۔

عشق دکھائے حال جنہیں ہجر کرے بے حال انہیں
انہوں نے سودا سر کا کیا، مڑنا ہوا محال انہیں
دونوں جگ ہی چھوڑ دیئے، تیرا خاص خیال انہیں
جو سب کچھ ہی چھوڑ گئے، پریم نے کیا نہال انہیں

جن کو شوقِ وصال ہوا، جیون ہے جنجال انہیں
سچلؒ سائیںؒ ملا جنہیں، کر گیا صاحبِ حال انہیں

حضرت سچل سرمستؒ کا کہنا ہے کہ کائنات بحر عدم میں گم تھی۔ ذاتِ الٰہی نے اپنی صفات کو ظاہر کرنا چاہا تو ''کن'' سے کائنات وجود میں آ گئی۔ کثرت کا طلسم توڑ کر اور دوئی کا قلعہ مسمار کرنے کے بعد وحدت کی وادی میں داخل ہوتے ہیں۔

سچلؒ نے راز جانا تو فرمایا، ترجمہ:

ان نینوں سے ہم کو کیسا گھائل کر گیا یار
دیکھ کے میں حیران ہی رہ گئی آنکھوں کے اسرار
یہ منصور کو لے بیٹھیں، یہ خونیں مست خمار
دیکھا جگ میں عاشق کی ہے کیا طرزِ اظہار
کیا کیا دانا ہوئے دوانے، چشم کی ہے چمکار
خون کریں کیا کیا، رخ پر بکھری زلفیں خمدار
بال گھٹائیں شاہ کالی، تاریک ہوئے چودھار
سچلؔ چاند کا منہ دیکھا، مرے ہو گئے جی ہزار

پروفیسر کرار حسین لکھتے ہیں کہ ''صوفی کی نفسیات میں بچوں کی سی معصومیت ہوتی ہے۔ یہ معصومیت اس تخلیقی حیرت کا سرچشمہ ہے جو انسان کو مظاہر میں حقیقت کی تجلی دکھاتی ہے اور حکمت تک پہنچاتی ہے۔ انفس و آفاق کی کائنات اس کے لئے حسن کا آئینہ خانہ ہے جس میں حق جلوہ گر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوفی کو کائنات کے ہر ذرہ سے محبت ہوتی ہے۔''

حضرت سچل سرمستؒ فرماتے ہیں:

نین نہ بھولیں اس کا نظارہ، واہ ہادی کی نگاہ
مرشد نے یہی راز بتایا، یہی دکھائی راہ
جو بھی جگ میں کیا ہے اس پر ہو گی آہ یا واہ
بن اللہ کوئی نظر نہ آیا، جس کو کہیں آگاہ
آنکھیں سب کچھ جان گئی ہیں، مت ہونا گم راہ
راز کی بات بتا دی سچلؔ، مرشد تھا ہمراہ

تصوف — اللہ اور مخلوق کے درمیان دوستی اور حسن شناسی کا مرکز ہے۔ اللہ سے تعلق جوڑنے کے لئے صوفی ہر شے کو ثانوی حیثیت دیتا ہے۔ ایسے قلندر صفت شخص کو اللہ کا قرب عطا ہوتا ہے۔ وہ بے غرض ہو کر اللہ کا قرب مانگتا ہے۔ ترجمہ:

دلبر کے در پر میں تو دیوانہ ہو رہا ہوں
یارو میں دو جہاں سے بیگانہ ہو رہا ہوں
یہ عقل و فہم اس کے دیدار نے اڑایا
زلفوں کے پیچ و خم میں مستانہ ہو رہا ہوں
محبوب آج سر پر چیرا ہے باندھ آیا
اس شمع حسن کا میں پروانہ ہو رہا ہوں
آئے گا جوں وہ دلبر، تیروں کی ہو گی بارش
سینہ سپر ہے سچلؔ نِشانہ ہو رہا ہوں

سچلؒ سندھی میں شاعری کی وجہ سے زیادہ مشہور ہیں۔
اردو زبان میں بھی ان کا کلام اعلیٰ پائے کا ہے ۔
تشبیہات اور تمثیلوں کے ذریعہ نقطۂ نظر واضح کیا ہے۔
سچلؒ کا اردو کلام غزل کی صنف میں ہے اور غزل کی فنی
خصوصیات کے مطابق ہے۔

بلبل کو برہا پہنچا، آئی ہے رت بہاراں
فریاد وصل اس کی ہے مثل بے قراراں
میں نے یہ اس سے پوچھا، عاشق ہے تو گلوں کا
یہ وصل ہے یا فرقت، روتا ہے زار زاراں
منقار ہے گلوں پر پھر بھی ہیں لاکھ نالے
یہ کیا سبب ہے آخر، حاصل ہے گل ہزاراں
بلبل نے یہ بتایا، اے عشق سے بے بہرہ
اس باغ میں نہیں ہے میرے لئے نگاراں
آئی نہ راس میری فریاد میرے گل کو
اس واسطے سچلؔ میں چھوڑوں نہیں پکاراں

ڈاکٹر عبدالمجید سندھی لکھتے ہیں کہ
”فن اور ہیئت کے لحاظ سے سچلؒ کی کافی کے
بیس سے زائد نمونے ملے ہیں۔ان کے رسالہ
میں بیت کے کئی نمونے ملتے ہیں۔“

حضرت سچل سرمستؒ کا کلام زندگی کا ترجمان، تفسیر اور تعبیر ہے۔حق کی آواز ہے اور عرفان کا اظہار بھی۔ انسانی شرف و شان کا اقرار ہے ۔ زندگی کا مقصد عشقِ الٰہی ہے۔ترجمہ:

بغیر عشق کوئی دوسرا کمال نہیں
نہیں جو عشق تو اے دوست تیرا حال نہیں
دھواں سجن کی گلی میں رما کے رہتے ہیں
بس اک مقام پہ دل کو لگا کے رہتے ہیں
انہیں کے عشق کا لیکن تمہیں خیال نہیں
اجڑ گئے ہیں وہ دردِ فراق میں تیرے
انہوں نے سر پر اٹھائے ہیں درد کے ڈیرے
بغیر درد، محبت کا کوئی مال نہیں
ترے خیال کی راہوں میں وہ بہت روئے
ترے فراق میں وہ ایک پل نہیں سوئے
کہ ان غریبوں کو حاصل کہیں وصال نہیں
تمہارے ہاتھوں ہوا قتل جو بھی اہلِ وفا
وہی تو مرد بنا منزل محبت کا
قسم تمہاری کہ اس پر کوئی وبال نہیں
اسے تو جس نے بھی دیکھا، ہوا ہے دیوانہ
رہے نہ ہوش و خرد ، ہوگیا وہ مستانہ
کہ تیرے حسن کی جگ میں کوئی مثال نہیں
کبھی تو مہر کر اور میرے گھر میں آ سائیں!
سچلؔ غریب کو دل سے نہ تو بھلا سائیں!
اسے جدائی سے بڑھ کر کوئی زوال نہیں

قوس قزح کے رنگ

ماہرین کے مطابق آدمی کی آنکھ کی انتہا بنفشی شعاعوں تک محدود ہے جب کہ کیڑا بالائے بنفشی اشیا کے خدوخال واضح اور صاف وشفاف دیکھتا ہے۔

کم وبیش ہر شخص انواع واقسام کے ہجوم میں گھرا ہوا ہے۔ ہر شے کسی نہ کسی طرز میں احساسات مرتب کرتی ہے۔ تربیت جس رنگ میں ہو، دل چسپی کا رخ کچھ بھی ہو — بلاتفریق مذہب وملت ہر شخص چاند، ستاروں، سورج، ہوا، پانی، مٹی اور درختوں سے واقف ہے۔ نظامِ قدرت کے تحت فرد میں یہ جاننے کی خواہش ضرور پیدا ہوتی ہے کہ چاند پر کیا ہے — سورج اس قدر نزدیک کیوں محسوس ہوتا ہے — ہوا کے اندر کیا ہے —؟

سوالات ایک اور حقیقت کی طرف متوجہ کرتے ہیں کہ موجودات اور ہمارے مابین مخفی رشتہ کس طرح سے ہے اور کیا ہے۔ ایسا رشتہ جو ہر لمحہ کسی نہ کسی شے کی جانب توجہ سے بیدار ہوتا ہے۔ تجسس ایسی صفت ہے جو کائنات پر محیط ہے۔ یہ ماحول کو جاننے، پہچاننے اور تصرف کی طرزوں کو بیدار کرتی ہے۔

تفکر کی لہروں نے نسل در نسل نوعِ آدم کی سوچ پر دباؤ ڈالا اور ماحول کی جانب متوجہ کیا — شے چھوٹی ہو یا بڑی، اس کا احساس، حواس خمسہ کی محدودیت کی طرف واضح اشارہ تھا۔ کوتاہ نظری میں مشاہدہ میں وسعت کا حل مادیت کے رنگ میں تلاش کیا گیا۔ اس طرح چھوٹے اجسام کی ماہیت اور لا متناہی خلاؤں کی وسعتوں کو تلاش کرنے کے لئے کروی آئینوں، شیشوں اور عدسوں کا استعمال شروع ہوگیا۔

محققین نے جہاں عدسہ و آئینہ کے ملاپ سے ایٹم کے اندر ذرات تلاش کرنا شروع کیے — وہاں جگ مگ کرتے فلکی اجرام اور ٹمٹماتے تاروں کو مزید وضاحت سے دیکھنے کا سلسلہ شروع ہوا۔

دیکھنے کا اصول یہ بنا کہ روشنی (جس کا ماخذ سورج، بلب، ٹیوب لائٹ وغیرہ ہوسکتا ہے) اجسام سے ٹکرا کر بکھرتی ہے۔ بکھری ہوئی کرنیں آنکھ میں داخل ہوتی ہیں اور رنگ بناتی ہیں۔ اس طرح شے کے خدوخال اور رنگت کا تعین ہوتا ہے۔ بصری عمل کے لئے شکل نمبر 3 دیکھئے۔ روشنی کی نوعیت بدل دی جائے تو مشہود ایک ہونے

شکل نمبر 3



کے باوجود مشاہدہ بدل جاتا ہے۔ یعنی شے ایک ہونے کے باوجود دیکھنے والے کو استعداد کے مطابق الگ نظر آتی ہے۔ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ مشاہداتی خدوخال دراصل روشنی کی خصوصیات ہیں۔ اگر روشنی میڈیم نہ بنے تو آنکھ کے لئے شے وجود نہیں رکھتی۔ اگر روشنی مادی آنکھ کی مطلوبہ مقدار و معیار کے مطابق نہیں ہے تو روشنی میں موجود اطلاعات آنکھ کے لئے بے معنی ہیں جیسے ننھے ننھے ایٹم اور جراثیموں کا وجود وغیرہ۔

ہبل دوربین کی بابت بصری عمل کی وضاحت کے حوالہ سے بیش تر قارئین کے ذہن میں یہ سوال ہوگا کہ خواب میں درخت دیکھا جائے تو درخت کو منور کرنے والی روشنی کہاں سے آرہی ہے؟

اپنی رائے ''ماہنامہ قلندر شعور'' کو بھیجئے۔

اسلام آباد سے جناب مرسلین احمد نے گزشتہ اقساط کے حوالہ سے لکھا ہے کہ لاعلمی کے سبب، علمِ شے سے متعلق فی زمانہ ہماری آگہی ادھوری ہے۔ یعنی مادی حواس کا انحصار جس حساسیت پر قائم ہے، اس حساسیت کی لاعلمی کا سبب محدودیت ہے— مگر اسے محدودیت نہیں کہا جاسکتا۔ جیسے ہر مشین کی فعالیت کا دائرہ کار یا Specifications ہوتی ہیں اسی طرح بحیثیت مشین عضلاتی نظام کی فعالیت کا بھی دائرہ کار ہے۔ پھر موصول ہونے والے علم میں شک کیوں کیا جائے؟

مرسلین احمد صاحب! عرض یہ ہے کہ باطنی علمائے کرام فرماتے ہیں کہ روحانیت میں حقائق سے واقف ہونا آگہی ہے۔ بالفاظِ دیگر، ہر مظاہرہ کے پیچھے کارفرما حقیقی عناصر، ان کے مابین تعلق اور تعامل کے مظاہرہ سے واقف ہونا ضروری ہے۔ آگہی کا مطلب ہے کہ شے کے متعلق علم یا حقیقتِ ثابتہ سے کتنا پردہ اٹھا۔

کم و بیش سائنسی تحقیق و جستجو بھی ان اصولوں پر ہے۔ یعنی پہلے مظاہرہ کی تفصیلی منصوبہ بندی، عناصر کے تعلق کا تفصیلی مظاہرہ، محاصل میں قوانین کی نشان دہی اور قوانین کے اطلاق کے دیگر مظاہرات۔

یاد رہے کہ مظاہرات چاہے کسی بھی نوعیت کے ہوں— مرغی کا دانہ چگنا، پانی کا بخارات بننا، بیج کے جنین کا زمین کی کوکھ سے نکلنا، سورج سے پودوں کا مستفید ہونا یا قوس قزح کے رنگ وغیرہ — مشاہدات میں کوئی نہ کوئی ایجنسی فعال ہوتی ہے۔ روحانی علوم میں مشاہدات میں جو ایجنسی کارفرما ہے وہ ''روح'' ہے۔

محققین مشاہدات میں جس ایجنسی کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہیں وہ پانچ بنیادی حواس (حواسِ خمسہ) یا ان کی توسیعی ایجنسیاں (Extended Senses) ہیں۔ جیسے تھرمامیٹر، دوربین، سمعی آلات یا دیگر بصری آلات۔

غور طلب ہے کہ ہر دو صورت میں ایک شے کی الگ الگ تفصیل ہے۔ ایسے میں حقیقت تک رسائی کیسے ممکن ہے یا مشاہدہ کی اصل کو پرکھنے کی کسوٹی کیا ہے—؟

محققین کہتے ہیں کہ چاہے جیسے بھی حالات یا ادوار ہوں، مشاہدہ میں کارفرما قوانین میں یکسانیت ہے۔ اس کسوٹی کا زمین کی گردش سے متعلق ماہرین کی رائے پر اطلاق کرتے ہیں۔ یہ سوال کہ زمین ساکن ہے یا گردش میں؟ مگر حقیقت یہ ہے کہ اس جیسے ان گنت سوالات کے سائنسی جوابات، مشاہدات اور وضع کردہ قوانین میں مسلسل تبدیلی آتی رہی ہے۔ مختلف ادوار میں محققین کے بیانات مختلف رہے ہیں جو آج بھی کتب میں موجود ہیں اور اسکولوں میں پڑھائے جاتے ہیں۔

سوچنا یہ ہے کہ مشاہدہ ایک ہے تو اختلاف کہاں ہے؟

سائنس کا چار نکاتی تحقیقی طریقہ استعمال کریں تو دوسرے درجہ میں جواب مل جاتا ہے— مشاہدات کے حصول میں کون سی ایجنسی استعمال ہو رہی ہے؟

۱۔ ایک طریقہ میں استعمال ہونے والی ایجنسی ''روح'' ہے۔ لاشعوری ماہرین کے مطابق اس ایجنسی کی صلاحیتوں کے اظہار میں ابتدائے زمانہ سے نہ تو کوئی تعطل واقع ہوا ہے اور نہ اس کے فارمولوں میں تبدیلی ہوئی۔ یہ ایسی ایجنسی ہے جو ازل سے موجودات میں فعال ہے۔ اگر فعال نہ ہو تو زندگی کے آثار ختم ہو جاتے ہیں۔

۲۔ اس طریقہ میں استعمال ہونے والی ایجنسی ''حواس خمسہ'' ہے۔ یہ وہ ایجنسی ہے جو شے میں معنی پہنانے کے لئے مسلسل ارتقا یا تغیر سے گزر رہی ہے۔

تغیر سے مظاہرات کے مشاہدات میں تغیر ہوتا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر علم شے میں تغیر ہے تو ایسا علم ناقص ہے۔ جیسا کہ مرسلین صاحب نے ابتدا میں نکتہ اٹھایا کہ مشاہدات میں حواس خمسہ یا ان کی توسیعی ایجنسیاں شامل ہیں۔ مادیت کا دورانیہ یا عمر محدود ہوتی ہے، وہ ہر لمحہ شکست و ریخت کا شکار رہتی ہے۔ جب کہ مادی نظام کے پس منظر ایجنسی اپنی فعالیت میں لامحدود Specifications یا صلاحیتوں کی حامل ہے۔ بالفاظِ دیگر محدود ایجنسی سے حاصل ہونے والا علم محدود، غیر یقینی اور عارضی ہے— لامحدود ایجنسی سے حاصل

شکل نمبر 4



ہونے والا علم لامحدود، یقینی، یکساں اور مستقل ہے۔

فی الواقع آدمی کے حواس اپنے مادی خواص میں ہی فعال ہیں۔ اس رینج یا دائرہ کار سے باہر ہمیں موجودہ سائنس کی دانش میں کوئی پیش رفت نظر نہیں آتی۔

شکل نمبر 4 میں ایک آدمی اور کیڑے کی آنکھ کی Specifications کے مابین تقابل دکھایا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق آدمی کی آنکھ کی انتہا بنفشی شعاعوں تک محدود ہے جب کہ کیڑا بالائے بنفشی اشیا کے خدوخال واضح اور صاف وشفاف دیکھتا ہے۔

انتہائی چھوٹے اجسام مثلاً جراثیم اور جینیاتی نظام کے مشاہدہ کے لئے آدمی کی آنکھ تک پہنچنے والی روشنی ناکافی تھی۔ اسی طرح دور دراز اجسام کے وجود میں معنی پہنانے سے آنکھ قاصر تھی۔ مگر علم اور شواہد — شے کی موجودگی کا اشارہ دے رہے تھے۔ خوردبین سے روشنی کی بکھری ہوئی مقدار (کوانٹیٹی) کو اکٹھا کیا گیا۔ ضرورت کے مطابق مقداروں کے اجتماع نے آنکھ تک پہنچنے والی روشنی کی کوالٹی بڑھادی اور شے کا مادی وجود ظاہر ہوگیا۔

یہاں دو نکات کی طرف اشارہ قابل ذکر ہے۔

۱۔ قریب نظری کے لئے خوردبین ہو یا بعید نظری کے لئے دوربین — آئینہ اور عدسوں پر مرتب آلہ (انسانی آنکھ جیسی ایک ذیلی بصری ساخت) استعمال کیا گیا۔

۲۔ بصری عمل مکمل طور پر مادیت کے دائرہ میں بند ہے۔ مشہود جرثومہ ہو یا کوئی ٹمٹماتا ستارہ — دونوں کا حاصل مادی مشاہدہ ہے۔

علاوہ ازیں خوردبینی و دوربینی نظام بھی مادی ہیں جب کہ بصری نظام، ماہیت میں مادی صلاحیتوں یا Specifications کے دائرہ میں ہے۔

غور کریں تو مرئی روشنیاں جو آنکھ تک پہنچتی ہیں وہ بھی مادی ہیں ورنہ کمرے میں روشن بلب یا فضا میں سورج کی روشنی دیوار کو پار کر کے دوسری طرف نمودار ہوجاتی۔

مادہ کو دیکھنے کے لئے مادہ (روشنی) کی مقدار (کوانٹیٹی) اس حد تک کم کی گئی کہ مادہ (روشنی) کی کوالٹی بڑھ گئی۔ کوالٹی کی لطافت نے آنکھ کی مطلوبہ حساسیت کے مطابق شبیہ فراہم کردی۔

افتخار احمد

سیکنڈ اور منٹ ــــ وقت ؟

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

''جس نے اپنے نفس کو پہچانا، اس نے اپنے رب کو پہچانا۔''

عمر کا شمار ماہ و سال سے ہوسکتا ہے یا کیا جاتا ہے۔

ایک سال، دو سال، تین سال اور سال میں ایک دن ایک رات ــــ ایک رات ایک دن کو ایک شمار کیا جاتا ہے جب کہ رات ایک اور دن دو ہیں۔ اسی طرح دن دو اور رات ایک ہیں۔ رات الگ ہے اور دن الگ ہے۔ رات میں سے دن ظاہر ہوتا ہے اور دن رات میں چھپ جاتا ہے۔ دن اور رات کے ردو بدل کو عمر کے حساب سے ہم ایک شمار کرتے ہیں جب کہ دن الگ یونٹ ہے اور رات الگ یونٹ ہے ــــ دو کو ایک میں محدود کر دیا گیا۔ یہ نہیں کہا جاتا کہ بچہ کی عمر چار دن اور چار راتیں ہیں ــــ دونوں ایک شمار ہوتے ہیں۔ شماریات کا یہ علم اسی نوے سال پر محیط ہوتا ہے جب کہ یہ بات قابل تسلیم نہیں ہے۔

بات کو سمجھنے کا شعوری طریقہ کار یہ ہے کہ ٹکڑوں میں سمجھا جائے یا شے کو تقسیم کر کے اکائی معلوم کی جائے۔ شعور نے حد بندی اس طرح کی ہے کہ دن اور رات کو بارہ گھنٹوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ایسے مقامات بھی ہیں جہاں دن سولہ گھنٹے کا ہوتا ہے۔

وقت کا تعلق گھنٹوں سے نہیں ہے لیکن وقت کو سمجھنے کے لئے گھنٹوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اور مزید تقسیم کر کے ہر حصہ کے الگ نام رکھ دیے گئے ہیں جیسے سیکنڈ اور منٹ جب کہ سیکنڈ اور منٹ دونوں وقت ہیں۔

وقت سے زندگی کے ماہ و سال کا تعین ہوتا ہے۔

وقت کیا ہے ــــ؟ ہم نہیں جانتے لیکن وقت کو سمجھنے کے لئے ہم نے گھنٹے اور منٹ کی حد بندی کی۔ حد بندی محدودیت ہے۔ محدودیت میں عمر گزرتی ہے تو وسیع و عریض کائنات میں پھیلی ہوئی ہر شے محدود نظر آتی ہے۔ بچپن کا دور چند معین سالوں تک محدود ہو جاتا ہے، اس کے بعد کے سال لڑکپن کہلاتے ہیں۔ لڑکپن کے متعین سال گزرتے ہیں تو جوانی آ جاتی ہے اور جوانی بڑھاپے میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

تفکر ظاہر کرتا ہے کہ بچپن، جوانی، بڑھاپے کا تعلق ماہ سال سے نہیں ہے کہ اتنے سال گزریں گے تو جوانی

آئے گی اور اگلا مرحلہ بڑھاپا ہے۔ کسی کا بچپن ساری عمر ختم نہیں ہوتا اور کوئی ساری عمر جوان نہیں رہتا۔

ایسے لوگ ہیں جو سو سال یا اس سے زیادہ عمر گزارتے ہیں — ان کی جوانی اور بڑھاپے کا دورانیہ دوسرے لوگوں سے مختلف ہے۔ وہ تادیر جوان رہتے ہیں اور طویل العمری میں اپنے سے کم عمر لوگوں سے زیادہ کام کرتے ہیں۔ عمر کے ادوار کا تعلق صحت سے ہے۔ صحت کا انحصار طرزِ زندگی پر ہے۔

بتانا یہ مقصود ہے کہ مفروضہ اور حقیقت میں امتیاز ہے۔ بچپن کا دور گزر کر جوانی آتی ہے تو فرد چاہتا ہے کہ میرا معاشرہ میں مقام ہو۔ خود کو منوانے کے لئے ذہنی اور جسمانی توانائیاں صرف کرتا ہے۔ کام یابیاں ملتی ہیں اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ ناکامی — کام یابی تک پہنچنے کے متعدد راستوں سے متعارف کراتی ہے۔

اجتماعی صورت حال یہ ہے کہ آدمی کی جدوجہد اور تگ و دو دنیا کے لئے ہے۔ سمجھا یہ جاتا ہے کہ سکون، مسائل کا حل، خوش حالی اور دولت کی فراوانی سے ہے۔ اگر خوش حالی اور مسائل کے حل کا تعلق مال و زر سے ہے تو جن کے پاس فراوانی ہے، سب سے زیادہ سکون ان کے پاس ہونا چاہیے۔

اور ایسا بھی نہیں ہے کہ ہر دولت مند شخص بے سکون ہو۔ سکون کا تعلق مقصد ہے کہ کس طرز پر زندگی گزاری جارہی ہے۔

فرد تسخیر دنیا کا متمنی ہے۔ سرفہرست لوازمات میں مال واسباب کی فراوانی اور اثر و رسوخ کا ہونا لازمی شمار کیا جاتا ہے۔ دولت کے انبار جمع کرنے والا کام یاب، آسودہ اور خوش حال سمجھا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا وہ واقعی خوش اور مطمئن ہے —؟

بات آگے بڑھانے سے پہلے حیات کو سمجھنا ضروری ہے۔ حیات دراصل زمانی وقفہ ہے۔ لمحات کی یک جائی دن، ہفتہ، ماہ و سال میں تبدیل ہوتی ہے اور زندگی کے لمحات میں کمی، اضافہ — اضافہ اور پھر کمی ہوجاتی ہے۔

زمانی وقفہ کی پیمائش ممکن نہیں۔ البتہ فرد جب چاہے، ماضی کو تصوراتی دنیا میں دیکھنے کے علاوہ، ماضی میں داخل ہوسکتا ہے۔

بچپن جوانی اور بڑھاپا، زندگی کے تین ادوار ہیں۔ پہلا دور کم زوری دوسرا قوت و توانائی سے بھرپور اور تیسرا دور انحطاط اور کم زوری ہے۔ بالآخر مادی وجود غائب ہوجاتا ہے۔ یہ وہ مرحلہ ہے جس کے بعد نیا دور شروع ہوتا ہے — زندگی ختم نہیں ہوتی۔

زندگی سے متعلق سائنس دانوں کی آرا مختلف ہیں اور وقت گزرنے کے ساتھ نظریات تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ تبدیلی بتاتی ہے کہ جس علم کے ذریعے حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کی جارہی ہے وہ محدود اور ناقابل تفہیم ہے۔ حیات کی ابتدا اور انتہا سے متعلق سوالات پر ہر باشعور غور کرتا ہے۔ جوابات مادی علم کی بنیاد پر اخذ کیے

جاتے ہیں اور مادی علوم محدود ہیں۔

ہر شعبے میں نت نئی ایجادات نے آنکھوں کو خیرہ کر دیا ہے۔ جو باتیں انہونی تصور کی جاتی رہیں وہ ممکن ہوگئی ہیں۔ سمجھا یہ جاتا ہے کہ موجودہ دور ترقی یافتہ ہے— ماضی میں اس سے زیادہ عجائبات سامنے آچکے ہیں جن کے میکانزم سے واقف ہونے میں سائنس مصروف ہے۔

تن آسانیوں کے لئے بہت سی ایجادات سے استفادہ کیا جارہا ہے۔ ہونا یہ چاہئے تھا کہ ایجادات کے بعد زندگی سے متعلق سوالات کا جواب یقین اور اعتماد سے دیا جاتا اور فرد مطمئن اور پرسکون ہوتا لیکن صورتِ حال برعکس ہے۔ مایوسی، عدم تحفظ، خوف اور انجانے خطرات سے متعلق وسوسوں نے ذہن کو منتشر کر دیا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ زندگی کو جن طرزوں میں دیکھا جاتا ہے، وہ صحیح نہیں۔ بنیاد کمزور ہو تو عمارت کیوں کر مضبوط ہوسکتی ہے—؟

ایک شخص اگر مال دار نہ بھی ہو لیکن تمام ضرورتیں اچھی طرح پوری ہوجاتی ہیں اس طرح کہ بچے اچھی تعلیم حاصل کرتے ہیں، معاشی ذمہ داریوں میں رکاوٹ نہیں آتی، اخراجات پورے ہوجاتے ہیں لیکن سکون اس کے پاس ہے— نہ وہ شخص مطمئن ہے جس کے پاس آسائشیں ہیں۔ ایک وقت آتا ہے کہ دونوں سوچنے پر مجبور ہوجاتے ہیں کہ کیا آسائشیں مال و دولت، نام، مرتبہ، شہرت— زندگی کا حاصل ہیں؟

ایک شخص نے زندگی مال و دولت اور شہرت حاصل کرنے میں خرچ کردی پھر موت نے آلیا اور قصہ تمام ہوگیا۔ اب مال و دولت بھی ہے شہرت بھی مگر وہ شخص نہیں ہے!

اس طرح کسی نے زندگی قناعت میں گزار دی۔ بہت کچھ نہ ہونے کے باوجود کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہوتی۔ وہ جانتا ہے کہ خوشیوں کا تعلق وسائل کی فراوانی سے نہیں، شکر ادا کرنے سے ہے۔ حقیقت پر غور و فکر کرکے وہ اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ زندگی کا قیام، ابتدا اور زندگی کی انتہا پر بندہ کا اختیار نہیں ہے— ماوراہستی کی حکم رانی عالمین پر محیط ہے۔ وہ جان لیتا ہے کہ ماوراہستی نے عالمین کو تخلیق کیا ہے اور مجھے اس لئے ظاہر فرمایا کہ میں خالق کو پہچان کر، ربوبیت تسلیم کرکے اس کی مرضی کے مطابق زندگی بسر کروں۔ یہی سوچ اور ایمان، مقصدِ حیات ہے۔

معاشرہ میں خوش حالی کا تصور روپے پیسے کی فراوانی اور مال و اسباب کی کثرت ہے گویا زندگی کا مقصد دولت کا حصول بن گیا ہے۔ دولت بری نہیں ہے— دولت سے محبت اچھی نہیں ہے۔ خوش حال وہ ہے جو ہر حال میں خوش ہے۔ خوش رہنا اس وقت ممکن ہے جب بندہ کا اللہ سے ربط قائم ہوجائے اور وہ اپنے اندر اللہ کے امر سے واقف ہوجائے۔

من کی دنیا! من کی دنیا،
سوزو مستی جذب و شوق
تن کی دنیا !تن کی دنیا
سودو سودا، مکرو فن
من کی دولت ہاتھ آتی ہے
تو پھر جاتی نہیں
تن کی دولت چھاؤں ہے،
آتا ہے دھن جاتا ہے دھن
من کی دنیا میں نہ پایا
میں نے افرنگی کا راج
من کی دنیا میں نہ دیکھے
میں نے شیخ و برہمن
پانی پانی کر گئی
مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے
نہ من تیرا نہ تن

من کی دولت بیش بہا خزانہ ہے ۔اندر کی دنیا سے واقف ہوجائیں تو سکون اور سچی خوشی کے چشمے ابلتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے مل کر خوشی اور اطمینان محسوس ہوتا ہے۔موت آتی ہے،انہیں لے جاتی ہےمگر ان کا جانا خوشی سے ہے،مجبوری سےنہیں۔

واضح ہوتا ہے کہ ہر شخص مقصد کےتحت زندگی گزارتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ مقصد کی سمت کیا ہے۔

سمت کی درستی اطمینان اور خوشی کا باعث ہے۔سمت کی کجی اور خرابی سے خوف، پریشانی، اضمحلال اور غم زندگی بن جاتے ہیں۔ارشاد ہے:

''اور جب پہنچے میری جانب سے تم کو ہدایت تو جو چلا ہدایت کی راہ پر ان کے لئے نہ خوف ہے اور نہ وہ غم گین ہوں گے اور جب لوگوں نے میری آیات کو جھٹلایا اور نہ مانا، وہ اصحاب دوزخ ہیں اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔''

(البقرۃ:۳۸-۳۹)

آیت میں دو مخالف سمتوں سے آگاہی ہے اور خبردار کیا گیا ہے کہ درست سمت اختیار کرنا کام یابی اور کامرانی ہے۔قرآن کریم کی تعلیمات کے مطابق موت زندگی کا اختتام نہیں ہے —نئی زندگی کی شروعات ہے۔انحصار وہ اعمال ہیں جو نیت کی خرابی یا درستی سے مشروط ہیں۔

اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔(صحیح مسلم)

گویا نیت،سمت ہےاور سمتیں دو ہیں۔ایک اللہ تعالیٰ تک لے کے جاتی ہے اور دوسری سمت میں ذہن اللہ سے واقف ہونے کی کوشش نہیں کرتا—اگرچہ اللہ ہر جگہ محیط ہے۔بندہ ذکرِ الٰہی کو زندگی کا مقصد بنالیتا ہے تو ہر قدم اور ہر راستہ اللہ کی طرف لے جاتا ہے۔

انبیائے کرام اور اولیاء اللہ کی حیات مشعلِ راہ ہے۔ اس کے برعکس طرز فکر وہ ہے جو عارضی دنیا کی گرویدہ

ہے جس میں جائز و ناجائز طریقے اختیار کئے جاتے ہیں۔لیکن درد بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی کہ مصداق اضطراب اور بے سکونی میں اضافہ ہوتا ہے۔ آسائشوں کا حصول غلط نہیں ہے— آسائشوں کو زندگی سمجھ لینا غلط ہے۔

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیآ مادی دنیا کی حقیقت کے بارے میں فرماتے ہیں:

جس وقت کہ تن جاں سے جدا ٹھہرے گا
دو گز ہی زمین میں تو جا ٹھہرے گا
دو چار ہی روز میں تو ہوگا غائب
آ کر کوئی اور اس جگہ ٹھہرے گا

آدمی محض جسمانی وجود یا گوشت پوست سے بنے ہوئے پتلے کا نام نہیں ہے بلکہ گوشت پوست کے بنے ہوئے لباس کو جس نے متحرک کیا ہوا ہے وہ اصل ہے۔ حقیقت اللہ کا امر ہے جس کا قلیل علم دیا گیا ہے۔اللہ کا قلیل علم بھی اتنا وسیع ہے کہ کسی طرح احاطہ ممکن نہیں۔

مادی دنیا میں مادی لباس (مٹی کا جسم) کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔ وقت مقررہ کے بعد انسان مادی لباس کو خیر باد کہہ کر دوسرے عالم میں منتقل ہوتا ہے اور اس عالم کے مطابق لباس اختیار کرتا ہے۔انسان بذاتِ خود کیا ہے، نہایت تفکر طلب ہے اور یہی حقیقت زندگی کی اساس ہے۔زندگی کا سلسلہ اس عالم سے منتقل ہونے کے بعد بھی قائم رہتا ہے۔اصل سے واقف ہو کر ہم مفروضہ اور حقیقت سے واقف ہوتے ہیں۔اگر ہم کامیاب اور کامران ہونا چاہتے ہیں تو زندگی کے مقصد کا تعین کرنا ہوگا جو بجز اس کے کچھ نہیں کہ بندہ کو اپنا عرفان حاصل ہو۔رحمت للعالمینؐ کا ارشاد گرامی ہے،

''جس نے اپنے نفس کو پہچانا، اس نے اپنے رب کو پہچانا۔''

پن چکی کی ایجاد اور اس صنعت کی ترقی افغانستان میں ہوئی۔ بنو موسیٰ (نویں صدی) کی کتاب الحیل میں اس کا ذکر ہے۔مسعودی نے مروج الذھب (947ء) میں لکھا ہے کہ پن چکی کے ذریعے کنوئیں کا پانی باغات کے لئے استعمال ہوتا تھا۔سیستان میں پن چکیاں دسویں صدی میں کثیر تعداد میں زیر استعمال تھیں۔ولیم مور کی کتاب ''دی کیلیفیٹ'' میں ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ کے دور خلافت میں پن چکیاں تھی جو قلعوں کے میناروں پر یا پہاڑوں کی چوٹیوں پر بنائی جاتی تھیں۔ویسٹ انڈیز میں پن چکیاں مصر کے کاریگروں نے لگائی تھیں اور شکر بنانے میں استعمال ہوتی تھیں۔یورپ میں پن چکی کا ذکر 1105ء کے فرانسیسی چارٹر میں ملتا ہے۔

PRIME LACE INDUSTRIES
(PVT.) LTD.

Manufacturer of
Embroidery Lace & Fabrics

C-8, S.I.T.E, Hyderabad
Tel: 022-3880107 Fax: 022-3880381

حضرت عزیر علیہ السلام

گوشت کئی گھنٹے تک کھلی فضا میں رکھیں تو خراب نہیں ہوگا اور فرج میں رکھا ہوا گوشت ایک گھنٹے سے بھی کم باہر رکھا جائے تو اس میں تعفن آجاتا ہے اور کھانا سڑ جاتا ہے۔

فرد کی حیات و ممات معین مقداروں پر قائم ہے۔ اس سارے نظام پر ایک اللہ حاکم ہے۔ زندگی کا ہر لمحہ اس کی حاکمیت کے تابع ہے۔ جب اللہ نے چاہا کہ اپنے برگزیدہ بندے حضرت عزیرؑ پر حیات و ممات کے فلسفہ کی حقیقت کو ظاہر کرے تو اللہ کی قدرت نے ان گیسوں کو یک جا کردیا جس کے ذریعے اشیا ٹھنڈی ہوکر خراب نہیں ہوتیں۔

ہر شخص جانتا ہے کہ پہلے ایجاد کرنے کا خیال آتا ہے پھر مسلسل ریسرچ کے بعد ایجاد کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ ایسا ممکن نہیں ہے کہ کوئی ایجاد خیال آئے بغیر اپنا مظاہرہ کردے۔ سائنس کی کوئی بھی ایجاد ہو پہلے سے عالمِ غیب میں موجود ہے۔

قانون یہ ہے کہ جب کسی ایک نقطہ پر ذہن مرکوز ہوجاتا ہے تو اس نقطہ میں مخفی خدوخال وجود کی شکل میں سامنے آجاتے ہیں۔

موجودہ زمانہ میں کھانے کو دو طریقوں سے محفوظ کیا جاتا ہے۔

۱۔ کھانے کو فریز کیا جاتا ہے۔

۲۔ اس کو ویکیوم یعنی ہوا کے بغیر پیک کیا جاتا ہے جس سے کھانا گلنے سڑنے سے محفوظ رہتا ہے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ کھانوں کے سالموں کی حرکت تیز ہوتی ہے جب کہ فریزر میں درجہ حرارت کم ہونے کی وجہ سے سالموں کی حرکت کم ہوجاتی ہے۔ مالیکیولز کی حرکت تیز ہونے سے، ہوا سے Contact بھی زیادہ ہوتا ہے۔ کم درجہ حرارت پر کیمیکل ری ایکشن کم ہوتا ہے۔

اگر کسی بھی طریقہ سے سالموں کی حرکت کم یا بہت کم کردی جائے جیسا کہ فریزر میں فری اون گیس کے ایکشن کی وجہ سے ہوتا ہے تو شے کے مالیکیولز ایک دوسرے میں جذب ہوکر منجمد ہوجائیں گے اور شے میں Foreign Bodies داخل نہیں ہوں گی۔ تصویر کا دوسرا رخ اوپر بکس میں پڑھئے۔

وقت کا تعلق حرکت سے ہے۔ اگر شے کی حرکت

کو اس کی موجودہ حرکت سے سو گنا کم کر دیا جائے تو اس حرکت کی نسبت سے ٹائم گزرنے کی رفتار سو گنا کم ہو جائے گی۔

مثلاً ہم ایک منٹ میں اٹھارہ مرتبہ سانس لیتے ہیں۔ اگر ایک منٹ میں ایک سانس لیا جائے تو اٹھارہ سانس لینے کے لئے اٹھارہ منٹ درکار ہوں گے۔

لہٰذا ایک منٹ میں اٹھارہ مرتبہ سانس لینے میں وقت اٹھارہ گنا کم ہو جائے گا۔ حضرت عزیر علیہ السلام نے ایک سو سال میں اندازاً اتنے سانس لیے جتنے ایک دن میں لیے جاتے ہیں۔

جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ کتنا عرصہ سوئے؟

انہوں نے کہا، ایک دن یا اس سے کم۔

مثال: ایک دن میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں۔ چوبیس گھنٹوں میں آدمی چوبیس ہزار نو سو بیس سانسیں لیتا ہے۔ اس حساب سے اس نے سو سال سونے میں تقریباً ایک ارب سانس لیے یعنی ٹائم کی رفتار ایک ارب گنا زیادہ ہوگئی۔

اس طرح کھانے کے مالیکیولز کی حرکت بھی اتنی کم ہوگئی کہ وقت ٹھہر گیا اور کھانا خراب نہیں ہوا۔ رہا گدھے کا معاملہ تو اس کے لئے وقت ایسے ہی گزرا جیسا کہ اور چیزوں کے لئے گزرتا ہے اور وہ سو سال میں مرکھپ کر ہڈیوں کا ڈھانچارہ گیا۔

ہمارے خیال میں Pyramids میں بھی وقت ٹھہر جاتا ہے یا یوں کہیں کہ وہاں بھی مالیکیولز کی حرکت تقریباً صفر ہو جاتی ہے اور ہزاروں سال تک اس میں رکھی ہوئی چیزیں خراب نہیں ہوتیں اور اس کی فضا میں مراقبہ کرنے والے لوگ ٹائم اور اسپیس سے آزاد ہو کر لاشعور سے قریب ہو جاتے ہیں۔

وقت کی رفتار سے متعلق ایک اور مثال یہ ہے کہ ہم ٹی وی میں کرکٹ میچ دیکھتے ہیں۔ فرض کریں بالر جب گیند پھینکتا ہے تو بیٹس مین تک یہ گیند ایک سیکنڈ میں پہنچتی ہے۔ ٹی وی والے جب اس کا ری پلے سلو موشن میں دکھاتے ہیں تو گیند کی حرکت کا دورانیہ پانچ سیکنڈ ہو جاتا ہے یعنی حرکت کم ہونے سے وقت میں اضافہ ہوگیا۔

اسی طرح اگر ری پلے کو فاسٹ موشن کر دیا جائے تو وقت ایک سیکنڈ کے بجائے آدھا سیکنڈ یا اس سے بھی کم ہو جائے گا۔ مختصراً یہ کہ وقت کی اکائی کا تعلق رفتار سے ہے۔

دوسری مثال مائیکروویو اوون کی ہے۔ مائیکرو ویو اوون میں جب فریز کیا ہوا کھانا رکھا جاتا ہے تو کھانے کے مالیکیولز یا سالمے مائیکروویو فریکوئنسی پر حرکت کرتے ہیں۔ یہ حرکت اتنی تیز ہو جاتی ہے کہ جو کھانا چولھے پر پانچ منٹ میں گرم ہوتا ہے، مائیکروویو اوون میں

ایک منٹ میں گرم ہوجاتا ہے۔

یعنی رفتار تیز ہونے سے پانچ منٹ کا وقفہ ایک منٹ میں تبدیل ہوگیا۔سوال یہ ہے:

۱۔ حضرت عزیر علیہ السلام سوگئے اور سو سال تک سوتے رہے جب کہ اپنے احساس میں وہ ایک دن یا اس سے کچھ کم سوئے۔

۲۔ حضرت عزیر علیہ السلام کا گدھا مرگیا اور اس کے جسم پر وہ تمام تاثرات قائم ہوگئے جو کسی مردہ جسم پر ہوتے ہیں۔

۳۔ناشتے دان میں کھانا سو سال تک محفوظ رہا، نہ وہ سڑا اور نہ وہ گلا۔

یہ تینوں واقعات ایک قطعۂ زمین اور ایک ہی فضا میں پیش آئے۔ یہ سب کس طرح ہوا۔۔۔؟

زندگی کا دارومدار جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے آکسیجن پر نہیں ہے۔ اس لئے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک گھر میں خاندان کے دس افراد ہیں۔ گھر کا صحن، گھر کا برآمدہ، گھر کی فضا اور Open sky area بھی ایک ہے۔ان دس آدمیوں میں سے ایک آدمی مرجاتا ہے، کیوں مرجاتا ہے۔۔۔؟

بتایا جاتا ہے کہ اس لئے مرجاتا ہے کہ آکسیجن ختم ہوگئی۔ اگر آکسیجن ختم ہوگئی تو باقی نو آدمی کیوں نہیں مرے؟ ایک آدمی کے لئے آکسیجن کے غبارے میں آکسیجن کیوں ختم ہوگئی۔۔۔؟

غبارے سے مراد گھر اور گھر میں صحن وغیرہ ہے۔

زندگی کا دارومدار آکسیجن جلنے پر ہے اور آکسیجن کا جلنا تابع ہے کاربن کے۔ آکسیجن جب ناک یا حلق کی نالیوں کے ذریعے پھیپھڑوں میں جاتی ہے تب پھیپھڑوں کے اندر اسفنجی نظام میں موجود کاربن آکسیجن کو جلاتا ہے اور نتیجہ میں کاربن ڈائی آکسائیڈ زندگی بن جاتی ہے۔یعنی آکسیجن پر زندگی قائم نہیں ہے۔۔۔ آکسیجن زندگی کے لئے ایندھن بن رہی ہے۔

تمام آسمانی کتابوں کے مطابق کائنات کا ہر ذرہ شعور رکھتا ہے۔شعور سے مراد یہ ہے کہ کائنات کے ہر ذرہ میں عقل وفہم موجود ہے۔ وہ اپنی زندگی کی حفاظت کرتا ہے اور دوسروں کی زندگی میں جو اس کی ڈیوٹی ہے وہ پوری کرتا ہے۔

یوں سمجھئے کہ انسان ہو یا جانور ہو، درخت ہو، پودا ہو،کوئی ستارہ ہو یا کوئی سیارہ ہو وہ کاربن کا ہی بنا ہوا ہے۔ یعنی زندگی ہزاروں لاکھوں تہوں (پرت) سے بنی ہوئی ہے۔آکسیجن کا کام زندگی کا ایندھن بننا ہے اور کاربن کا کام آکسیجن کو جلانا ہے۔

ہم روزمرہ کی زندگی میں دیکھتے ہیں کھانا بغیر فرج اور ڈیپ فریزر کے بھی خراب نہیں ہوتا۔

مثلاً سرد علاقہ آئس لینڈ کی کھلی فضا میں بھی کھانا

خراب نہیں ہوتا۔ کیوں خراب نہیں ہوتا—؟

اس لئے کہ کھانے کے مالیکیولز یا سالموں کی حرکت کم ہوجاتی ہے۔ گرم علاقوں میں فرج اور ڈیپ فریزر حرکت کو کم کرنے کا مصنوعی طریقہ ہے۔

آدمی جب سو جاتا ہے اور 12 گھنٹے تک سوتا رہتا ہے تو بیدار ہونے کے بعد اسے پتہ نہیں ہوتا کہ وہ بارہ گھنٹے تک سویا ہے۔ آدمی Coma میں چلا جاتا ہے، تین سال تک کوما میں پڑا رہتا ہے۔ جب اس کے حواس بحال ہوتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ میں چند گھنٹے سویا ہوں۔

قانون یہ ہے کہ آدمی شعور اور لاشعور میں ردوبدل ہورہا ہے۔ جب وہ شعور میں ہوتا ہے تو اپنے اوپر زمان و مکان کی گرفت محسوس کرتا ہے اور جب وہ شعور سے نکل کر لاشعور میں ہوتا ہے تو ٹائم اور اسپیس کی گرفت سے آزاد ہوجاتا ہے۔

”تو ہی رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔“ (آل عمران: ۲۷)

”وہ رات کو دن سے ڈھانک دیتا ہے۔ دن جلد رات کو ڈھونڈ تا ہے۔“ (الاعراف: ۵۴)

”رات کو دن سے ڈھانپتا ہے۔ دھیان کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔“ (الرعد: ۳)

”یہ اس لئے ہے کہ اللہ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اللہ سنتا جانتا ہے۔“ (الحج: ۶۱)

”اللہ رات اور دن کو پھراتا رہتا ہے۔“ (النور: ۴۴)

”اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے رات کو اوڑھنا اور نیند کو آرام بنایا اور دن کو منتشر ہونے کا وقت مقرر کیا۔“ (الفرقان: ۴۷)

”کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ دن میں رات اور رات میں دن داخل کرتا ہے۔“

(لقمٰن: ۲۹)

وقت کی رفتار سے متعلق ایک اور مثال یہ ہے کہ ہم ٹی وی میں کرکٹ میچ دیکھتے ہیں۔ فرض کریں بالر جب گیند پھینکتا ہے تو بیٹس مین تک یہ گیند ایک سیکنڈ میں پہنچتی ہے۔ ٹی وی والے جب اس کاری پلے سلوموشن میں دکھاتے ہیں تو گیند کی حرکت کا دورانیہ پانچ سیکنڈ ہوجاتا ہے یعنی حرکت کم ہونے سے وقت میں اضافہ ہوگیا۔ اسی طرح اگر ری پلے کو فاسٹ موشن کر دیا جائے تو وقت ایک سیکنڈ کے بجائے آدھا سیکنڈ یا اس سے بھی کم ہوجائے گا۔ مختصراً یہ کہ وقت کی اکائی کا تعلق رفتار سے ہے۔

کی بیس ہے۔ ایک غلط عمل پورے چھتے کو متاثر کرتا ہے۔ جب کہ تم نے کبھی سوچا نہیں کہ خیال کیا ہے اور زندگی بامقصد کیوں نہیں ہے—؟ شاگرد اسباق پر عمل نہ کرے تو اس کا مطلب وہ کسی اور سبق پر عمل کر رہا ہے۔ کسی نہ کسی دستور پر تو زندگی گزرتی ہے۔

خیال نے آئینہ دکھایا کہ عمل ہے نہیں لیکن قربت چاہئے۔ کس لئے—؟ تاکہ دنیاوی مسائل حل ہوسکیں!

غیب کی تعمیل کر کے طرزِ عمل تبدیل کیا۔ اب جب ملاقات کے لئے گیا تو ان کے لئے گیا تاکہ مرشد مرید سے اور مرید مرشد سے واقف ہو۔ محبت کی کونپل کھلی— بیج کا ذکر اس لئے نہیں کر رہا کہ بیج بیعت کے ساتھ ہی بو دیا جاتا ہے۔ مرید کا اخلاص بیج کے لئے پانی ہے۔

ڈائری میں ان دنوں کی یاد لکھتے ہوئے خیال نے ملامت کی کہ یہ بتانا چاہ رہے ہو کہ تمہارے دل میں اخلاص ہے، اس لئے قربت ملی—؟

اس نے کہا، نہیں! میں نادان اور کثافتوں میں لتھڑا ہوا ہوں۔ کہنا یہ چاہتا ہوں کہ میں جیسا بھی ہوں، اب صرف محبت کے لئے جاتا ہوں۔ مرشد کے پاس مرشد کے لئے جانا اخلاص ہے۔

ایک مرتبہ ملاقات میں بہت تاخیر ہوئی۔ شام کا وقت تھا، وہ تخت پر بیٹھے ہوئے تھے۔ ہمیشہ کی طرح شفقت سے ملے اور فرمایا، کیا مصروفیت بہت زیادہ تھی—؟

نادم ہوا اور عرض کیا، حضور ایسی بات نہیں۔

فرمایا، جب مرید نہیں آتا تو مرشد یاد کرتا ہے، وہ اسے دیکھنا چاہتا ہے۔۔ شیخ کے الفاظ زندگی بن گئے۔

اللہ رحیم و کریم ہے۔ ایک وقت آیا کہ دعا قبول ہوئی اور رحمٰن و رحیم ہستی اللہ نے قربت سے نوازا۔

ایک روز پاس بیٹھا ہوا تھا۔ عرض کیا، ایک وقت تھا کہ جب میں لوگوں کو آپ کے قریب دیکھتا تو سوچتا تھا کہ کتنے خوش نصیب ہیں۔ دل میں ارمان ہوتا کہ کیا مجھے بھی قربت ملے گی—؟ تبسم فرمایا اور کہا، اللہ نے آپ کی دعا قبول فرمائی۔ زندگی پر غور کرو اور دیکھو کہ اللہ نے سب کچھ دیا ہے۔ شکر ادا کیا کرو، آپ کی زندگی میں شکر بہت کم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کی آل سے فرمایا کہ شکر ادا کرو، شکر ادا کرنے والے بندے قلیل ہیں۔

صاحبِ دل سے عرض کیا، شکر کیسے ادا کرتے ہیں، کون سی دعا پڑھوں کہ بآسانی ورد کرسکوں؟

فرمایا—یا اللہ! تیرا شکر ہے۔

مرشد اور مرید کا رشتہ—مرید کی زندگی ہے۔ مرشد حقیقی محبت سے متعارف کراتا ہے۔ دنیا کی محبت چاہے وہ مال و زر کی ہو یا مرد و زن کی — فکشن ہے۔

دنیا کی محبت اسے بھی ہوئی لیکن حالات و واقعات اس طرح پیش آئے کہ بہت کچھ تبدیل ہوگیا اور پتا نہیں چلا۔ کئی خواب آئے اور نشان دہی ہوئی کہ راستہ کا انتخاب درست نہیں لیکن سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ یہ

نیند اور بیداری کیا ہیں ___؟

محققین جو سوچتے ہیں انہیں اپنی سوچ کا جواب ملتا ہے لیکن محققین سوچ میں وہی معنی پہناتے ہیں جو پہلے سے ان کا علم ہے۔ اس علم میں قبولیت ہوتی ہے یا تردید ہوتی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہر عالم اپنے علم اور ماحول میں رائج اعتقادات کے دائرہ میں نتیجہ اخذ کرتا ہے۔

قرآن کریم کی تعلیمات اور محققین کی تحقیق میں فرق یہ ہے کہ محققین Matter میں تفکر کرتے ہیں اور قرآن کریم حقیقت بینی کے لئے اندر دیکھنے کی ہدایت کرتا ہے۔

فلکیات کے ماہر جب ستاروں کی بات کرتے ہیں تو ستارے اور آدم کا رشتہ اس طرح جوڑتے ہیں کہ فلاں ستارہ سعید ہے اور فلاں ستارہ نحس ہے۔ آدمی ستارہ کی ساڑھ ستی میں آجائے تو حالات خراب ہو جاتے ہیں اور ساڑھ ستی سے نکل آئے تو حالات اچھے ہو جاتے ہیں۔

قرآن کریم کا فیصلہ یہ ہے:

"مسخر کر دیا تمہارے لئے جو کچھ ہے سماوات میں اور جو کچھ ہے زمین میں سب کا سب۔" (الجاثیہ:۱۳)

ستاروں سے متعلق دنیا میں رائج علوم پر تفکر کرتے ہیں تو لگتا ہے کہ ہم ستاروں کے محکوم اور ستارے ہم پر حاکم ہیں۔ محققین مادی زندگی کو اصل قرار دیتے ہیں___ مشاہدہ اس کے برعکس ہے۔ ہم رات کو خواب میں جنسی لذت حاصل کرتے ہیں۔ صبح بیدار ہونے پر اسی طرح ناپاک ہوتے ہیں جس طرح بیداری میں جنسی عمل کے بعد ہمارے اوپر غسل واجب ہے۔

ہم نے زندگی کو حال، ماضی اور مستقبل میں تقسیم کیا ہوا ہے جب کہ عالم رنگ و بو ماضی کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ قرآن کریم کے مطابق ہماری دنیا، سماوات، ارض، عالمین، ستارے، سیارے، کہکشانی نظام، عرش و کرسی___ اور ہم سب ماضی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کھربوں سال پہلے کائنات (ماضی) کو تخلیق کیا۔ فی الوقت کھربوں سال پہلے بنی ہوئی کائنات اپنا مظاہرہ کر رہی ہے۔ (آگہی)

شبانہ بانو

رگِ جاں سے قریب

محبت کرنے والوں کو چاند میں محبوب نظر آتا ہے۔ چاند کی چاندنی، دلوں میں امنگوں کی جوت جگاتی ہے، چاہت کی دھنیں ترتیب دیتی ہے۔ پانی جو حیات کا لازمی جز ہے، چاندنی سے مانوس ہوتا ہے کہ یہی محبت کی تاثیر ہے۔ محبت کی منزلیں سحر انگیز ہیں۔ جذبہ صادق ہو تو قدم رکھنے کی دیر ہے اور پھر راستے کھلنا شروع ہو جاتے ہیں۔

نیل گوں آسمان پر ستاروں کی انجمنیں،
تاریکی میں روشن چاند،
اجالے میں تاریک سورج،
حیات بخش توانائیاں،
معطر معطر نسیمِ سحر،
کوئل کی کوک،
پپیہے کی پیہو،
پتوں کی سرسراہٹ،
پھولوں کا تبسم،
گہرے خاموش پہاڑ،
آبشاروں کی جھنکار،
اور خود ہم ! سب میں نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو فطرت کو سرسری طور پر دیکھنے کے بجائے یک سو ہو کر تخلیق کے باطن میں غور و فکر کرتے ہیں۔

”آسمانوں اور زمین کی ساخت میں، رات اور دن کے پیہم ایک دوسرے کے بعد آنے میں، ان کشتیوں میں جو انسان کے نفع کی چیزیں لیے ہوئے دریاؤں اور سمندروں میں چلتی پھرتی ہیں، بارش کے پانی میں جسے اللہ اوپر سے برساتا ہے، پھر اس کے ذریعے سے مردہ زمین کو زندگی بخشتا ہے اور زمین میں ہر قسم کی جان دار مخلوق کو پھیلاتا ہے، ہواؤں کی گردش میں، اور ان بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان تابع فرمان بنا کر رکھے گئے ہیں، بے شمار نشانیاں ہیں۔“

(البقرۃ:۱۶۴)

ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ کا ارشاد ہے:

”ساری کائنات میں ایک ہی لاشعور کار فرما ہے۔اس کے ذریعے غیب وشہود کی لہر دوسری لہر کے معنی سمجھتی ہے۔ چاہے یہ دونوں لہریں کائنات کے دو کناروں پر واقع ہوں ۔ غیب و شہود کی فراست اور معنویت کائنات کی رگِ جاں ہے۔“

دیکھنے اور سمجھنے کے لئے بنیادی عمل نظر ہے اور نظر کے لئے مرکزیت ضروری ہے۔ نظر کی پہلی مرکزیت خالقِ کائنات ”اللہ“ ہے۔ روزِ ازل خالقِ کائنات سے کیے گئے وعدہ کے تحت آدمی اس بات کا پابند ہے کہ یا اللہ! ہر صورت آپ کا بندہ بن کر رہوں گا۔

اللہ تعالیٰ کی محبت تخلیق کی بنیاد ہے۔اس طرح کائنات کی پہلی حرکت — پہلا ارتعاش ”محبت“ ہے۔

خالقِ حقیقی کے دیدار میں مستغرق رہنے کے بعد پردہ غالب آیا اور یہ احساس خلش بن گیا کہ کچھ تو دیکھا ہے! کیا تھا، کیسا تھا —؟ یاد نہیں!

تحقیق و تلاش ہر دور میں موجود رہی ہے۔ حقائق سے واقف ہونے کے لئے ہم نئی نئی چیزوں کو اپنا رہے ہیں لیکن سب کچھ ہونے کے باوجود کمی ہے۔

نظر اس منظر کو پانے کی جستجو میں ہے جب پہلی مرتبہ خالقِ کائنات کا دیدار کیا اور اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کو تسلیم کرتے ہوئے عرض کیا — قالوا بلیٰ!

ہر لمحہ ایک آس اور امید ہے کہ بندہ ایک بار پھر اس منظر کا حصہ بن جائے۔ امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہئے اس لئے کہ ناامیدی سے بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ ارادہ اور نتیجہ کے درمیان کوشش، پل کا کام دیتی ہے۔

کہاوت ہے: ”شنیدہ کے بود مانند دیدہ“

”سنی ہوئی چیز دیکھی ہوئی کی مانند نہیں ہوتی“

مشاہدہ میں تفکر شامل ہوتا ہے۔ درحقیقت تفکر مشاہدہ تک لے کر جاتا ہے۔ قرآن کریم کو اس عزم، ولولہ اور اس ہمت کے ساتھ پڑھئے کہ اس کی نورانی کرنوں سے ہمیں زندگی سنوارنی ہے۔

قارئین! چاند اور چاندنی ایک دوسرے سے منسوب ہیں ۔ یہ نسبت دونوں میں قربت ہے۔ چاہے جانے کا سرور ہے کہ چاندنی، چاند سے ملاپ کے بعد چاہت کے نغموں کے سر بکھیرتی ہے۔ بے خود ہو کر پھولوں میں خوش بو اور پھلوں میں مٹھاس بھرتی ہے۔

محبت کرنے والوں چاند میں محبوب نظر آتا ہے۔

چاند کی چاندنی،
دلوں میں امنگوں کی جوت جگاتی ہے
چاہت کی دھنیں ترتیب دیتی ہے
پانی جو حیات کا لازمی جز ہے
چاندنی سے مانوس ہوتا ہے
کہ یہی محبت کی تاثیر ہے

محبت کی منزلیں سحر انگیز ہوتی ہیں

جذبہ صادق ہوتو قدم بڑھانے کی دیر ہے

اور پھر راستے کھلنا شروع ہو جاتے ہیں۔

بندہ کو بندہ بننے کے لئے ضروری ہے کہ اللہ سے سوال کرے، اللہ کے لئے بے قرار ہو، اللہ کا حکم مانے، دل میں گداز اللہ کے لئے ہو، اللہ کے لئے زندہ رہے اور اللہ کے لئے مر جائے۔

''کہہ دو کہ میری نماز میری قربانی، میرا جینا اور مرنا اللہ کے لئے ہے جو عالمین کا رب ہے۔'' (الانعام:۱۶۲)

''اور جو آیا سچائی کے ساتھ اور جس نے تصدیق کی اس کی، یہی لوگ ہیں متقی۔ان کے لئے ہے جو وہ چاہیں گے ان کے رب کے پاس یہ ہے بدلہ نیکی کرنے والوں کا۔

(الزمر:۳۳-۳۴)

راستہ جاننے اور طے کرنے میں فرق ہے کیوں کہ راستہ وہی جانتا ہے جس نے منازل طے کی ہوں۔ دریا اور سمندر کے بارے میں سب نے سنا ہے لیکن مانوس وہی ہوتا ہے جو سمندر اور دریا میں سفر کرتا ہے۔

غور وفکر کرنے والوں کی دنیا، دنیا والوں کی فکر سے الگ ہے۔سوچ بچار اور فکر سے ذہن کو توانائی ملتی ہے۔ جسم کو غذا کی ضرورت ہے اور ذہن فکر کی روشنی سے نشوونما پاتا ہے۔

یارب نگاہِ عقل کو ذوقِ جمال دے

ایمان و آگہی کو محبت میں ڈھال دے

تیرا نشاں ملے نہ ملے، یہ میرا نصیب

تو مجھ کو جستجو کے راستہ پہ ڈال دے

دے وہ نظر جو حسن کو بے پردہ دیکھ لے

دے وہ زباں جو عشق کو لفظوں میں ڈھال دے

جس طرح بندہ کی ذات اپنے ماں باپ سے واقف ہے اسی طرح خالق حقیقی سے بھی واقفیت رکھتی ہے۔ دنیا کی زندگی، دن سے رات اور رات سے دن ہونا، مسلسل غیب وشہود، خود آگاہی کی منازل ہیں۔شعور اللہ کی نعمت ہے اور شکر نعمت سے واقفیت میں ہے۔

ماں باپ انگلی پکڑ کر قدم قدم چلنا سکھاتے ہیں۔ جس قدر فہم ہوتا ہے اس کے مطابق ماں باپ سے ہمیں اللہ تعالیٰ کا وقوف ملتا ہے۔اس شعور کے ذریعے ہم خالقِ کائنات اللہ رب العالمین کے احکام پر عمل پیرا ہوں اور ارادہ کو اللہ کے تابع رکھتے ہوئے اللہ رحمٰن ورحیم تک پہنچنے کی کوشش کریں۔نیت صاف ہو تو منزل آسان ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جو مجھ میں جدوجہد کرتا ہے میں اس کے لئے راستے کھول دیتا ہوں۔راستہ کھلنا، نظر کا کھلنا ہے اس لئے کہ اللہ ہر جگہ موجود ہے۔اللہ سماوات اور ارض کا نور ہے اور کائنات کا کوئی ذرہ بشمول ہمارے وجود کے، نور سے

خالی نہیں۔ قدم اللہ سے واقف ہونے کے لئے اٹھتے ہیں تو اسباب ووسائل مظہر بنتے ہیں۔

دنیا، عالمِ اسباب ہے۔ حواس میں علم کی روشنی منتقل ہونے سے فہم وسیع ہوتا ہے اور وسائل مظہر بنتے ہیں۔ دماغ سے نور کی رو گزرتی ہے۔ واقف ہونے سے شعور کی سطح آئینہ کی طرح شفاف ہوجاتی ہے۔ منزل تک پہنچنے کے لئے راہ بر اور راہ نما ضروری ہے جو راستہ کے نشیب و فراز سے واقف ہو۔ واقفِ اسرار و رموز، اللہ کا بندہ بارش کے پانی پر نگاہ مرکوز کرتا ہے تو نگاہ کی مرکزیت ان قطروں کو سچے موتیوں میں تبدیل کر دیتی ہے۔

''محبت'' اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ صفتِ محبت کسی بندہ میں بیدار ہوجائے اور محبت خالص اللہ کے لئے ہو تو الٰہی قانون حاصل ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کی سماعت و بصارت اور ادراک بن جاتا ہے۔ یہ وہ مرحلہ ہے جب وسائل آدمی کے تابع ہوجاتے ہیں۔

میری زندگی تو فراق ہے
وہ ازل سے دل میں مکیں سہی
وہ نگاہِ شوق سے دور ہیں
رگِ جاں سے لاکھ قریب سہی
اسے دیکھنے کی جو لو لگی
تو نصیؔر دیکھ ہی لیں گے ہم
وہ ہزار آنکھ سے دور ہو
وہ ہزار پردہ نشیں سہی

بی بی جاریہ مجہولہؒ

بی بی جاریہ مجہولہؒ کنیز تھیں۔ شہرت سے بچنے کے لئے ویرانہ میں رہتی تھیں۔ حضرت ذوالنون مصریؒ ملنے گئے اور پوچھا: جنگل میں اکیلی کیوں رہتی ہو؟

بی بی جاریہؒ نے فرمایا: سر اٹھاؤ اور دیکھو!

اللہ کے سوا تمہیں کچھ اور نظر آتا ہے؟

حضرت ذوالنون مصریؒ نے پوچھا: تنہا رہنے سے وحشت نہیں ہوتی؟

فرمایا، اللہ نے میرے دل کو اپنی محبت اور حکمت سے اتنا معمور کر دیا ہے اور اپنے دیدار کا شوق اس قدر عطا کر دیا ہے کہ اس کے سوا میں کچھ نہیں دیکھتی۔ وہ ہر وقت میرے پاس ہے۔

اس کے بعد فرمایا، نماز کا وقت ہورہا ہے مجھے نماز پڑھانی ہے۔ حضرت ذوالنون مصریؒ نے دیکھا کہ بی بی جاریہؒ نے پکارا— صفیں درست کرلو۔

بی بی جاریہ مجہولہؒ کی اقتدا میں جنات اور ملائکہ نے باجماعت صلوٰۃ قائم کی۔

حضرت ذوالنون مصریؒ نے کہا کہ کوئی نصیحت کیجئے۔ جاریہ مجہولہؒ نے فرمایا، اے نوجوان! تقویٰ اختیار کر۔ قرآن کریم متقی لوگوں کو ہدایت دیتا ہے، پرہیزگاری میں زندگی گزار اور ایسے دروازہ پر پہنچ جہاں حجاب اور اللہ سے دوری نہ ہو۔

(کتاب: ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین)

باولی کھچڑی

قارئین! سدھ بدھ ہونا اچھی بات ہے لیکن سدھ بدھ کا تابع ہونا، داناؤں کے نزدیک — نادانی ہے۔ باولی کھچڑی سے مراد کھو کر پانا ہے۔ دودھ کھویا تو کھویا پایا — عمر کھوئی، تجربہ آیا۔ آنے جانے، کھونے اور پانے میں جو کھچڑی پکتی ہے، وہ زندگی کا حاصل بن جاتی ہے۔ بڑوں کا قول ہے — گھی کہاں گیا کھچڑی میں اور کھچڑی گئی پیاروں کے پیٹ میں۔ آپ بھی اس کھچڑی میں حصہ دار بنئے۔

تعجب ہے کہ محبوب کو تسخیر کرنے کے موضوع پر بہت کم لکھا گیا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ ماہرینِ تسخیرِ حُب ہر بات راز میں رکھتے ہیں۔ بس کبھی کبھی اس قسم کے اشتہار چھپتے ہیں۔

"محبت کے ماروں کو مژدہ"

"محبوب ایک ہفتہ کے اندر قدموں میں نہ لوٹنے لگے تو دام واپس۔"

ہمارے ملک میں تسخیرِ حُب کی ضرورت قدم قدم پر پڑتی ہے۔ اگرچہ مصنف کی معلومات اس موضوع پر نہ ہونے کے برابر ہیں تاہم دوسروں کے تجربہ سے چند مفید باتیں تحریر کی ہیں۔

سب سے پہلے یہ وضاحت ضروری ہے کہ چاہنے والا مرد ہے یا عورت۔ سہولت کے لئے ہدایات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

اگر محبوب عورت ہے تو احتیاط لازم ہے کہ رشتہ داروں پر کبھی فریفتہ نہ ہوں۔ اس کے بعد ارد گرد اور پڑوس میں رہنے والوں سے بھی حتی الوسع احتراز کریں۔ ملاقات کے لئے جاتے وقت پوشاک اور خوراک سادہ ہونی چاہیے۔ مونچھوں کو ہرگز تاؤ نہ دیجئے ورنہ محبوب کے خوف زدہ ہونے کا خدشہ ہے۔

محبوب کو یکسانیت سے بور مت کیجئے۔ ہر اتوار کو ملتے ہوں تو دوسری تیسری مرتبہ منگل کو ملنے جایئے اور اگلی مرتبہ جمعہ کو۔

ماہرین کا خیال ہے کہ عورتوں کو سنجیدہ مرد اس لئے پسند آتے ہیں کہ انہیں وہم ہو جاتا ہے کہ ایسے افراد ان کی باتیں غور سے سنتے ہیں۔ لٰہذا تسخیرِ حُب کرتے وقت گفتگو کے فن کو نظر انداز مت کیجئے۔ نہ صرف محبوب کی باتیں خاموشی سے سنتے رہیے بلکہ اسے یہ یقین دلا دیجئے کہ دنیا میں فقط آپ ہی ایسے شخص ہیں جس کے لئے محبوب کی ہر الٹی سیدھی بات مستقل مسرت ہے۔

محبوب سے زیادہ بحث مت کیجئے — بحث چھڑ جائے تو جیتنے کا بہترین نسخہ یہ ہے کہ محبوب کی رائے سے متفق ہوجائیے اور ذرا جلدی کیجئے کہ کہیں محبوب دوبارہ رائے نہ بدل لے۔

اگر محبوب آپ کی ہر بات پر مسکرائے اور لگاتار ہنستا رہے تو ہوسکتا ہے کہ اسے اپنے نفیس دانتوں کی نمائش مقصود ہے۔ اگر وہ تعریف سن کر ناک بھوں چڑھائے اور ''ہٹئے بھی'' وغیرہ کہے تو سمجھ لیجئے کہ اسے مزید تعریف مقصود ہے۔ اوائلِ محبت میں محبوب سے یہ پوچھنا کہ اسے آپ سے محبت ہے ایسا ہی ہے جیسے کسی ناول کا آخری باب پہلے سے پڑھ لینا۔

اگر محبوب مرد ہے تو یہ بات ضرور نوٹ کیجئے کہ وہ آپ کو نوٹ کر رہا ہے یا نہیں۔ اس کے سامنے کسی عورت کی برائی مت کیجئے ورنہ وہ اس سے متاثر ہوجائے گا۔

جو مرد مونچھوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں وہ خود پسند ہوتے ہیں لیکن جو شیو کرتے ہیں وہ بھی کم خود پسند نہیں ہوتے۔

آپ کی باتیں تب تک غیر موثر ہیں جب تک آنکھ میں آنسو نہیں آتے لہٰذا بیشتر اس کے کہ محبوب کو پتہ چل سکے کہ کیا ہورہا ہے، آپ رونا شروع کردیجئے۔

محبوب جن خواتین کے متعلق بات کرے، بے فکر رہیے — لیکن اگر وہ کسی خاتون کے ذکر سے گریز کرتا ہے تو ہوشیار — خبردار! ممکن ہے کہ دال میں کچھ کالا ہونے کے بجائے ساری دال ہی کالی ہو۔

یہ تو ناممکن ہے کہ آپ راز کسی کو نہیں بتائیں گی لیکن بتاتے وقت یہ کبھی مت کہئے — ''تمہیں قسم ہے جو کسی اور سے کہا ہو تو۔'' اس سے سننے والے کو شبہ ہوگا اور فوراً کسی اور کو بتادیا جائے گا۔

عقل مند محبوب کو قابو میں رکھنا مشکل نہیں۔ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ ایک ہی بار میں سبق سیکھ لیتا ہے لیکن اگر وہ کم عقل ہے تو ذہین سے ذہین عورت کے لئے سنبھالنا محال ہے۔

محبوب سے تبھی ملئے جب اس کی صحت اچھی ہو اور مزاج بخیر ہوں کیوں کہ دانت یا سر کے ذرا سے درد سے دنیا اندھیرا معلوم ہونے لگتی ہے۔

سب جانتے ہیں کہ حسین لوگ اتنے خطرناک نہیں ہوتے جتنے سادہ شکل والے۔ سادہ شکل افراد نشانہ درست کرکے وار کرتے ہیں جب کہ حسین اپنے آپ میں مگن رہتے ہیں۔ انہیں آئینہ دیکھنے سے فرصت نہیں ہوتی۔

اگر محبوب یہ جتائے کہ آپ نوعمر لڑکے ہوتے چلے جارہے ہیں تو سمجھ جائیے کہ آپ بوڑھے ہورہے ہیں۔

یاد رکھیے کہ محبوب کی نگاہوں میں چالیس پینتالیس برس کا نوجوان پچیس تیس سالہ بوڑھے سے کہیں بہتر ہے اور ایسے نوعمر بوڑھے ان دنوں ان گنت ہے۔

(مزید حماقتیں : ارسلان احمد۔ کراچی)

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْک
عمرہ سروس
THE FLYING PEOPLE
تجمل ٹریولز
(پرائیویٹ) لمیٹڈ
D.T.S
TRAVEL AGENTS
TAAP
ASSOCIATION OF PAKISTAN
• بجٹ پیکج
•• اکانومی پیکج
••• سٹار پیکج
ویزہ
ہوٹل / ٹرانسپورٹ
ائیرلائن ٹکٹ
زیارات
عمرہ کی رہنمائی اور تمام ائیرلائن کی سستی ترین ٹکٹ دستیاب ہیں
رانا تجمل حسین
0300-6654211
0321-6680266
طیب طاہر
0336-6333313
0347-7000038
Gole Bhawana &Aminpur Bazar, Faisalabad.
Email:tajammaltravels1@gmail.com
Ph:041-2641904
PIA
Pakistan International
طيران الخليج
GULF AIR
QATAR
AIRWAYS القطرية
airblue
Emirates
flydubai
العربية للطيران
airarabia.com
SHAHEEN AIR

The Secret of a Beautiful Smile

DENTAL innovations Clinic

Dental Implants

Aesthetic Dentistry

Teeth Whitening, Porcelain Crowns, Veneers, Ceramic Restorations

Restorative Dentistry

Crown & Bridge, Root Canal Treatment

Orthodontics

Fixed And Removable Braces, Invisible Braces

General Dentistry

Extractions, Fillings, Dentures

Preventive Dentistry

Pit Fissure Sealants, Scaling, Root Planning

Minor Oral Surgery

Impaction (Wisdom Teeth), Apicectomy

Pediatric Dentistry

Space Maintainers, Steel Crowns

LAHORE

LG 136, Siddiq Trade Center
Main Boulevard Gulberg.
0301 2399991 - 042 2581711
0300 8511747

QUETTA

Balochistan Medical Center
Prince Road / Fatima Jinnah Road,
081 2836448 - 081 2825275
0300 3811747

معمولی حد تک اونچی آواز سنائی دی۔ بارعب لہجہ میں پوچھا، کون ہے؟ بازگشت سنائی دی۔ بادشاہ غصہ ہوگیا کہ آخر کون گستاخ ہے؟ آواز کی سمت چل پڑا۔

پگ ڈنڈی پر چلتے ہوئے تھوڑی دور آیا تو دیکھا کہ ایک مزدور لکڑی کاٹ رہا ہے۔ دھوپ کی تمازت سے چہرہ سرخ اور ماتھے پر پسینے کی بوندیں چمک رہی ہیں۔ مزدور کام میں منہمک آس پاس سے بے خبر تھا۔ ہر بار کلہاڑی ہوا میں بلند کرتا اور زور سے تنے پر مارتا۔ جب پیڑ کٹ گیا تو تنا زمین پر گرنے کے بعد تنے کے ٹکڑے کیے۔ بادشاہ بڑے شوق سے اسے کام کرتے دیکھ رہا تھا۔ کلہاڑی کی ضرب اسے بری نہیں لگ رہی تھی۔ خود سے کہا—— بے چارہ لکڑ ہارا، کتنی سخت گرمی ہے، مگر محنت کر رہا ہے۔ کچھ دیر بعد لکڑ ہارے نے کلہاڑی رکھ دی اور کرتے کے پلو سے چہرہ خشک کرکے درخت کے سہارے ستانے بیٹھ گیا۔ جمائی آئی، پہلو بدلا—— نظر اجنبی پر پڑی تو پوچھا کون ہے؟

بادشاہ مسکرایا اور کہا، بہت تھک گئے ہوگے، کچھ دیر آرام کرلو۔ لکڑ ہارا بولا، جناب آپ نے تو مجھے ڈرا دیا۔ میں سمجھا جنگلات کے افسر ہیں یا کوئی آسیب۔ لیکن آواز سن کر تسلی ہوگئی کہ میری طرح آدمی ہیں—— معلوم ہوتا ہے کہ کبھی مشقت نہیں کی۔

بادشاہ نے سر ہلا کر تائید کی۔ قریب آیا تو لکڑ ہارے نے ہاتھ ملانے کے لئے آگے بڑھایا۔ میری ہاتھوں کی طرح آپ کی ہتھیلی کھردری نہیں۔ آپ درزی ہیں؟

نہیں میں درزی نہیں ہوں۔ کیا اتنی سخت مشقت کے بعد گہری نیند سو جاتے ہو——؟

لکڑ ہارا ہنسا اور بولا—— میں گھنٹوں سوتا ہوں اور نیند اتنی گہری ہوتی ہے کہ کھٹملوں کے کاٹے کا بھی اثر نہیں ہوتا۔ بادشاہ نے بے یقینی سے سر ہلایا۔

یقین نہ کرنے کی کیا بات ہے۔ اگر میں امیر ہوتا تو ہفتہ بھر تک نیند سے نہ جاگتا لیکن غریب آدمی ہوں۔ کام نہیں کروں گا تو گزر بسر کیسے ہوگی۔ بیوی بچے کی کفالت کیسے ہوگی؟ بادشاہ سوچ میں گم اور لکڑ ہارا کام میں مصروف ہوگیا۔

عام آدمی کے بھیس میں بادشاہ نے کہا—— کیا تم نے نہیں سنا کہ ہمارے بادشاہ کو طویل عرصہ سے نیند نہ آنے کا مرض ہے۔

لکڑ ہارا ہنستے ہوئے بولا، سنا ہے اور تعجب بھی ہے۔ بادشاہ کو گزر بسر کے لئے میری طرح سخت محنت نہیں کرنا پڑتی۔ ہر حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔ سونے کے لئے نرم بستر ہے، خدام ہیں—— نیند مگر نہیں آتی۔

بادشاہ خاموش رہا۔ لکڑ ہارا بولا، میرے پاس بادشاہ کی بیماری کا علاج ہے۔

بادشاہ چونک گیا اور بے ساختہ پوچھا، وہ کیا——؟

محنت—— صرف ایک دن بادشاہ لکڑیاں کاٹ لے، اسے معلوم ہوجائے گا کہ نیند کیسے آتی ہے۔

یہ کہتے ہوئے لکڑ ہارا اٹھا—— کافی دیر آرام کرلیا، کام

شروع کر دینا چاہئے ۔ اگر افسر نے باتیں کرتا دیکھ لیا تو نوکری سے نکالنے میں دیر نہیں کرے گا۔

بادشاہ کے ساتھ لکڑ ہارے کی باتیں دل چسپ تھیں ۔ تعجب ہوا کہ معمولی لکڑہارا سکون کی نیند سوسکتا ہے تو بادشاہ کیوں نہیں ؟ کچھ دیر سوچنے کے بعد بولا ،سنو! کلہاڑی مجھے دے دو۔تم تھک گئے ہو۔ میں تمہارا کام کرلیتا ہوں جب تک تم آرام کرلو۔

نا بھائی نا! شام سے پہلے یہ کام ختم کرنا ہے۔اور پھر تم نے تو کبھی محنت نہیں کی، بھلا ایک دن میں درخت کیسے کاٹ لوگے۔غریب مزدور نے جواب دیا۔

بادشاہ بولا، درخت ارادہ سے کٹتا ہے۔ میں ارادہ کر چکا ہوں کہ درخت کاٹنا ہے لہٰذا میں یہ کام کرلوں گا۔ جہاں تک تجربہ نہ ہونے کی بات ہے تو کام کر کے تجربہ ہوجائے گا۔غریب آدمی نے بے یقینی سے دیکھا۔

فکر نہ کرو، جاؤ پیڑ کے سائے میں سوجاؤ۔تم نے کہا ہے کہ تم کہیں بھی سو سکتے ہو۔ دیکھنا چاہتا ہوں کہ کیا واقعی تمہیں نیند آجائے گی۔

آگے بڑھ کر ہاتھ سے کلہاڑی لی اور پیڑ کاٹنا شروع کیا۔لکڑہارا سائے میں لیٹ گیا۔تھوڑی دیر بعد بادشاہ کو خراٹوں کی آواز سنائی دی ،مڑ کر دیکھا تو لکڑ ہارا سو چکا تھا۔حیران ہوا کہ تکیہ، بستر نہ چٹائی لیکن نیند آگئی!

لکڑ ہارے سے وعدہ کیا تھا کہ شام سے پہلے کام مکمل کرلے گا۔لہٰذا لکڑی کاٹنے میں مشغول ہوگیا۔تھوڑی دیر بعد تکان محسوس ہوئی، جسم پسینے میں شرابور ہوگیا ۔ آخر کار پیڑ کٹ گیا۔اس نے تنے کے ٹکڑے کیے۔

بادشاہ نے سکون کا سانس لیا اور کلہاڑی رکھ کر درخت سے پشت لگا کر بیٹھ گیا ۔ ہتھیلیوں میں جلن محسوس ہوئی۔ دیکھا تو ہتھیلیاں سرخ ہورہی تھیں اور جگہ جگہ خراشیں تھیں۔کندھے، کمر اور بازو اکڑ چکے تھے اور ٹیسیں اٹھتی محسوس ہورہی تھیں جیسے درخت کا تنا نہیں، پہاڑ کاٹا ہو۔

بادشاہ نے سوچا کہ لکڑ ہارا روز محنت کرتا ہے یہ سوچے بغیر کہ کام آسان ہے یا مشکل۔ جب کہ میرے پاس ضرورت کی ہر شے موجود ہے۔ میں لکڑ ہارے کی طرح روز لکڑیاں تو نہیں کاٹ سکتا لیکن سیر و تفریح میں وقت صرف کرنے کے بجائے ، رعایا کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے پر کام تو کرسکتا ہوں ۔ ان شعبوں پر توجہ دوں جن سے مملکت کا نظام بہتر ہوسکتا ہے۔ذہن خدمتِ خلق کے کاموں میں مصروف ہونے سے میں سکون سے واقف ہوں گا۔ بادشاہ کا کام سیر و تفریح نہیں، رعایا کی دیکھ بھال ہے۔ نینداس لئے نہیں آتی کہ میں نے اپنے منصب کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ ناانصافی سے اعصابی نظام میں ٹوٹ پھوٹ ہوتی ہے اور زندگی میں توازن قائم نہیں رہتا۔

محاسبہ میں گم بادشاہ کے پپوٹے بھاری ہونے لگے اور آہستہ آہستہ آنکھیں بند ہوگئیں ـــــ وہ بھی لکڑ ہارے

کی طرح گہری نیند سو گیا۔

شام ہوئی۔ افسر آیا اور لکڑ ہارے کے ساتھ اجنبی کو موجود پایا تو بہت غصہ ہوا اور زور سے بولا — کام چور کاہل آدمی، اٹھ! شور سے بادشاہ اٹھ گیا۔

تم کون ہو؟ افسر نے بادشاہ سے پوچھا۔

نیند میں خلل ڈالنے والے شخص کو غور سے دیکھا اور پوچھا، شور کیوں مچا رہے ہو؟ پھر لکڑ ہارے پر نظر ڈالی اور کہا، اسے سونے دو، بہت تھکا ہوا ہے۔

میں کیا کروں اور کیا نہ کروں، تم ہدایت دینے والے کون ہو؟ اس کے بعد افسر تمسخر سے ہنسا اور روکھے انداز میں بولا — میں کون ہوں؟ میں اس جنگل کا سب سے بڑا افسر ہوں۔ سب کچھ میرے اختیار میں ہے۔

بادشاہ کو شدید غصہ آیا۔ افسر کی گردن پکڑ لی اور دانت پیستے ہوئے کہا — دور ہو جاؤ یہاں سے ورنہ وہ حال کروں گا کہ یاد رکھو گے۔ خبردار جو اس آدمی کو جگایا۔

افسر غصہ سے لال پیلا ہو گیا۔ بد دماغ آدمی تھا اور ماتحتوں سے سلوک مناسب نہیں تھا۔ جاتے ہوئے بولا، یاد رکھنا! بدتمیزی کا مزہ ضرور چکھاؤں گا۔

بادشاہ کے محل سے غائب ہونے پر افراتفری مچ گئی۔ سپاہی، خدام سب تلاش میں نکلے۔ کہیں موجود نہ پایا تو جنگل کا رخ کیا۔ جنگل سے ایک آدمی کو نکلتے دیکھا۔ وہ بہت غصہ میں تھا۔ بھاگتا ہوا سپاہیوں کی طرف آیا۔

کیا تم نے بادشاہ کو دیکھا ہے؟ سپاہیوں نے پوچھا۔

نہیں، میں نے بادشاہ کو نہیں دیکھا۔ مگر آپ لوگ میرے ساتھ چلیں۔ میں آپ کو الجھے الجھے بالوں والے اجنبی سے ملواتا ہوں جو اپنے آپ کو بادشاہ سمجھتا ہے۔

سپاہیوں نے حیران ہو کر ایک دوسرے کو دیکھا اور پھر جنگلات کے افسر کے ساتھ وہاں چل دیئے جہاں بادشاہ لکڑ ہارے کے ساتھ موجود تھا۔ سپاہیوں نے دیکھا کہ بادشاہ بیٹھا ہوا ہے اور برابر میں مزدور سو رہا ہے۔

افسر نے غصہ سے بادشاہ کی طرف اشارہ کیا اور بولا، یہ رہا وہ گستاخ —! باقی الفاظ منہ میں ہی رہ گئے۔ گھبرا گیا جب دیکھا کہ تمام سپاہی اس شخص کے سامنے ادب سے جھک گئے۔

سپاہیوں نے کہا — عالی جاہ! آپ کو ہر جگہ تلاش کیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ آپ صحیح سلامت ہمیں مل گئے۔

بادشاہ نے حکم دیا کہ سوتے ہوئے شخص کو محل میں پرسکون کمرے میں، نرم بستر پر لٹا دیں اس طرح کہ نیند خراب نہ ہو۔ پھر سوچتے ہوئے کہا — نہیں رہنے دو۔ اسے سونے دو جب تک کہ یہ خود نہ جاگ جائے۔ جب یہ سو کر اٹھے تو بہترین کھانا کھلاؤ۔ اس شخص نے میری بیماری کا علاج کیا ہے۔ سپاہیوں نے تعجب سے سوتے ہوئے لکڑ ہارے کو دیکھا۔

اس رات محل میں دعوتِ عام کا اہتمام کیا گیا جس میں امیر غریب سب مدعو تھے۔ ہر طرف چراغاں تھا اور سب لوگ خوش تھے۔

گلستان احمد

آدھا شعور آدھا لاشعور

جو فرد سب کے لئے اچھا ہو، وہ کسی کے لئے برا بھی ہوسکتا ہے۔ یہی صورت ہماری ہے۔ ہم ایک وقت میں سب کے ساتھ اچھے اور سب کے ساتھ برے نہیں ہوتے — کسی کے ساتھ اچھے اور کسی کے ساتھ برے ہوتے ہیں — وجہ ذاتی اغراض ہیں۔

ہر ذی فہم واقف ہے کہ دنیا کی زندگی عارضی ہے۔ فرد کہیں سے اس دنیا میں آتا ہے اور مقررہ وقت گزار کر کسی اور دنیا میں منتقل ہو جاتا ہے۔ مردہ جسم کے بارے میں کوئی ایک شخص نہیں کہتا کہ یہ فلاں ہے، سب کہتے ہیں کہ فلاں کی ڈیڈ باڈی ہے۔

سمجھا یہ جاتا ہے کہ وجود میں حرکت غذا سے ہے۔ غذا موجود ہے لیکن پانی ڈیڈ باڈی کے حلق سے نہیں اترتا۔ یہ حقیقت سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ مادی جسم کیا ہے اور وہ کون تھا جس نے اس جسم کو متحرک رکھا۔

فرد کو یہ بھی خیال آتا ہے کہ اپنی مرضی سے دنیا میں آتا ہوں نہ مرضی سے واپس جاتا ہوں۔ اگر مرضی ہوتی تو کبھی اس دنیا سے نہیں آتا اور وہاں نہیں جاتا۔

دنیا سے کوئی جانا نہیں چاہتا جب کہ جانا ضروری ہے۔ جب دنیا میں آنے اور جانے پر اختیار نہیں تو پھر درمیانی وقفہ کیا ہے — ؟

آپ کئی مرتبہ پڑھ چکے ہیں کہ ظاہر اور باطن زندگی کے دو رخ ہیں۔ ظاہر — باطن کے تابع ہے۔ اطلاع باطن سے آتی ہے، ظاہر میں اس پر عمل ہوتا ہے۔ اطلاع میں ذاتی اغراض شامل کر دی جائیں تو یہ تغیر ہے جس سے فکشن پیدا ہوتا ہے۔ یعنی ایک چیز فرض کر لی گئی۔ جو اطلاع آئی، اس میں معنی پہنا دیئے گئے کہ یہ میرے لئے ہے۔

اس کے برعکس حقیقت میں تغیر نہیں ہے۔ اطلاع اصل صورت میں موجود رہتی ہے، ہم اطلاع میں معنی پہنا کر محدود کر دیتے ہیں۔

مادی شعور کسی سے متعلق رائے قائم کرتا ہے، تجربات کے بعد سمجھ میں آتا ہے کہ وہ بندہ قائم کی گئی رائے کے برعکس ہے۔ رائے اس لئے غلط ثابت ہوئی کہ ہم حقیقت سے واقف نہیں۔ مثلاً ایک شخص ایک وقت میں کسی کو اچھا کہتا ہے اور دوسرے دن برا کہہ دیتا

ہے۔اچھایابرا کہنا ذاتی تجربات پر مبنی ہے۔ جو فرد سب کے لئے اچھا ہو، وہ کسی کے لئے برا بھی ہوسکتا ہے۔ یہی صورت ہماری ہے۔ہم ایک وقت میں سب کے ساتھ اچھے اور سب کے ساتھ برے نہیں ہوتے—— کسی کے ساتھ اچھے اور کسی کے ساتھ برے ہوتے ہیں——وجہ ذاتی اغراض ہیں۔کوئی ہمارے ساتھ اچھا کرتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اچھا ہے، برا ہو جائے تو رائے تبدیل ہو جاتی ہے۔ بالآخر بندہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ میری عقل وشعور ناقص ہے،لہٰذا متغیر سوچ سے دست بردار ہو جانا چاہئے۔

فرد خوش ہے،تھوڑی دیر بعد بے چین ہو جاتا ہے۔ دراصل وہ بے چین و بے قرار تھا مگر خود کو خوش ظاہر کیا۔ خوش اس لئے نہیں ہے کہ حقیقی خوشی سے واقف نہیں۔ حقیقی خوشی باطن کی گہرائیوں سے پھوٹتی ہے۔ جب تک بندہ باطن کی طرف متوجہ رہتا ہے،خوشی قائم رہتی ہے۔

مادی شعور مظاہر (کثرت) کی طرف ہمہ وقت متوجہ رہتا ہے اس لئے ذہن منتشر ہوتا ہے۔سوچنا یہ ہے کہ مستقل سکون اور حقیقت آشنا زندگی سے کیسے واقف ہوں——؟

انبیائے کرام اور اولیاء اللہ قرآن کریم کی تعلیمات سے واقف ہیں۔ وہ تعلیم دیتے ہیں کہ آدمی دنیا کی بے ثباتی کو سمجھے اور اس بے ثبات دنیا میں اپنے کردار سے واقف ہو۔ان باتوں پر غور کرنے سے بندہ فانی دنیا کی پیچیدگیوں سے نکلتا ہے۔

زندگی حواس اور فکر کی یک جائی کا نام ہے۔حواس کسی شے کو دیکھتے یا محسوس کرتے ہیں اور فکر اطلاع کے اندر معانی پہناتی ہے۔روز مرہ زندگی میں لفظ ”فکر“ کا استعمال پریشانی کے طور پر ہوتا ہے کہ مجھے تمہاری فکر ہے۔حقیقی طرزوں میں فکر سے مراد پریشانی نہیں ہے بلکہ فکر وہ ایجنسی ہے جس نے جسمانی نظام کو متحرک رکھا ہے۔ اس طرح زندگی رواں دواں رہتی ہے۔

تفکر آگاہ کرتا ہے کہ فکر اور حواس بیداری میں بھی کام کرتے ہیں اور نیند کی دنیا میں بھی۔زندگی دونوں طرزوں میں ہمہ وقت سفر کرتی ہے۔جس طرف متوجہ ہو جائیں وہ حصہ سامنے آجاتا ہے، باقی نگاہوں سے اوجھل رہتا ہے۔

اعمال بیداری میں بھی ہیں اور نیند کی دنیا——خواب میں بھی۔نیند میں جانے کا مطلب یہ ہے کہ بیداری میں حواس کا جو طریق کار تھا وہ معطل ہو گیا۔

خواب کی زندگی کیا ہے اور خواب میں کون سی فکر کام کرتی ہے——؟ بیداری میں اطلاع پانچ بنیادی حواس میں تقسیم ہوتی ہے،خواب میں نہیں ہوتی۔خواب میں مادی اعضا بے حرکت ہوتے ہیں لیکن آدمی وہ سارے کام کرتا ہے جو بیداری میں ہوتے ہیں۔

قرآن کریم نے بیداری یا دن کی زندگی کو نہار اور

خواب یارات کو لیل کا نام دیا ہے۔

''سماوات اور ارض کی تخلیق اور لیل و نہار کے اختلاف میں غور وفکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔'' (آل عمران:۱۹۰)

لیل اور نہار کے مختلف ہونے میں غور کرنے والوں کے لیے ایسی نشانیاں ہیں جن کے ذریعے وہ حقیقت کا کھوج لگا سکتے ہیں اور غصہ، اضطراب، ڈپریشن، عدم تحفظ کے احساس اور موت کے خوف سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ البتہ مادی شعور خود سے راہ نہیں پا سکتا اس لئے کہ وہ مقید ہے۔ اسے راہ نما کی ضرورت ہے جو حق آشنا ہو۔ ابدالِ حق فرماتے ہیں:

''جب ہم آدمی کی پوری زندگی کا تجزیہ کرتے ہیں تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ انسانی عمر کا نصف لاشعور کے اور نصف شعور کے زیر اثر ہے۔ پیدائش کے بعد انسانی عمر کا ایک حصہ غیر شعوری حالت میں گزرتا ہے۔ پھر ہم تمام زندگی میں نیند کا وقفہ شمار کریں تو وہ عمر کی ایک تہائی سے زیادہ ہوتا ہے۔ اگر غیر شعوری عمر اور نیند کے وقفے ایک جگہ جمع کیے جائیں تو پوری عمر کا نصف ہوں گے۔ یہ وہ نصف ہے جس کو انسان لاشعور کے زیر اثر بسر کرتا ہے۔ ایسا کوئی انسان پیدا نہیں ہوا جس نے قدرت کے اس قانون کو توڑ دیا ہو۔ چنانچہ ہم زندگی کے دو حصوں کو لاشعوری اور شعوری زندگی کے نام سے جانتے ہیں۔ یہی زندگی کی دو قسمیں ہیں۔ لاشعوری زندگی کا حصہ لازماً غیر رب کی نفی کرتا ہے اور اس نفی کا حاصل اسے غیر ارادی طور پر جسمانی بیداری کی شکل میں ملتا ہے۔''

کسی کی عمر 70 سال ہے تو پینتیس سال لاشعوری حواس کے زیر اثر اور پینتیس سال شعوری حواس کے زیر اثر گزرتے ہیں۔ غور طلب ہے کہ قدرت نے لاشعوری اور شعوری وقفے برابر کیوں رکھے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو تخلیق فرمایا، نیابت کے علوم منتقل فرمائے، فرشتوں کے سامنے ان علوم کا عملی مظاہرہ کروایا، فرشتوں نے آدمؑ کی حاکمیت کو قبول کیا اور خالقِ کائنات نے حضرت آدمؑ اور بی بی حوا کے رہنے کے لئے جنت کو پسند فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''تم اور تمہاری زوج جنت میں رہو اور جہاں سے چاہو خوش ہو کر وسائل استعمال کرو۔'' (البقرۃ:۳۵)

حضرت آدمؑ جب جنت میں تھے تو لاشعوری حواس غالب اور شعوری حواس مغلوب تھے۔ جنت کی لاشعوری زندگی پر جب ہم غور کرتے ہیں تو مندرجہ ذیل حقیقت واضح ہوتی ہے:۔

★ جنت کی زندگی میں حضرت آدمؑ اپنے اور اللہ تعالیٰ

کے تعلق سے واقف تھے۔

★ جہاں سے چاہو خوش ہو کر کھاؤ کا مطلب ہے کہ ٹائم اور اسپیس حضرت آدمؑ کے تابع تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ہر وقت خوشی اور سرشاری کی کیفیت طاری رہتی تھی۔ خوف، غم اور مصائب سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ وسائل کی محتاجی نہیں تھی۔ بلا محنت و مشقت جہاں سے چاہتے کھاتے پیتے تھے لیکن جب شجرِ ممنوعہ کے پاس گئے تو نافرمانی سے یقین کا پیٹرن ٹوٹ گیا۔ خوشی اور سرشاری کی کیفیت ختم ہوگئی اور قانون کے مطابق ناخوش آدمی جنت میں نہیں رہ سکتا۔ لہٰذا زندگی کا وہ رخ سامنے آیا جس میں حواس محدود ہو جاتے ہیں۔

★ محدود حواس کے غلبہ سے غم والم میں مبتلا ہوئے۔

★ خورد و نوش کے لئے محنت و مشقت کرنا پڑی۔

محدود حواس کے غلبہ کو قرآن کریم نے ''ظلم'' کہا ہے — ظلم نافرمانی ہے۔

تجزیہ سے دن اور رات کے حواس جن کو ہم شعور اور لاشعور کہتے ہیں، کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ رات کے حواس، جنت کی زندگی اور دن کے حواس یہ دنیا ہے۔ رات کے حواس میں ذہنی مرکزیت اللہ وحدہٗ لاشریک کے ساتھ قائم رہتی ہے جب کہ دن کے حواس میں ذہن افرادِ معاشرہ اور مادی اشیا پر مرکوز ہوتا ہے۔

دن کے حواس یا مادی زندگی میں ہم وسائل کو اولیت دیتے ہیں جب کہ رات کے حواس میں وسائل کا درجہ ثانوی ہے۔ ذہن وسائل فراہم کرنے والی ہستی، خالقِ کائنات پر مرکوز ہو جائے تو دن میں رات کے حواس غالب آجاتے ہیں اور لاشعور — فرد کا شعور بنتا ہے۔ لاشعوری زندگی کا حصہ لازماً غیر رب کی نفی کرتا ہے اور اس نفی کا حاصل اسے غیر ارادی طور پر جسمانی بیداری کی شکل میں ملتا ہے۔

سمجھا یہ جاتا ہے کہ خارج سے جو غذا انسان کو ملتی ہے اس سے خون و جسم بنتا ہے۔ یہ قیاس سرے سے غلط ہے۔ دراصل انسان کا لاشعور تصورات کو مادہ کی شکل میں بدل ڈالتا ہے۔ یہی مادہ جسمانی خدوخال اور ثقل کی صورت میں متعارف ہے۔ جب لاشعور کسی وجہ سے تصورات کو مادہ میں منتقل کرنے کا اہتمام نہیں کرتا تو موت واقع ہو جاتی ہے۔

لاشعور سے شعور کو فیڈنگ ملتی ہے۔ خالق و مالک اللہ نے جنت کی آزاد اور خوش کن زندگی ختم نہیں کی بلکہ جنت کے حواس پردہ میں چلے گئے اور مادی حواس کا غلبہ ہو گیا — واضح ہوتا ہے کہ مادی زندگی میں خارج کی طرف متوجہ رہنے سے انرجی کی بہت بڑی مقدار خرچ ہوتی ہے جس کی وجہ سے تھکن غالب ہو جاتی ہے اور آدمی خودکار نظام کے تحت اس زون (نیند) میں جانے پر مجبور ہو جاتا ہے جہاں توانائی کا ذخیرہ ہے۔

نیند میں وہ کاسمک ریز (لاشعوری انرجی) کی ایک خاص مقدار وصول کرتا ہے جس سے خلیات میں ٹوٹ پھوٹ کی مرمت ہوتی ہے۔ رات کے حواس، قدرت کی

طرف سے دن کے حواس کو توانائی بخشنے کا انتظام ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے نوعِ آدم کو علم و ارادہ عطا کیا ہے کہ وہ زندگی کو لاشعور سے رابطہ قائم کر کے بہتر بناتا ہے یا صرف شعور کے زیر اثر رہ کر بدتر زندگی گزارتا ہے۔ شعور میں انہماک بڑھنے سے لاشعور میں زندگی کا وقفہ کم ہو جاتا ہے جب کہ زندگی لاشعور سے آ رہی ہے۔ لاشعور کیا ہے ہم نہیں جانتے جب کہ جانتے ہیں اس لئے کہ زندگی کا نصف شعور میں گزرتا ہے اور نصف لاشعور میں۔ بیداری میں دیکھنا، سمجھنا، قبول کرنا، رد کرنا شعوری طرز ہے جب کہ خواب کی پوری زندگی لاشعور کے تابع ہے۔

لاشعوری وقفہ بڑھا دیا جائے تو روحانی بیداری میسر آتی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ ذہن اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہے۔ معاشرتی ذمہ داریاں پوری کریں لیکن یہ یاد رہے کہ جان ہے تو جسم ہے۔ جان نہ ہو تو جسم محض ڈیڈ باڈی ہے۔ جس ہستی کے امر سے زندگی متحرک ہے، وہ اصل ہے۔ وسائل اس کے تابع ہیں۔ ہماری توجہ وسائل پر ہے لیکن جس نے وسائل عطا کیے ہیں اس ہستی سے ہم غافل ہیں۔

ہم دنیا میں پانچ ہزار سال کی توانائیاں لے کر پیدا ہوتے ہیں مگر شعور میں انہماک زیادہ ہونے سے ساٹھ ستر سال میں خرچ کر دیتے ہیں۔ شعور میں زیادہ انہماک سے لاشعور میں توجہ کم سے کم ہو جاتی ہے۔

بیل بہت لاغر ہے

مسلمان محققین محمد بن زکریا رازی اور ابن سینا ممتاز نفسیاتی معالج ہیں۔ ذہنی امراض کی تشخیص اور علاج کے ایسے طریقے ایجاد کئے جو فرائڈ اور ینگ نے بیسوی صدی میں مریضوں پر آزمائے۔

ایک دفعہ بویہ خاندان کا شہزادہ مجد الدولہ مالیخولیا کے مرض میں مبتلا ہو گیا اور خود کو بیل سمجھنے لگا۔ بیل کی طرح ڈکار لیتا — نہ کھاتا تھا نہ پیتا تھا۔ کہتا تھا کہ مجھے ذبح کر دو۔ بادشاہ بہت فکر مند ہوا۔ شیخ الرئیس ابن سینا کو مریض کی حالت بتائی گئی۔

غور و فکر کے بعد شیخ نے بادشاہ سے کہا میں جو کہوں اس پر عمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا، شہزادہ سے کہہ دیں کہ تمہیں ذبح کرنے کے لئے قصاب آ گیا ہے، تیار ہو جاؤ۔

شیخ نے شہزادہ کے ہاتھ پیر بندھوا دیئے — قصابوں کی طرح چھری پر چھری رگڑ کر آگے بڑھے اور اس کے سینے پر چڑھ کر بیٹھ گئے۔

شہزادہ کے بدن کو ٹٹولا اور کہا — یہ بیل بہت لاغر ہے، ہم اس کو ذبح نہیں کریں گے۔ جب فربہ ہو جائے گا تو ذبح کریں گے، اس کے ہاتھ پاؤں کھول دیئے جائیں۔

اس کے بعد شہزادہ نے کھانا پینا شروع کر دیا۔ رفتہ رفتہ مرض جاتا رہا اور وہ صحت یاب ہو گیا۔

سرورق کی تشریح

’’اللہ وہ ہے جس نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی برسایا، پھر اس کے ذریعہ سے تمہاری رزق رسانی کے لئے طرح طرح کے ثمرات پیدا کیے۔‘‘ (ابراھیم:۳۲)

غور وفکر سے راہ نمائی ملتی ہے کہ پانی وہ جز ہے جس پر تخلیقات کا دارومدار ہے۔ ہر مظہر کی پہچان نقش ونگار سے ہے۔ نقش ونگار فنا و بقا کے مراحل سے گزرتے رہتے ہیں لیکن نوعی پہچان تبدیل نہیں ہوتی۔ مطلب یہ ہے کہ مظہر عارضی ہے اور نقش ونگار، رنگوں کی تقسیم ہے۔ نقش ونگار مادہ ہے جس کو فنا ہے مگر اصل باقی رہتی ہے۔ بیج اس وقت تک نشوونما کے عمل سے نہیں گزرتا جب تک پانی اندر داخل ہوکر سیراب نہ کردے۔ بیج مخصوص پروسیس سے گزر کر درخت بنتا ہے اور درخت میں پورے تقاضے موجود ہوتے ہیں۔ درخت پانی سے پیاس بجھاتے ہیں۔ جب درختوں کا ہجوم ہوجاتا ہے، پیاس میں شدت پیدا ہوجاتی ہے۔ پیاس دراصل لہروں کا مجموعہ ہے۔ لہریں جب تشنگی دور کرنے کے لئے آسمان سے رجوع کرتی ہیں تو بادل ماحول پر چھاجاتے ہیں اور درختوں کی سیرابی کے لئے بارش برستی ہے۔



پانی جس سانچے میں جاتا ہے، اس شکل میں ڈھل جاتا ہے۔ کبھی اونچے درختوں پر لگے ناریل میں ٹھہر جاتا ہے اور کبھی انگور بن جاتا ہے۔ بہت سے درخت اور پودے صحرا میں اگتے ہیں جہاں پانی نظر نہیں آتا، لمبی گردن والا زرافہ بہت کم پانی پیتا ہے۔ کائنات ایسا عجائب خانہ ہے جس میں تخلیق کی بنیاد پانی ہے۔ کتاب ’’نظریۂ رنگ ونور‘‘ میں ہے:

’’جس کائنات کو مادی آنکھ دیکھتی اور پہچانتی ہے اس کی بنیاد روشنی ہے، ایسی روشنی جس کے اندر بہاؤ ہے۔‘‘

حضرت عیسیٰؑ تخلیقی علوم کے تحت مردوں کو زندہ کرتے، پانی اور مٹی سے چڑیا بنا کر پھونک مارتے تو چڑیا میں زندگی دوڑ جاتی اور وہ اڑ جاتی۔ انجیل یوحنا میں حضرت عیسیٰؑ فرماتے ہیں:

''اور جو شخص اس پانی میں سے پیئے گا جو میں اسے دوں گا وہ ابد تک پیاسا نہ ہوگا بلکہ جو پانی میں اسے دوں گا وہ اس میں ایک چشمہ بن جائے گا جو ہمیشہ جاری رہے گا۔''

پانی توانائی ہے۔ توانائی روشنی اور روشنی اللہ کی صفت ہے۔ دراصل روشنی ہی علم ہے۔ ہمارے سامنے علم کی شکل وصورت آئے گی تو وہ ایک طرح کی روشنی ہوگی جو مخصوص رنگوں میں ظاہر ہوتی ہے۔ روح کو روشنیوں کا علم حاصل ہے اس لئے سب سے پہلے روح کو جاننا ضروری ہے۔ (نگہت حیات)

کائنات میں ہر شے سفر کے مرحلے طے کرتی ہے یعنی غیب سے ظاہر اور پھر غیب میں چلی جاتی ہے۔ پانی جب بارش کی شکل میں نزول کرتا ہے تو زمین کے اوپر اور نیچے شہر آباد ہو جاتے ہیں۔ پانی کی خاصیت جذب کرنے اور جذب ہونے کی ہے۔ مختلف سانچوں کے اناج، پھل، ان میں پانی جذب ہو کر مختلف شکلیں بناتا ہے۔ زمین کے اندر زندگی کی ابتدا ہوتی ہے۔ بیج پانی کو جذب کر کے پودے کو جنم دیتا ہے جو اپنی نمو کے مکمل ہونے پر پھل پیدا کرتا ہے جس کو مخلوق استعمال کرتی ہے، پانی مختلف شکلوں میں ڈھل کر مخلوقات کی خدمت کرتا ہے۔ شے کا ایثار — فنائیت ہے جس کے بعد بقا ہے۔ پانی فنا ہوتا ہے تو مختلف صورتوں میں ظاہر ہو جاتا ہے — غائب ہو کر بھی موجود رہتا ہے۔ (ڈاکٹر زبیر احمد)

ہر مخلوق میں مختلف اوصاف نمایاں ہیں۔ کچھ مخلوقات زمین پر چلتی ہیں کچھ زمین کی تہوں میں زندگی گزارتی ہیں۔ بعض ہوا میں اڑتی ہیں اور پانی کی مخلوقات بھی ہیں۔ یعنی بعض میں ثقل کی مقداریں زیادہ ہیں تو بعض میں لطافت نمایاں ہے۔ انبیائے کرام اور برگزیدہ ہستیوں کے واقعات راہ نمائی کرتے ہیں کہ پانی میں عقل وشعور ہے۔ یہ سنتا، سمجھتا اور دیکھتا ہے۔ حضرت موسیٰؑ نے عصا پانی میں داخل کیا تو پانی نے تابع داری کی اور راستہ بن گیا۔ حضرت عمرؓ نے دریائے نیل کو خط لکھا تو وہ سرکشی سے باز آ گیا۔

''اور ہم نے آسمان سے پاک پانی اتارا تاکہ اس کے ذریعے مردہ شہر کو زندہ کردیں۔'' (الفرقان: ۴۸۔۴۹)

پانی کو عموماً بے رنگ کہا جاتا ہے۔ کارخانۂ قدرت میں کوئی شے بے رنگ نہیں ہے۔ پانی کا بھی رنگ ہے جسے مادی شعور بے رنگ کہتا ہے۔ بے رنگی مظاہرہ کرتی ہے تو اتنے رنگ اور ان کی اقسام سامنے آتی ہیں کہ شمار مشکل ہے۔ نکتۂ

فکر یہ ہے کہ اگر وہ رنگ تھے تو پھر ظاہر ہونے سے پہلے کہاں چھپے ہوئے تھے؟

''انسان کو چاہئے کہ اپنے کھانے کی طرف نظر کرلے، بے شک ہم نے پانی برسایا پھر ہم نے
زمین کو چیرا پھاڑا پھر ہم نے اس میں اناج اگایا اور انگور اور ترکاری۔'' (عبس:۲۴-۲۸)

عظیمی صاحب سمندر کو کوزہ میں بند کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ پانی باطن میں نوع اور ظاہر میں رنگ ہے۔
(سید اسد علی)

کائنات آسمانوں اور زمین کا مجموعہ ہے۔ آسمان اطلاع کا سورس ہے۔ زمین اطلاع وصول کر کے مظاہرہ کرتی ہے۔ نزول کے بعد اطلاع صعود کرتی ہے۔ جیسے پانی، بھاپ بن کر اڑ جاتا ہے۔

پانی نزول کرتا ہے تو دریا، تالاب، سمندر، چشموں اور آبشاروں کا حصہ بن جاتا ہے۔ کہیں ذخائر کی شکل میں محفوظ ہوتا ہے اور کہیں انسان، حیوانات، نباتات، جمادات کی زندگی بنتا ہے۔ پانی اطلاع ہے اور فارمولوں سے مرکب ہے۔ پہاڑ، درخت، اناج، پھل، پھول وغیرہ پانی کا مظہر ہیں۔

پانی کا ظاہری رخ، ہائیڈروجن اور آکسیجن سے مرکب ہے۔ یہ عناصر زمین کے خوابیدہ اجزا کو بیدار کر دیتے ہیں۔ پانی بیج میں داخل ہوتا ہے تو بیج میں تغیر شروع ہو جاتا ہے۔ بیج ٹوٹ کر تحلیل ہوتا ہے، ننھی کونپل نمودار ہوتی ہے، کونپل میں شاخیں نظر آتی ہیں۔ جڑوں کے ذریعے پانی کی مسلسل ترسیل اور فضا کے عناصر کی آمیزش ہوتی ہے جس سے مختلف اقسام کی نشوونما ہوتی ہے۔ تمام غذائی عناصر قدرت نے پانی میں جمع کر دیئے ہیں۔

پانی کی صفات کا مظاہرہ، رنگ اور ثقل کی صورت میں ہوتا ہے۔ ہر رنگ کا ذائقہ، خوش بو، غذائیت اور مقداریں الگ ہیں۔ پانی کا باطن روشنی ہے۔ روشنی نزول وصعود کے دائرے میں سفر کرتی ہے۔ روشنی مفہوم رکھتی ہے۔ اس میں تصور اور خدوخال ہیں۔ درحقیقت اطلاعات کے خفیہ کوڈز روشنی میں محفوظ ہیں۔ (زاہدہ تبسم)

سرورق پر غوروفکر سے یہ سمجھ میں آیا کہ دنیا میں آنے کا مقصد اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل کرنا ہے اور عرفان کا راستہ ایثار اور مخلوق کی خدمت ہے۔ سبزیاں، پھل، پودے جب اگتے ہیں تو دوسروں کے کام آتے ہیں۔ ان سب میں بنیادی عنصر پانی ہے۔ پانی کے اندر وسعت ہے، اپنی نفی کرتا ہے، پیاس بجھاتا ہے۔ تفکر نے متوجہ کیا کہ جو چیز یہاں موجود ہے وہ کہیں سے ظاہر ہوئی۔ ظاہر وغیب سے واقف ہونا، زندگی ہے۔ (عدنان نذیر)

کوکب شاہ عالم

قدرتی کیپسول

موسمِ سرما خشک میووں (ڈرائی فروٹ) کی بہار لے کر آتا ہے۔خشک میووں میں چکنائی اور حرارے زیادہ مقدار میں ہوتے ہیں۔کھانے میں اعتدال ہوتو فائدہ مند ہیں۔افادیت کے پیش نظر ماہرین انہیں قدرتی کیپسول کہتے ہیں۔

حالیہ تحقیقات بتاتی ہیں کہ 10 گرام ڈرائی فروٹ کا روزانہ استعمال دل کے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ڈرائی فروٹ کا باقاعدہ استعمال ان بیماریوں سے دور رکھتا ہے جو اموات کا سبب بنتی ہیں۔

کاجو خوش ذائقہ ہے اور گری دار میووں میں بچوں اور بڑوں میں یکساں پسند کیا جاتا ہے۔کاجو کی برفی، مٹھائیوں میں مہنگی اور خوش ذائقہ مٹھائی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ کاجو کا تعلق برازیل سے ہے۔اسے پرتگالی سولھویں صدی میں ہندوستان لائے۔

دس سے بارہ میٹر بلند کاجو کا درخت، زرد مائل رنگ کا گونداور شاخوں سے چار انگشت ٹوپی جیسی کلی نکلتی ہے۔اس میں مخروطی شکل کا پھل لگتا ہے۔سرا پتلا اور بے نوک، چھلکا نرم، اوپر سے سرخ یا زردی مائل، تیز خوش بو اور مغز میٹھا ہوتا ہے۔

کاجو میں شامل چکنائی کو ''اچھی چکنائی'' سمجھا جاتا ہے یہ صحت بخش خشک میوہ ہے۔ قلب سے مربوط شریانوں کے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔کولیسٹرول کی سطح میں کمی کرتا ہے۔

کاجو میں فولاد سے جسم میں خون کی کمی دور ہوتی ہے۔کاجو میں زنک جسم کی افزائش اور مدافعتی نظام کے

لیے مفید ہے۔ اس میں موجود کیلشیم ، تانبا اور مینگنیز ہڈیوں اور عضلات کو مضبوط بناتے ہیں۔ کاجو فاسفورس، زنک، کاپر وٹامن بی اور فولیٹ کے حصول کا ذریعہ ہے۔سردی کے اثرات کو کم کرتا ہے۔

ایک خیال یہ بھی ہے کہ کاجو اور دیگر گری دار میووں کے استعمال سے وزن کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔سو گرام

اوقات میں بات چیت کے دوران وہ حضرت صاحب کا ذکر ضرور کرتا اور میں اس بارے میں مزید پوچھنے سے اجتناب کرتا۔

درد کی شدت کم ہوگئی تھی لیکن زخم گہرے اور کھلے ہوئے تھے جس کی وجہ سے کیڑے پڑنے کا اندیشہ تھا۔ ایک روز صبح اٹھا تو جسم پر کیڑے نظر آئے۔ پریشان ہوگیا۔ کیڑے پورے وجود کو ڈھانپ چکے تھے۔ طبیعت شدید جھنجھلاہٹ اور ہذیان کا شکار تھی۔

نزدیک بڑے سیاہ گول پتھر پر بیٹھ گیا۔ سمجھ نہیں آیا کہ کروں تو کیا کروں۔ ذہن بار بار چنکھا بننے کے خیال پر مرکوز ہوتا کہ میرے لئے کیڑوں سے نجات کی یہ آخری تدبیر تھی۔ خیال نے تکرار کی تو نظر آسمانی بروج پر جم گئی۔

قمر کسر النور (چاند) منزل نعائم یا پوربا کھاؤ میں دمک رہا تھا۔ یہ منزل قمری 12 درجہ، 20 دقیقہ برج قوس سے 26 درجہ 40 دقیقہ برج قوس تک پھیلی ہوئی ہے۔ بابا سونیری کی بتائی ہوئی چالیس حافظہ کی سطح پر روشن ہوگئی تھیں۔ کمی تھی تو فقط بخور کی جس کے دھوئیں میں عمل کرنا تھا۔ بخور کی تیاری کے لئے مشک، لوبان، چنبیلی کی جڑ، سرخ صندل اور بادام کا چھلکا ملنا جناتی ماحول میں ناممکن تھا۔ لہٰذا بخور کے بغیر عمل کی ابتدا کی۔

جناتی فضا میں گھڑگھڑاہٹ کا احساس شدت اختیار کر گیا۔ لگ رہا تھا، زمین پھٹے گی اور آسمان سر پر آگرے گا— مگر یہ میرے محسوسات تھے۔ باہر کی فضا معمول کے مطابق تھی۔ تھوڑی دیر بعد گھڑگھڑاہٹ معمول پر آگئی۔

میں نے آنکھیں کھولیں تو پوتنا میرے سامنے کھڑی ڈنڈوت کر رہی تھی، ”مہاراج کی آگیا کا پالن میرا دھرم ہے۔“

اس کی نظریں جسم پر کلبلاتے کیڑوں پر جمی ہوئی تھیں۔

میں جھنجھلاہٹ کا شکار تھا۔ چنکھا بنتے ہی غضب ناک ہوگیا۔ نگاہ میں وسعت پیدا ہوئی اور آنکھوں سے شعلے نکلتے محسوس ہوئے۔ ارادہ کی قوت سے کیڑوں کو ختم کرتا، وہ پھر پیدا ہوجاتے۔ پوتنا خوف زدہ ہوکر یہ سب دیکھ رہی تھی۔

کیا تیرے پاس کوئی اوپائے ہے—؟

غصہ سے دھاڑا۔

پوتنا لرز گئی۔ اس نے ہاتھ اوپر کئے تو نہایت خوب صورت طشت سامنے آیا۔ طشت پر سڑے ہوئے گوشت کے پارچے رکھے تھے جن سے تعفن اٹھ رہا تھا۔ مشکل سے ابکائی روکی ورنہ قے ہوجاتی۔

غصہ میں زور سے طشت پر ہاتھ مارا تو پوتنا خوف زدہ ہوکر قدموں میں گر گئی۔ کیڑوں کو نظرانداز کرتے ہوئے سر میرے قدموں پر رکھ دیا۔

”مہاراج شما کر دیں“ کی تکرار کے ساتھ وہ اپنا سر

میرے پیروں سے رگڑ رہی تھی۔

مجھ میں فرعون چنکھا کی صورت گھسا ہوا تھا۔ پیروں سے دھکا دے کر خود سے دور کیا ، دفع ہو جا میری نظروں سے — اور وہ غائب ہوگئی۔

باظناریوں نے کیڑوں کی صورت ایسی چوٹ پہنچائی تھی کہ میں بے بس ہوگیا تھا۔ تمام تر طاقت کے باوجود کیڑے میرے وجود کو چاٹ رہے تھے اور میں ان سے جان چھڑانے سے قاصر تھا۔

سڑا ہوا انسانی گوشت ! نہیں ، ہرگز نہیں۔ کسی قیمت پر نہیں ! یہ آواز کیسی تھی جو وجود کی اتھاہ گہرائیوں سے نکل کر اوپر آ گئی تھی۔

میں حمورابی — سحر قلبی ، سحر علوی ، سحر سفلی کے ساتھ طلسمات کا ماہر — اپنے وقت کا بڑا جادوگر کسی بھی صورت میں غلیظ گوشت کھانے سے انکاری تھا لیکن اس وقت بے بس ہوگیا تھا۔

میں اتنا طاقت ور ہو چکا تھا کہ باظناریوں کے قبیلہ سے تن تنہا ٹکرا جاتا مگر موجودہ حالت میں بے بس تھا۔ جو عملیات سیکھے ، وہ سب مجھے کیڑوں سے نجات دلانے سے قاصر تھے۔

کئی بار ذہن میں آیا کہ اندھیروں کی اس سرزمین سے فرار ہو جاؤں مگر اپنے علم میں ماہر ہونے کے باوجود اس وقت میں بے اختیار تھا۔ خود کو بہت کچھ سمجھنے والے لوگوں کی زندگی میں ایسا موڑ آتا ہے جب سب کچھ پاس ہونے کے باوجود وہ خالی ہاتھ ہوتے ہیں۔ اس وقت احساس ہوتا ہے آدمی کتنا با اختیار اور کس حد تک بے اختیار ہے۔ ایسی بند گلی میں تھا کہ آگے بڑھنے کا کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

غصہ کی آگ وجود کو جلا رہی تھی۔ زور سے اچھلتا اور جسم سے جھڑ جانے والے کیڑوں کو پیروں سے مسل دیتا۔

نظر جسم پر پڑتی تو کلبلاتے کیڑے اور بدبو کے بھبکے ہر خیال کا رخ اس نکتہ کی طرف موڑ دیتے۔

اس وقت مسئلہ اس فضا سے نکلنا نہیں بلکہ کیڑوں سے نجات ہے — مگر نجات کا طریقہ مجھے قبول نہیں — میں کیا کروں — میں کیا کروں — ! ہذیانی انداز میں چیختے ہوئے زمین پر بیٹھ گیا۔

کاش بابا سونیری نے سڑی ہوئی اشیا کھانے کی تربیت دی ہوتی تو میں کرب سے دوچار نہ ہوتا۔ سر جھکائے ، پیر پھیلائے شدید ذہنی دباؤ کا شکار گم صم بیٹھا زمین کو گھور رہا تھا کہ پیچھے سے ظربوق کی نرم اور یقین سے بھرپور آواز سماعت سے ٹکرائی۔

حمورابی میرے ساتھ چلو ، میں نے حضرت صاحب سے تمہارے متعلق بات کی ہے۔ وہ تمہیں کیڑوں سے نجات دلا دیں گے۔

کیوں آئے ہو تم ! میری بے بسی کا تماشہ دیکھنے؟

نہیں ! تمہیں بے بسی سے نجات دلانے۔

کون دلائے گا نجات ، کون دلائے گا نجات — !

سڑا ہوا انسانی گوشت مجھے قبول نہیں ، جاؤ کہہ دو اپنے حضرت صاحب سے۔

انہوں نے ایسی کوئی بات نہیں کی ۔ ظربوق نے اطمینان سے جواب دیا۔

کیسے مان لوں کہ ان کے پاس کیڑوں کا علاج ہے۔ چیختے ہوئے بولا۔

یہ کیڑے تو جسم کے باہر ہیں، ان کے پاس تو جسم کے اندر پڑ جانے والے کیڑوں کا بھی علاج ہے۔

ظربوق نے میری ذہنی کیفیت کو سمجھتے ہوئے اطمینان سے جواب دیا۔

یہ وہ کیڑے نہیں ظربوق جن کا علاج تیرے حضرت صاحب کے پاس ہو۔ جا چلا جا، تنہا چھوڑ دے۔ ابھی تو بچہ ہے۔ تو کیا جانے میں کون ہوں—!

تم کون سا بوڑھے ہو۔ میں تو صرف اتنا جانتا ہوں کہ میرے محسن ہو اور اس وقت مشکل میں ہو۔ تمہاری مشکل کا حل میرے حضرت صاحب کے پاس ہے۔

اچھا تو پھر ٹھیک ہے— یہ کہتے ہی میں نے ہاتھ کو مخصوص حرکت دے کر ظربوق کی طرف جھٹکا۔

ظربوق کے دونوں بازو بے جان ہو کر لٹک گئے۔ وہ حیرت اور خوف کی ملی جلی کیفیت کے ساتھ گھورتے ہوئے چیخا، جمورابی یہ تم نے کیا کیا میرے ساتھ۔ وہ خوف زدہ ہوگیا۔

معاف کرنا دوست لیکن اپنے حضرت صاحب کے پاس جاؤ اور بازوؤں کا علاج کرواؤ۔ اگر انہوں نے تمہارے بازو ٹھیک کر دیئے تو میں علاج کے لئے ان کے پاس ضرور جاؤں گا۔ ورنہ کل آ جانا، میں تمہارے بازو ٹھیک کر دوں گا۔

ظربوق کے لئے میرا یہ روپ حیران کن تھا۔ لٹکے ہوئے بازوؤں کو گم صم انداز میں دیکھ کر وہ پلٹ گیا۔

میں ایک مرتبہ پھر تنہا تھا۔ یہ ایسا علاقہ تھا کہ جہاں جگہ جگہ عظیم الجثہ جناتی درخت سر اٹھائے کھڑے تھے۔ چہار سو اندھیروں سے مغلوب ملگجی روشنی کا راج تھا۔

تھکے قدموں سے چلتا ہوا ایک درخت کے تنے سے پشت لگا کر بیٹھ گیا۔ جسم تھکن سے چور اور طبیعت کیڑوں کی کلبلاہٹ سے بیزار تھی۔ ایک طرف بھوک نے بے حال کر دیا تھا اور دوسری طرف ذہنی دباؤ نڈھال کیے ہوئے تھا۔ اندر جنگ جاری تھی۔

بابا سونیری شدت سے یاد آیا۔ اس کے ساتھ زندگی بڑی بے فکری سے گزری تھی۔ سوچوں میں گم تھا کہ نہ جانے کب آنکھ لگ گئی۔ نیند کی وادی میں اترا تو خوابوں کا لامتناہی سلسلہ شروع ہوگیا۔ ایک خواب ختم ہوتا تو دوسرا شروع ہو جاتا۔

خواب علم نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ خواب زندگی کے ساتھ اس طرح منسلک ہے جیسے خیال۔ زندگی خیال کے تابع ہے اور خواب نصف زندگی ہے۔ ہر عمل کا پہلے خیال آتا ہے۔ صبح بیداری سے رات کو

سونے تک شعور حواس کے مادی رخ کی طرف متوجہ رہتا ہے اور خیالات کو طرزِ فکر کے مطابق معنی پہناتا ہے۔ بھوک مٹانے کا خیال آتا ہے تو کوئی حلال چیز کھاتا ہے اور کوئی حرام کھانے میں عار محسوس نہیں کرتا۔ دولت کمانے کا خیال آتا ہے تو کوئی لوگوں کی جیبیں کاٹتا ہے اور کوئی محنت مزدوری کو شعار بناتا ہے۔گویا خیال کی تکمیل طرزِ فکر کی مرہون منت ہے۔

سوال یہ ہے کہ خیال کیا ہے، کہاں سے آتا ہے اور کیوں آتا ہے — ؟

خیال دراصل اطلاعات ہیں۔ اطلاعات کے تصویر خانے کہا جائے تو سمجھنا آسان ہوگا۔اطلاعات کا سورس یا منبع لازمانیت ہے۔اطلاعات کی ترسیل کا عمل نیند اور بیداری دونوں میں جاری رہتا ہے۔ بیداری میں ہم اسے خیال اور نیند کی دنیا میں خواب کہتے ہیں۔

طویل عرصہ کے بعد والدہ صاحبہ کو خواب میں دیکھا۔ میں گہری اندھیری کھائی میں چاروں شانے چت پڑا ہوا تھا۔ ذرا سی حرکت کرتا تو لڑھک کر مزید گہرائی میں چلا جاتا۔کھائی کے کنارے پر والدہ صاحبہ کسی صاحب کی منت سماجت کرتی ہیں۔

وہ صاحب ایک رسی نکال کر یہ کہتے ہوئے میری طرف اچھال دیتے ہیں کہ میرے پاس اس سے زیادہ لمبی رسی نہیں ہے۔

رسی نزدیک پہنچتی ہے مگر میں خوف زدہ تھا کہ اگر ذرا سی حرکت کی تو مزید گہرائی میں چلا جاؤں گا۔

والدہ صاحبہ نے زور سے آواز دی —

رسی پکڑلو نوید عالم! رسی پکڑلو!

میں ہڑبڑا کر نیند سے اٹھ گیا۔

میں کون ہوں — ؟

میں نوید عالم نہیں حمورابی ہوں!

نہیں، نہیں میں نوید عالم ہوں۔

ذہن منتشر تھا مگر والدہ کو خواب میں دیکھ کر ان جانی طمانیت کا احساس ہوا۔توجہ کیڑوں اور زخموں سے ہٹ گئی۔جتنی دیر والدہ کا خیال رہا، میں پرسکون تھا۔ اتنے عرصہ بعد خواب میں ان کو دیکھ کر دل بھر آیا۔

آنسو — جن سے میں ناآشنا ہو چکا تھا بہہ کر گالوں پر آگئے تھے، چہرہ بھیگ چکا تھا۔ماں کو دیکھ کر آنسو رکنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔

محرومیِ دوراں کی جگر سوز فضا میں
بن تیرے میری ہستی فقط وہم و گماں ہے

نہ جانے کب تک آنسو بہاتا رہا۔

دور کہیں سے پتوں کی سرسراہٹ سنائی دی۔ میں سنبھل کر بیٹھ گیا۔آواز رفتہ رفتہ نزدیک آرہی تھی۔

وہ ظربوق تھا لیکن — وہ اکیلا نہیں تھا۔

(قسط:۲۰)

عظیمی

چاند کی کرنوں سے ــــ

گھنے اور لمبے بالوں کی نشوونما

45 سال سے خواتین کا پسندیدہ

روغن گلوسبز

کراچی	021-36039157	فیصل آباد	041-8540132	پشاور	03219110156
حیدرآباد	0222781798	لاہور	03224112737	مانسہرہ	03005621447
میرپورخاص	03133508543	راولپنڈی	051-5169242	مظفرآباد	05822446661
ڈگری	03453700144	اٹک	03135168800	میرپور	03455701558
ملتان	03006338192	ہری پور	03135914147		

سونے کے سکّے

مغل بادشاہ کے ۹ رتن تھے۔ رتن — ہیرے کو کہتے ہیں۔ دانائی کی وجہ سے وہ نو رتن کہلائے۔ نو رتنوں میں ایک رتن بیربل عقل مند، سمجھ دار اور ہنس مکھ تھا۔ ہر مسئلہ کا حل اس کے پاس تھا۔ کوئی ایسا مسئلہ آتا یا بادشاہ ایسا سوال پوچھ لیتا جس کا جواب درباریوں کے پاس نہ ہوتا تو سب بیربل کی طرف دیکھتے — بیربل سب کو لاجواب کر دیتا۔

ایک روز بادشاہ باغ میں سیر کر رہا تھا۔ دیکھا کہ چڑیاں پانی پینے آئی ہیں۔ وہ پانی پی کر اڑیں تو تھوڑی دیر بعد درختوں میں سے ایک اور چڑیوں کا جھنڈ پانی پینے اترا۔

بادشاہ کے ذہن میں سوال آیا۔

بیربل سے پوچھا کہ پورے ہندوستان میں کتنی چڑیاں ہیں — ؟

بیربل نے تھوڑی دیر سوچنے کے بعد جواب دیا، بادشاہ سلامت! ہندوستان میں تیس ہزار چار سو ساٹھ چڑیاں ہیں۔

بادشاہ نے کہا، زیادہ ہوئیں تو — ؟

اعتماد سے کہا، وہ پڑوسی ملک سے آئی ہوں گی۔

اکبر نے پوچھا، تعداد اس سے کم ہوئی پھر — ؟

کہا، اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہندوستانی چڑیاں پڑوسی ملکوں کی سیر کو گئی ہیں۔

بادشاہ مسکرا دیا۔

پیارے بچو! اللہ کی یہ دنیا بہت — بہت بڑی ہے۔ دنیا میں کتنی مخلوقات ہیں، گننا ممکن نہیں۔ کیا آپ پرندے گن سکتے ہیں — ؟

بادشاہ بیربل کی بہت تعریف کرتا تھا۔ درباری حسد کرنے لگے۔ ایک درباری نے جو بادشاہ کا رشتہ دار تھا، مشورہ دیا کہ بیربل کو برطرف کر کے اسے وزارت دی جائے۔ بتایا کہ وہ بیربل سے بہتر ہے اور سنجیدہ طبیعت رکھتا ہے۔

بادشاہ نے کہا کہ وہ اس معاملہ پر غور کرے گا۔

اس سے پہلے کہ بادشاہ فیصلہ لیتا، بات بیربل کے کانوں تک پہنچی۔ سوچا کہ گھر کا معاملہ ہے، پتہ نہیں بادشاہ کیا فیصلہ لیں، خود ہی استعفیٰ دے دیا۔

استعفیٰ منظور ہوا اور بادشاہ کے رشتہ دار کو وزیر بنا دیا گیا۔

نئے وزیر کو آزمانے کے لئے بادشاہ نے تین سو سونے کے سکّے دیئے اور ہدایت کی،

''ان سکّوں کو اس طرح خرچ کرو کہ سو اس سکّے دنیا میں واپس مل جائیں، سو دوسری دنیا میں اور باقی سکّے ، نہ یہاں نہ وہاں ۔''

وزیر الجھن میں پڑ گیا۔ نیندیں اڑ گئیں۔ ذہنی دباؤ بڑھا تو بیگم سے کہا کہ میں پاگل ہو جاؤں گا۔ بیگم نے مشورہ دیا کہ بیربل سے بات کرو۔ وزیر بیربل کے پاس گیا۔ بیربل اطمینان سے بولا، معاملہ سنبھال لوں گا، ایسا کرو کہ سکّے مجھے دے دو۔

بیربل سکّوں کی بوری لے کر شہر میں نکلا۔ وہاں کے معروف سنار کے بیٹے کی بارات جا رہی تھی ۔ سنار کے پاس گیا اور سو سکّے دیتے ہوئے بتایا کہ بادشاہ نے تحفہ بھیجا ہے، ساتھ میں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

سنار بادشاہ کی عنایت پر خوش ہوا۔ مہنگے تحائف اور سونے کے سکّوں کا ایک تھیلا بیربل کو دیتے ہوئے کہا کہ بادشاہ کی خدمت میں پیش کر کے ان کا شکریہ ادا کر دینا۔

